مایوس نہ ہوں اہل زمیں اپنی خطا سے　　تقدیر بدل جاتی ہے مضطر کی دُعا سے



# معمولاتِ اکابِر (مترجم)

1. مناجاتِ مقبول
2. منزل؏ آیاتِ منجیات
3. آیاتِ شفاء
4. حزب البحر
5. معمولاتِ صبح و شام
6. زاد السعید مجموعہ درود شریف


حکیم الامّت مجدّد الملّت حضرت مولانا شاہ محمّد اشرف علی تھانوی صاحب نور اللہ مرقدہ

شیخ العرب والعجم عارف باللہ مجدّد زمانہ حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمّد اختر صاحب رحمۃ اللہ علیہ



خانقاہِ امدادیہ اشرفیہ : گلشنِ اقبال کراچی پاکستان

مایوس نہ ہوں اہل زمیں اپنی خطا سے
تقدیر بدل جاتی ہے مضطر کی دُعا سے

# معمولاتِ اکابر (مترجم)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | مناجاتِ مقبول | منزل ع آیاتِ منجیات | ۲ |
| ۳ | آیاتِ شفاء | حزب البحر | ۴ |
| ۵ | معمولاتِ صبح و شام | زاد السعید | ۶ |


حکیم الامّت مجدّد الملّت حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی تھانوی صاحب نور اللہ مرقدہ

شیخ العرب والعجم عارف باللہ مجددِ زمانہ حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب رحمۃ اللہ علیہ

# ضُروری اِنتباہ

جس طرح خمیرۂ مرواریدکا پُورا فائدہ اس شخص پر مرتب ہوتا ہے جو زہر کھانے سے احتیاط کرتا ہے۔ اسی طرح ان فضائل کا مکمل نفع انہی کو ہوتا ہے جو گناہوں سے بچنے کا اہتمام کرتے ہیں اور اگر کبھی احیاناً خطا ہو گئی تو فوراً استغفار و توبہ سے اس کی تلافی کرتے ہیں۔ لہٰذا اِن اوراد و وظائف کے نفع کامل کے لیے گُناہوں سے بچنے کا اہتمام اشد ضروری ہے۔

العارض

شیخ العرب والعجم عارف باللہ مجددِ زمانہ

حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب رحمۃ اللہ علیہ

قَالَ عَلَیْہِ السَّلَام

اِنَّ الدُّعَاءَ مُخُّ الْعِبَادَۃِ

قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰہِ وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ

# مُناجاتِ مقبول (مترجم)

حکیم الامّت مجدد الملّت حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی تھانوی صاحب نور اللہ مرقدہ

خانقاہِ امدادیہ اشرفیہ: گلشنِ اقبال، کراچی، پاکستان

www.khanqah.org

# ضروری تفصیل


کتاب کا نام : قربات عند اللہ و صلوات الرسول، مُناجاتِ مقبول

مرتب : حکیم الامۃ مجدد الملۃ حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی تھانوی صاحب نور اللہ مرقدہ

اشاعت : ۹ ربیع الثانی ۱۴۴۳ھ بمطابق ۱۵ نومبر ۲۰۲۱ء بروز پیر

ناشر : شعبۂ نشر و اشاعت، خانقاہ امدادیہ اشرفیہ

پوسٹ بکس : 11182 رابطہ: 92.21.34972080+ اور 92.316.7771051

ای میل : khanqah.ashrafia@gmail.com


## قارئین و محبین سے گزارش

اس بات کی حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ حکیم الامت مجدد ملت حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی تھانوی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی کتابوں کی طباعت اور پروف ریڈنگ معیاری ہو۔ الحمد للہ! اس کام کی نگرانی کے لیے خانقاہ امدادیہ اشرفیہ کے شعبۂ نشر و اشاعت میں مختلف علماء اور ماہرین دینی جذبے اور لگن کے ساتھ اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ اس کے باوجود کوئی غلطی نظر آئے تو ازراہِ کرم مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ اشاعت میں درست ہو کر آپ کے لیے صدقۂ جاریہ ہو سکے۔

(مولانا) حکیم محمد اسماعیل
نبیرہ و خلیفہ مجاز بیعت حضرت والا رحمۃ اللہ علیہ
ناظم شعبۂ نشر و اشاعت، خانقاہ امدادیہ اشرفیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ

# پیش لفظ

حضرت حکیم الامّت مجدّد الملّت مولانا محمّد اشرف علی تھانوی نور اللہ مرقدہٗ نے دُعا کی اہمیّت کے پیشِ نظر قرآنِ حکیم اور احادیث مُبارکہ میں جو دُعائیں آئی ہیں ان میں سے چند اہم دعاؤں کو ایک مجمُوعہ میں جمع فرمایا اور اس کو سات منزلوں پر تقسیم فرمایا تاکہ ہر روز اس میں سے ایک منزل تلاوت کر لی جائے۔ اور اس مجموعہ کا نام "قربات عند اللہ وصلوات الرسُول" تجویز فرمایا۔ ان دُعاؤں کو جمع کرنے کی وجہ حضرت تھانوی نوّر اللہ مرقدہٗ یہ تحریر فرماتے ہیں کہ ہم جو دُعائیں خود اپنے الفاظ میں مانگتے ہیں ان الفاظ میں وہ برکت نہیں ہے جو نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم کے ارشاد فرمودہ الفاظ میں ہوگی۔ دوسرے ان میں کبھی شریعت کے خلاف الفاظ ہونے کا بھی امکان ہے اور جو الفاظ قرآن وحدیث میں وارد ہیں ان میں کبھی شریعت کے خلاف الفاظ ہونے کا امکان نہیں ہے نیز اگر ہم قیامت تک بھی سوچیں تو ممکن نہیں کہ ایسے جامع مضامین تجویز کر سکیں۔

"اس لئے بمقتضائے مصلحت و ضرورتِ وقت مناسب معلوم ہوا
کہ جو جامع دُعائیں قرآن و حدیث میں وارد ہیں ان کو جمع کر دیا جائے"

اس کتاب سے استفادہ کرنے والے احباب سے درخواست ہے کہ اپنی دُعاؤں میں اس کتاب کی تیاری میں تعاون کرنے والے احباب کو یاد رکھیں۔

فقط خلیل احمد تھانوی

# اَلْمَنْزِلُ الْاَوَّلُ
## پہلی منزل ہفتہ

## خُطْبَۃٌ
### قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰہِ وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ

اللہ کے ہاں موجبِ قربت (ہے) اور رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی دُعائیں لینے کا ذریعہ (ہے)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

نَحْمَدُكَ یَا خَیْرَ مَأْمُوْلٍ ۞ وَ

ہم تیری حمد کرتے ہیں اے ان سب سے بہتر جن سے امید قائم کی جا سکتی ہے اور

اَکْرَمَ مَسْئُوْلٍ ۞ عَلٰی مَا عَلَّمْتَنَا

اے ان سب سے کریم تر جن سے کچھ طلب کیا جا سکے کہ تو نے ہمیں

مِنَ الْمُنَاجَاةِ الْمَقْبُوْلِ ۞ مِنْ قُرُبٰتٍ

مناجاتِ مقبول سکھائی جو اللہ کے ہاں موجبِ قربت ہے

عِنْدَ اللّٰہِ وَ صَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ ❁ فَصَلِّ

اور رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی دُعائیں سکھائیں۔ تو (یااللہ) اُن (رسول) پر رحمتِ

عَلَيْهِ مَا اخْتَلَفَ الدَّبُوْرُ وَالْقَبُوْلُ ❁

کامل فرما جب تک کہ پچھوا اور پروا ہوائیں چلتی رہیں

وَانْشَعَبَتِ الْفُرُوْعُ مِنَ الْاُصُوْلِ ❁

اور جڑوں سے شاخیں پھوٹتی رہیں۔ اس کے

ثُمَّ نَسْئَلُكَ بِمَا سَنَقُوْلُ ❁ وَ

بعد ہم تجھ سے وہ طلب کرتے ہیں جو ابھی (آگے) عرض کرتے ہیں۔

مِنَّا السُّؤَالُ وَمِنْكَ الْقَبُوْلُ ❁

اور ہمارا کام طلب کرنا ہے اور تیرا کام عطا کرنا۔

وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

قَالَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ

وَقَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اِنَّ الدُّعَآءَ مُخُّ الْعِبَادَةِ

اللہ بزرگ و غالب نے فرمایا ہے کہ تم مجھ سے دُعا مانگا کرو میں قبول کیا کروں گا اور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا کہ دُعا عبادت کا مغز ہے

# اَلْمَنْزِلُ الْاَوَّلُ يَوْمَ السَّبْتِ

پہلی منزل بروز شنبہ (ہفتہ)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ

اے ہمارے پروردگار! ہمیں دُنیا میں (بھی) بھلائی دے اور آخرت میں

حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ رَبَّنَآ اَفْرِغْ

(بھی) بھلائی دے اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا دے۔ اے ہمارے پروردگار! ہمارے

عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا

اوپر صبر انڈیل دے اور ہمارے قدم جما دے اور ہمیں کافر

عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ

لوگوں پر غالب کردے۔ اے ہمارے پروردگار! ہماری پکڑ نہ کر

اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ

اگر ہم بھول جائیں یا چوک جائیں اور اے ہمارے پروردگار! ہمارے اوپر

عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ

بھاری بوجھ نہ رکھ جیسا تو نے ہم سے

مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا

پیشتر کے لوگوں پر رکھا تھا۔ اے ہمارے پروردگار! ہم سے وہ چیز نہ اٹھوا، جس کو

طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۥ وقفہ وَاغْفِرْ لَنَا ۥ وقفہ

ہم آسانی سے نہ اٹھا سکتے ہوں۔ اور ہم سے درگزر کر۔ اور ہمیں بخش دے۔

وَارْحَمْنَا ۥ وقفہ اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى

اور ہمارے اوپر رحم کر۔ تو ہی تو ہمارا مالک ہے، تو ہم کو کافر لوگوں پر

الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا

غالب کردے۔ اے ہمارے پروردگار! ہمارے دل کو ہدایت کرنے کے

بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ

بعد کہیں پھیر نہ دیجیو اور ہمیں اپنے حضور سے (بڑی)

رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝ رَبَّنَآ

رحمت عطا کر۔ بیشک تو بڑا ہی عطا کرنے والا ہے۔ اے ہمارے پروردگار!

اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا

ہم وہ لوگ ہیں جو ایمان لاچکے ہیں سو ہمارے گناہ بخش دے اور ہمیں دوزخ کے

عَذَابَ النَّارِ ۝ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ

عذاب سے بچادے۔ اے ہمارے پروردگار! تو نے یہ (سارا کارخانۂ قدرت)

هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ

یوں ہی بیکار نہیں پیدا کر دیا ہے۔ تو پاک ہے اس سے۔ پس ہمیں دوزخ کے عذاب

النَّارِ ۝ رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ

سے بچادے۔ اے ہمارے پروردگار! تو نے جسے دوزخ میں ڈالا

فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ

بس اُسے رُسوا ہی کر ڈالا ، اور سیاہ کاروں کا

اَنْصَارٍ ۝ رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا

ہمدرد کوئی بھی نہیں۔ اے ہمارے پروردگار! ہم نے تو ایک پکارنے والے کو

يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ

ایمان کیلئے پکارتے ہوئے سنا کہ اپنے پروردگار پر ایمان لے آؤ

فَاٰمَنَّا ۖ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ

او رہم ایمان لے آئے۔ اے ہمارے پروردگار! اب ہمارے گناہ بخش دے اور ہماری برائیوں کو

عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ۝ رَبَّنَا

اُتار دے، اور ہمارا خاتمہ نیکوں کے ساتھ کر۔ اے ہمارے پروردگار!

وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا

ہمیں وہ عطا کر جو تو نے اپنے پیغمبروں کی معرفت ہم سے وعدہ کیا۔ اور ہمیں قیامت

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۗ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝

کے دن رسوا نہ کرنا۔ بے شک تو (ہرگز) وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا ۫ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا

اے ہمارے پروردگار! ہم نے خود اپنے اوپر ظلم کئے ہیں۔ اور اگر تو ہی ہمیں نہ بخشے گا

وَتَرْحَمْنَا لَنَكُونَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ○

اور ہم پر رحمت نہ کرے گا، توہم تو یقیناً نامرادوں میں سے ہوجائیں گے۔

رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّ تَوَفَّنَا

اے ہمارے پروردگار! ہم پر صبر ڈال دے اور ہمیں اسلام ہی کی حالت پر

مُسْلِمِيْنَ ○ اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا

موت دے۔ تو ہی ہمارا پروردگار ہے پس تو ہمیں بخش دے

وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الْغٰفِرِيْنَ ○

اور توہم پر رحمت کر، اور تو ہی سب سے بہتر بخشنے والا ہے۔

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ

اے ہمارے پروردگار! ہم کو ظالم لوگوں کا ہدف

الظّٰلِمِيْنَ ۙ○ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ

نہ بنائیو، اور ہمیں اپنے رحم وکرم سے

الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ

کافر لوگوں سے چھڑا لیجیو۔ اے آسمان و

وَالْاَرْضِ قف اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ

زمین کے پیدا کرنے والے،تو ہی میرا رفیق دنیا اور آخرت میں رہیو۔

تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ○

مجھ کو اسلام پر موت دیجئے اور مجھے نیکوں کے ساتھ شامل کیجئے۔

رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ

اے میرے پروردگار! مجھے اور میری نسل کو بھی نماز درست رکھنے والا

ذُرِّیَّتِیْ ق صلے رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ○ رَبَّنَا

کردے۔ اے ہمارے پروردگار! میری دُعا قبول کرلے۔ اے ہمارے پروردگار!

اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ

مجھے اور میرے ماں باپ کو اور کل مومنین کو بخش دیجئو، جس دن

یَقُوْمُ الْحِسَابُ ○ رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا

کہ حساب قائم ہو۔ اے میرے پروردگار! میرے والدین پر رحمت کیجئے، جیسا کہ

رَبَّیٰنِیْ صَغِیْرًا ○ رَبِّ اَدْخِلْنِیْ

انہوں نے مجھ چھوٹے کو پالا۔ اے میرے پروردگار! مجھے اندر بھی

مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ
صاف لے جا اور مجھے باہر بھی صاف
صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ
نکال لا۔ اور میرے حق میں اپنے پاس سے
سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا۝ رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ
ایک مدد دینے والی قوت تجویز کردے۔اے ہمارے پروردگار! ہمیں اپنے
لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا
حضور سے رحمت (خاصہ) عنایت کر، اور ہمارے مقصد میں کامیابی کا سامان
رَشَدًا۝ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ۝
بہم پہنچا دے۔ اے میرے پروردگار! میرا سینہ کھول دے
وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ۝ وَاحْلُلْ عُقْدَةً
اور مجھ پر میرا کام آسان کردے، اور میری زبان سے
مِّنْ لِّسَانِيْ۝ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ۝ رَبِّ
گنجلک کھول دے، کہ میری بات کو لوگ سمجھ لیں۔اے میرے پروردگار!

زِدْنِیْ عِلْمًا ۝ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ

مجھے علم میں بڑھا۔ مجھے دُکھ نے ستایا ہے، اور تو

اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۝ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا

سب سے بڑا مہربان ہے۔ اے میرے پروردگار! مجھے اکیلا نہ چھوڑیو

وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ۝ رَبِّ اَنْزِلْنِیْ

اور سب سے اچھا وارث تو ہی ہے ۔ اے میرے پروردگار! مجھے

مُنْزَلًا مُّبٰرَکًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ ۝

مبارک جگہ میں اتار، اور تو ہی سب سے بہتر اتارنے والا ہے۔

رَبِّ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّیٰطِیْنِ ۝لا

اے میرے پروردگار! میں شیطانوں کی چھیڑ سے تیری پناہ چاہتا ہوں

وَاَعُوْذُ بِکَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ ۝ رَبَّنَآ

اور اس سے بھی تیری پناہ چاہتا ہوں کہ وہ میرے پاس آئیں۔ اے ہمارے پروردگار!

اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ

ہم ایمان لے آئے، پس تو ہمیں بخش دے اور ہم پر رحمت کر، اور تو سب مہربانوں

الرّٰحِمِيْنَ ۝ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ

سے بہتر ہے۔ اے ہمارے پروردگار! عذابِ دوزخ

جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ۝

کو ہم سے پھیرے رکھ، کہ اس کا عذاب تو چمٹ جانے والا ہے۔

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا

اے ہمارے پروردگار! ہمیں ہماری ازواج واولاد کی طرف سے

قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ۝

آنکھوں کی ٹھنڈک عطا کر، اور ہمیں پرہیز گاروں کا پیشوا بنا دے۔

رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ

اے میرے پروردگار! مجھے توفیق دے کہ میں شکرادا کروں تیرے اس احسان کا

اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ

جو تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر کیا، اور یہ کہ

اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَدْخِلْنِيْ

میں نیک عمل کروں جو تو پسند کرے اور تو مجھے

بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ۝

اپنے رحم وکرم سے اپنے صالح بندوں میں داخل کردے۔

رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ

اے میرے پروردگار! میں اس بھلائی کا جوتو میری طرف اُتارے

فَقِيْرٌ ۝ رَبِّ انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ

محتاج ہوں۔ اے میرے پروردگار! مجھے مفسد لوگوں پر

الْمُفْسِدِيْنَ ۝ رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ

غالب کردے۔ اے ہمارے پروردگار! تیری رحمت اور تیرا علم

رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا

ہر شے پر محیط ہے۔ تو ان لوگوں کو جنہوں نے توبہ کی

وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ

اور جو تیری راہ پر چلے، انہیں بخش دے۔ اور انہیں دوزخ کے عذاب

الْجَحِيْمِ ۝ رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ

سے بچا دے۔ اے ہمارے پروردگار! انہیں ہمیشگی کی جنتوں میں

عَدۡنِ ۣ الَّتِيۡ وَعَدۡتَّهُمۡ وَمَنۡ صَلَحَ

داخل کر جن کا تونے اُن سے وعدہ کیا ہے۔ اور ان کو بھی جو کوئی ان کے باپ

مِنۡ اٰبَآئِهِمۡ وَاَزۡوَاجِهِمۡ وَذُرِّيّٰتِهِمۡ

دادوں میں سے اور ان کی بیویوں میں سے اور ان کی اولاد میں سے نیک ہو۔

اِنَّكَ اَنۡتَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ۝ وَقِهِمُ

بیشک تو ہی زبردست ہے، حکمت والا ہے۔ اور انہیں خرابیوں

السَّيِّاٰتِ ؕ وَمَنۡ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوۡمَئِذٍ

سے بچا دے، اور جس کو تونے اس دن خرابیوں سے بچا لیا

فَقَدۡ رَحِمۡتَهٗ ؕ وَذٰلِكَ هُوَ الۡفَوۡزُ الۡعَظِيۡمُ ۝

اس پر تونے (بڑا) رحم کیا، اور یہی بڑی کامیابی ہے۔

وَاَصۡلِحۡ لِيۡ فِيۡ ذُرِّيَّتِيۡ ۚ اِنِّيۡ تُبۡتُ اِلَيۡكَ

اور میری اولاد میں صلاحیت (نیکی کی) دے۔ میں نے تیری طرف رجوع کیا

وَاِنِّيۡ مِنَ الۡمُسۡلِمِيۡنَ ۝ اَنِّيۡ مَغۡلُوۡبٌ

اور میں فرمانبرداروں میں سے ہوں۔ میں ہارا ہوا ہوں

فَانْتَصِرْ ۝ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ

پس تو میرا بدلہ لے لے۔ اے ہمارے پروردگار! ہمیں اور ہمارے ان بھائیوں کو

سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا

جو ایمان میں ہمارے پیشرو ہیں، بخش دے، اور ہمارے دلوں میں

غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ

ایمان والوں کے ساتھ کدورت نہ ہونے دے۔ اے ہمارے پروردگار! تو بڑا شفیق

رَّحِيْمٌ ۝ رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا

ومہربان ہے۔ اے ہمارے پروردگار! ہم نے تجھی پر بھروسہ کیا، اور تیری طرف ہم رجوع ہوئے

وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً

اور تیری ہی طرف لوٹنا ہے۔ اے ہمارے پروردگار! ہمیں کافر لوگوں کا

لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ

ہدفِ ستم نہ بنا، اور ہمیں اے پروردگار! بخش دے، بیشک تو ہی زبردست ہے،

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا

حکمت والا ہے۔ اے ہمارے پروردگار! ہمارے لئے ہمارا نور کامل کردے

وَاغْفِرْلَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

اور ہمیں بخش دے، بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

رَبِّ اغْفِرْلِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ

اے میرے پروردگار! بخش دے مجھ کو اور میرے والدین کو اور اس کو بھی جو میرے گھر میں

مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۭ اَللّٰهُمَّ

مومن ہو کر داخل ہوا اور سارے مومن مردوں اور عورتوں کو بھی۔ یا اللہ!

اغْسِلْ خَطَايَايَ بِمَآءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّ

میرے گناہوں کو برف اور اولے کے پانی سے دھو دے اور میرے دل کو

قَلْبِيْ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ

گناہوں سے (ایسا) پاک کردے، جیسا کہ سفید کپڑا

الْاَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ وَبَاعِدْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ

میل سے پاک کیا جاتا ہے اور مجھ میں اور میرے گناہوں کے

خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَّ بَيْنَ الْمَشْرِقِ

درمیان ایسا فاصلہ کردے، جیسا کہ مشرق و مغرب میں تونے

وَالْمَغْرِبِ ۞ اَللّٰهُمَّ اٰتِ نَفْسِيْ تَقْوٰهَا

فاصلہ رکھا ہے۔ یااللہ! میرے نفس کو اس کی پرہیز گاری عطا کر

وَزَكِّهَآ اَنْتَ خَيْرُ مَنْ زَكّٰهَآ اَنْتَ وَلِيُّهَا

اور اُسے پاک کردے تو ہی اس کو سب سے بہتر پاک کرنے والا ہے، تو ہی اس کا مالک

وَمَوْلَاهَا ۞ اِنَّا نَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَئَلَكَ

اور آقا ہے۔ ہم تجھ سے وہ سب بھلائیاں مانگتے ہیں

مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۞

جو تجھ سے تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے مانگی ہیں۔

اِنَّا نَسْأَلُكَ عَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ وَمُنْجِيَاتِ

ہم تجھ سے مانگتے ہیں مغفرت کے اسباب اور نجات دینے

اَمْرِكَ وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ وَّالْغَنِيْمَةَ

والے کام اور ہر گناہ سے بچاؤ اور ہر نیکی کی

مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَالنَّجَاةَ مِنَ

لوٹ اور بہشت میں اپنا پہنچنا، اور دوزخ سے

النَّارِ ۞ اَسْأَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا ۞ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ

نجات پانا۔ میں تجھ سے طلب کرتا ہوں علم کارآمد۔ یااللہ! بخش دے

ذُنُوْبِيْ خَطَئِيْ وَعَمْدِيْ ۞ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ

میرے گناہ نادانستہ اور دانستہ۔ یااللہ! بخش دے

خَطِيْئَتِيْ وَجَهْلِيْ وَاِسْرَافِيْ فِيْٓ اَمْرِيْ

میری خطا اور نادانی اور میری زیادتی میرے بارے میں

وَمَآ اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ ۞ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ

اور وہ بھی جو تو مجھ سے بڑھ کر جانتا ہے۔ یااللہ! بخش دے

جِدِّيْ وَهَزْلِيْ ۞ اَللّٰهُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ

جو (گناہ) مجھے مقصود تھا اور جو غیر مقصود تھا۔ یااللہ! دلوں کے پھیرنے والے

صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰى طَاعَتِكَ ۞ اَللّٰهُمَّ

ہمارے دل اپنی اطاعت کی طرف پھیر دے۔ یااللہ!

اهْدِنِيْ وَسَدِّدْنِيْ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْأَلُكَ

مجھے ہدایت دے اور مجھے استوار رکھ۔ یااللہ! میں مانگتا ہوں تجھ سے

الْهُدٰى وَالتُّقٰى وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰى ۞

ہدایت اور پرہیز گاری اور پارسائی اور سیر چشمی۔

اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِيْ دِيْنِيَ الَّذِيْ هُوَ

یااللہ! میرا دین درست رکھ جو

عِصْمَةُ اَمْرِيْ وَاَصْلِحْ لِيْ دُنْيَايَ

میرے حق میں بچاؤ ہے اور میری دُنیا درست رکھ

الَّتِيْ فِيْهَا مَعَاشِيْ وَاَصْلِحْ لِيْ اٰخِرَتِيَ

جس میں میری معاش ہے اور میری آخرت درست رکھ

الَّتِيْ فِيْهَا مَعَادِيْ وَاجْعَلِ الْحَيٰوةَ

جہاں مجھے لوٹنا ہے۔ اور زندگی کو میرے حق میں

زِيَادَةً لِّيْ فِيْ كُلِّ خَيْرٍ وَّاجْعَلِ

ہر بھلائی میں ترقی، اور موت کو

الْمَوْتَ رَاحَةً لِّيْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ ۞

میرے حق میں ہر برائی سے امن بنا دے۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ وَعَافِنِيْ

یااللہ! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحمت کر اور مجھے چین دے

وَارْزُقْنِيْ ❁ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ

اور مجھے رزق دے۔ یااللہ! میں تیری پناہ پکڑتا ہوں

مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْجُبْنِ

کم ہمتی سے اور سستی سے، اور بزدلی سے

وَالْهَرَمِ وَالْمَغْرَمِ وَالْمَأْثَمِ

اور انتہائی کبرسنی سے اور قرضہ سے اور گناہ سے

وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ وَفِتْنَةِ النَّارِ

اور عذابِ دوزخ سے اور دوزخ کے فتنہ سے

وَفِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَشَرِّ

اور قبر کے فتنہ سے اور قبر کے عذاب سے اور مالداری کے

فِتْنَةِ الْغِنٰى وَشَرِّ فِتْنَةِ الْفَقْرِ

برے فتنہ سے اور محتاجی کے برے فتنہ سے

وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ

اور مسیح دجال کے برے فتنہ سے

وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ وَمِنَ

اور زندگی و موت کے فتنہ سے اور

الْقَسْوَةِ وَالْغَفْلَةِ وَالْعَيْلَةِ وَالذِّلَّةِ

سخت دلی سے اور غفلت اور تنگدستی سے اور ذلت سے

وَالْمَسْكَنَةِ وَالْكُفْرِ وَالْفُسُوْقِ وَالشِّقَاقِ

اور بیچارگی سے اور کفر سے اور فسق سے اور ضدا ضدی سے

وَالسُّمْعَةِ وَالرِّيَآءِ وَمِنَ الصَّمَمِ وَالْبَكَمِ

اور (لوگوں کے) سناوے سے اور دکھاوے سے اور بہرہ پن سے اور گونگے پن سے

وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ وَسَيِّئِ الْاَسْقَامِ

اور جنون سے اور جذام سے اور بری بیماریوں سے

وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَمِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ

اور بارِ قرضہ اور فکر سے اور غم سے

وَالْبُخْلِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ وَمِنْ اَنْ

اور بخل سے اور لوگوں کے دباؤ سے اور اس سے کہ

اُرَدَّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ وَفِتْنَةِ

ناکارہ عمر تک پہنچوں اور دُنیا کے

الدُّنْيَا وَمِنْ عِلْمٍ لَّا يَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ

فتنہ سے اور اس علم سے جو نفع نہ دے، اور اس دل سے

لَا يَخْشَعُ وَمِنْ نَّفْسٍ لَّا تَشْبَعُ

جس میں خشوع نہ ہو اور اس نفس سے جو سیر نہ ہو

وَمِنْ دَعْوَةٍ لَّا يُسْتَجَابُ لَهَا ۞

اور اس دُعا سے جو قبول نہ ہو۔

وما النصر الا من عند الله

# اَلْمَنْزِلُ الثَّانِی

## دوسری منزل اتوار

## خُطْبَۃٌ

قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰہِ وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ

اللہ کے ہاں موجبِ قربت (ہے) اور رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی دُعائیں لینے کا ذریعہ (ہے)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

نَحْمَدُكَ يَا خَيْرَ مَأْمُوْلٍ ۞ وَ

ہم تیری حمد کرتے ہیں اے ان سب سے بہتر جن سے امید قائم کی جاسکتی ہے اور

اَكْرَمَ مَسْئُوْلٍ ۞ عَلٰى مَا عَلَّمْتَنَا

اے ان سب سے کریم تر جن سے کچھ طلب کیا جاسکے کہ تو نے ہمیں

مِنَ الْمُنَاجَاةِ الْمَقْبُوْلِ ۞ مِنْ قُرُبٰتٍ

مناجاتِ مقبول سکھائی جو اللہ کے ہاں موجبِ قربت ہے

عِنْدَ اللّٰهِ وَ صَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ ❁ فَصَلِّ

اور رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی دُعائیں سکھائیں۔ تو (یااللہ) اُن (رسول) پر رحمتِ

عَلَيْهِ مَا اخْتَلَفَ الدَّبُوْرُ وَالْقَبُوْلُ ❁

کامل فرما جب تک کہ پچھوا اور پروا ہوائیں چلتی رہیں

وَانْشَعَبَتِ الْفُرُوْعُ مِنَ الْاُصُوْلِ ❁

اور جڑوں سے شاخیں پھوٹتی رہیں۔ اس کے

ثُمَّ نَسْئَلُكَ بِمَا سَنَقُوْلُ ❁ وَ

بعد ہم تجھ سے وہ طلب کرتے ہیں جو ابھی (آگے) عرض کرتے ہیں۔

مِنَّا السُّؤَالُ وَمِنْكَ الْقَبُوْلُ ❁

اور ہمارا کام طلب کرنا ہے اور تیرا کام عطا کرنا۔



# اَلْمَنْزِلُ الثَّانِیْ یَوْمَ الْاَحَدِ

دوسری منزل بروز یکشنبہ (اتوار)

رَبِّ اَعِنِّیْ وَلَا تُعِنْ عَلَیَّ وَانْصُرْنِیْ

اے میرے پروردگار! میری مدد کر اور میری مخالفت میں کسی کی مدد مت کر اور مجھے فتح دے

وَلَا تَنْصُرْ عَلَیَّ وَامْکُرْ لِیْ وَلَا تَمْکُرْ

اور کسی کو میرے اوپر غالب نہ کر اور میرے حق میں تدبیر کر اور میرے مقابلہ میں

عَلَیَّ وَاهْدِنِیْ وَیَسِّرِ الْهُدٰی لِیْ وَانْصُرْنِیْ

کسی کی تدبیر نہ چلا اور مجھے ہدایت کر اور میرے لئے ہدایت کو آسان کر دے اور اس کے مقابلہ میں

عَلٰی مَنْ بَغٰی عَلَیَّ رَبِّ اجْعَلْنِیْ لَکَ

مجھے مدد دے جو مجھ پر زیادتی کرے۔ اے میرے پروردگار! مجھے ایسا کر دے کہ میں

ذَکَّارًا لَّکَ شَکَّارًا لَّکَ رَهَّابًا لَّکَ

تجھے بہت یاد کیا کروں، تیرا بہت شکر ادا کیا کروں، تجھ سے بہت ڈرا کروں

مِطْوَاعًا لَّکَ مُطِیْعًا اِلَیْکَ مُخْبِتًا

تیری بہت فرمانبرداری کیا کروں، تیرا بہت مطیع رہوں، تجھی سے سکون پانے والا رہوں،

اِلَيْكَ اَوَّاهًا مُّنِيبًا ۞ رَبِّ تَقَبَّلْ

تیری ہی طرف متوجہ ہونے والا، رجوع ہونے والا رہوں، اے میرے پروردگار!

تَوْبَتِيْ وَاغْسِلْ حَوْبَتِيْ وَاَجِبْ دَعْوَتِيْ

میری توبہ قبول کر اور میرے گناہ دھو دے، اور میری دُعا قبول کر

وَثَبِّتْ حُجَّتِيْ وَسَدِّدْ لِسَانِيْ وَاهْدِ

اور میری حجت (دینی) قائم رکھ اور میری زبان درست رکھ اور میرے دل کو

قَلْبِيْ وَاسْلُلْ سَخِيْمَةَ صَدْرِيْ ۞

ہدایت پر رکھ اور سینہ کی کدورت کو نکال دے

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلَنَا وَارْحَمْنَا وَارْضَ

یااللہ! ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم کر اور ہم سے راضی

عَنَّا وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ وَنَجِّنَا مِنَ

ہوجا، اور ہمیں بہشت میں داخل کر اور ہمیں دوزخ سے

النَّارِ وَاَصْلِحْ لَنَا شَأْنَنَا كُلَّهٗ ۞

بچا دے اور ہمارے حال سب درست کر دے۔

اَللّٰھُمَّ اَلِّفْ بَیْنَ قُلُوْبِنَا وَاَصْلِحْ

یااللہ! ہمارے دلوں میں اُلفت دے اور ہمارے آپس کے

ذَاتَ بَیْنِنَا وَاھْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ

تعلقات درست کر دے۔ اور ہمیں سلامتی کے راستے دکھا

وَنَجِّنَا مِنَ الظُّلُمَاتِ اِلَی النُّوْرِ

اور ہمیں اندھیروں سے نور کی طرف نکال لا

وَجَنِّبْنَا الْفَوَاحِشَ مَا ظَھَرَ مِنْھَا

اور ہمیں بے حیائیوں سے جو ان میں سے ظاہری ہوں

وَمَا بَطَنَ وَبَارِكْ لَنَا فِیْٓ اَسْمَاعِنَا

اور باطنی ہوں (دونوں سے) الگ رکھ اور ہمیں برکت دے ہماری سماعتوں میں

وَاَبْصَارِنَا وَقُلُوْبِنَا وَاَزْوَاجِنَا

اور ہماری بینائیوں میں اور ہمارے دلوں میں اور ہماری بیویوں میں

وَذُرِّیّٰتِنَا وَتُبْ عَلَیْنَآ اِنَّكَ اَنْتَ

اور ہماری اولادوں میں، اور ہماری توبہ قبول کر، بیشک تو ہی تو

التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ وَاجْعَلْنَا شَاكِرِيْنَ

توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے، اور ہمیں اپنی نعمتوں کا شکر گزار

لِنِعْمَتِكَ مُثْنِيْنَ بِهَا قَابِلِيْهَا

اور ثنا خواں بنا، اور نعمتوں کے قابل بنا

وَاَتِمَّهَا عَلَيْنَا ❁ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْأَلُكَ

اور انہیں ہم پر پورا کر۔ یا اللہ! میں تجھ سے

الثَّبَاتَ فِي الْاَمْرِ وَاَسْأَلُكَ عَزِيْمَةَ

ثابت قدمی طلب کرتا ہوں امور (دین) میں اور تجھ سے اعلیٰ صلاحیت

الرُّشْدِ وَاَسْأَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ

طلب کرتا ہوں اور تجھ سے تیری نعمتوں کے شکریہ کی توفیق

وَحُسْنَ عِبَادَتِكَ وَاَسْأَلُكَ لِسَانًا

اور حسن عبادت چاہتا ہوں اور تجھ سے مانگتا ہوں سچی

صَادِقًا وَّقَلْبًا سَلِيْمًا وَّخُلُقًا

زبان اور قلب سلیم اور اخلاق

مُّسْتَقِيْمًا وَّاَسْاَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا

صحیح، اور تجھ سے وہ بھلائی مانگتا ہوں جس کو

تَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُكَ مِمَّا تَعْلَمُ اِنَّكَ

تو جانتا ہے اور تجھ سے اس گناہ سے معافی چاہتا ہوں جس کو تو جانتا ہے۔ بیشک

اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۞ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ

تو ہی ہر غیب کا جاننے والا ہے۔ اللہ مجھے بخش دے

مَا قَدَّمْتُ وَمَآ اَخَّرْتُ وَمَآ اَسْرَرْتُ

جو کچھ میں نے پہلے کیا اور جو کچھ بعد میں کیا، اور جو کچھ میں نے پوشیدہ کیا

وَمَآ اَعْلَنْتُ وَمَآ اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ ۞

اور جو کچھ اعلانیہ کیا اور اس کو بھی جو تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا

یا اللہ! ہمیں اپنی خشیت سے اتنا حصہ دے کہ

تَحُوْلُ بِهٖ بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَعَاصِيْكَ

ہمارے اور گناہوں کے درمیان حائل ہو جائے۔

وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهٖ

اور اپنی اطاعت سے اتنا حصہ دے کہ تو ہمیں اس کے ذریعہ سے

جَنَّتَكَ وَمِنَ الْيَقِيْنِ مَا تُهَوِّنُ

اپنی جنت میں پہنچا دے۔ اور یقین سے اتنا حصہ دے کہ اس سے

بِهٖ عَلَيْنَا مَصَآئِبَ الدُّنْيَا وَمَتِّعْنَا

تو ہم پر دُنیا کی مصیبتیں آسان کردے اور ہماری

بِأَسْمَاعِنَا وَأَبْصَارِنَا وَقُوَّتِنَا مَآ

ساعتیں اور ہماری بینائیاں اور ہماری قوت کو کام کا رکھ

أَحْيَيْتَنَا وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنَّا

جب تک تو ہمیں زندہ رکھے اور اس کی خیر کو ہمارے بعد باقی رکھنا

وَاجْعَلْ ثَأْرَنَا عَلٰى مَنْ ظَلَمَنَا

اور ہمارا انتقام اس سے لے جو ہم پر ظلم کرے

وَانْصُرْنَا عَلٰى مَنْ عَادَانَا وَلَا تَجْعَلْ

اور ہمیں اُس پر غلبہ دے جو ہم سے دشمنی کرے اور ہمارے دین میں

مُصِيْبَتَنَا فِيْ دِيْنِنَا وَلَا تَجْعَلِ

ہمارے لئے مصیبت نہ ڈال، اور دُنیا کو

الدُّنْيَآ اَكْبَرَ هَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا

نہ ہمارا مقصودِ اعظم بنا اور نہ ہمارے معلومات کی انتہا

وَلَا غَايَةَ رَغْبَتِنَا وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا

اور نہ ہماری رغبت کی منزلِ مقصود، اور ہم پر اُس کو حاکم نہ کر

مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا ❁ اَللّٰهُمَّ زِدْنَا وَلَا

جو ہم پر نامہربان ہو۔ یا اللہ! ہمیں بڑھا، اور

تَنْقُصْنَا وَاَكْرِمْنَا وَلَا تُهِنَّا وَاَعْطِنَا

گھٹامت اور ہمیں آبرو دے، اور ہمیں خوار نہ کر، اور ہمیں عطا کر

وَلَا تَحْرِمْنَا وَاٰثِرْنَا وَلَا تُؤْثِرْ عَلَيْنَا

اور ہمیں محروم نہ رکھ، اور ہمیں بڑھائے رکھ اور دوسروں کو ہم پر نہ بڑھا

وَاَرْضِنَا وَارْضَ عَنَّا ❁ اَللّٰهُمَّ

اور ہمیں خوش رکھ اور ہم سے خوش رہ۔ یا اللہ!

اَلْهِمْنِیْ رُشْدِیْ ❁ اَللّٰهُمَّ قِنِیْ

یااللہ! مجھے میرے دل میں ڈال دے میری سعادت۔

شَرَّ نَفْسِیْ وَاعْزِمْ لِیْ عَلٰی رُشْدِ

میرے نفس کی برائی سے محفوظ رکھ، اور مجھے میرے

اَمْرِیْ ❁ اَسْأَلُ اللهَ الْعَافِیَةَ فِی

اُمور کی اصلاح کی ہمت دے۔ میں اللہ سے دُنیا و

الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ ❁ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ

آخرت دونوں میں عافیت مانگتا ہوں۔ یااللہ! میں

اَسْأَلُكَ فِعْلَ الْخَیْرَاتِ وَتَرْكَ

تجھ سے توفیق چاہتا ہوں نیکیوں کے کرنے کی اور برائیوں کے

الْمُنْكَرَاتِ وَحُبَّ الْمَسَاكِیْنِ وَاَنْ

چھوڑنے کی اور غریبوں کی محبت کی اور یہ کہ

تَغْفِرَلِیْ وَتَرْحَمَنِیْ وَاِذَآ اَرَدْتَّ

تو مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم کرے اور جب تو کسی

بِقَوْمٍ فِتْنَةً فَتَوَفَّنِيْ غَيْرَ مَفْتُوْنٍ

جماعت پر بلا نازل کرنے کا ارادہ کرے تو مجھے اٹھا لینا بلا اس کے کہ میں اس بلا میں پڑوں

وَّ اَسْأَلُكَ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يُّحِبُّكَ

اور میں تجھ سے تیری محبت مانگتا ہوں، اور اس شخص کی محبت (بھی) جو تجھ سے محبت رکھتا ہے

وَحُبَّ عَمَلٍ يُّقَرِّبُ اِلٰى حُبِّكَ ۞

اور اس عمل کی (بھی) محبت جو تیری محبت سے قریب کر دے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ اِلَيَّ مِنْ

یا اللہ! اپنی محبت مجھے پیاری کر دے

نَّفْسِيْ وَاَهْلِيْ وَمِنَ الْمَآءِ الْبَارِدِ ۞

میری جان سے اور میرے گھر والوں سے، اور سرد پانی سے بھی بڑھ کر۔

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ

یا اللہ! مجھے اپنی محبت نصیب کر اور اس شخص کی بھی محبت

يَّنْفَعُنِيْ حُبُّهٗ عِنْدَكَ ط اَللّٰهُمَّ فَكَمَا

جس کی محبت تیرے نزدیک میرے حق میں نافع ہو۔ یا اللہ! جس طرح

رَزَقْتَنِیْ مِمَّآ اُحِبُّ فَاجْعَلْهُ قُوَّةً

تونے مجھے وہ دیا ہے جو مجھے پسند ہے، اُسے میرا معین بھی

لِّیْ فِیْمَا تُحِبُّ ؕ اَللّٰهُمَّ وَمَا زَوَیْتَ

اس کام میں بنا دے جو تجھے پسند ہے۔ یااللہ! جو کچھ تو نے دُور رکھا ہے

عَنِّیْ مِمَّآ اُحِبُّ فَاجْعَلْهُ فَرَاغًا لِّیْ

مجھ سے اُن چیزوں میں سے جو مجھ کو پسند ہیں تو اسے میرے حق میں ان چیزوں کیلئے

فِیْمَا تُحِبُّ ❁ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ

موجب فراغ بنا دے جو تجھے پسند ہیں۔ اے دلوں کے پلٹنے والے

ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِكَ ❁ اَللّٰهُمَّ

میرا دل اپنے دین پر مضبوط رکھ۔ یااللہ!

اِنِّیْٓ اَسْاَلُكَ اِیْمَانًا لَّا یَرْتَدُّ وَنَعِیْمًا

میں تجھ سے ایسا ایمان مانگتا ہوں کہ پھر نہ پھرے اور ایسی نعمتیں

لَّا یَنْفَدُ وَمُرَافَقَةَ نَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ

کہ ختم نہ ہوں اور اپنے نبی محمد

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْٓ اَعْلٰى

صلی اللہ علیہ وسلم کی رفاقت جنت کے برترین

دَرَجَةِ الْجَنَّةِ جَنَّةِ الْخُلْدِ ❁ اَللّٰهُمَّ

مقام یعنی جنت خلد میں۔ یا اللہ!

اِنِّيْٓ اَسْأَلُكَ صِحَّةً فِيْٓ اِيْمَانٍ وَّاِيْمَانًا

میں مانگتا ہوں تجھ سے تندرستی ایمان کے ساتھ اور ایمان

فِيْ حُسْنِ خُلُقٍ وَّنَجَاحًا تُتْبِعُهٗ

حسن اخلاق کے ساتھ اور کامیابی جس کے پیچھے تو مجھے

فَلَاحًا وَّرَحْمَةً مِّنْكَ وَعَافِيَةً

فلاح بھی دے، اور رحمت تیری طرف سے اور عافیت

وَّمَغْفِرَةً مِّنْكَ وَرِضْوَانًا ❁ اَللّٰهُمَّ

اور مغفرت تیری طرف سے اور (تیری) خوشنودی۔ یا اللہ!

انْفَعْنِيْ بِمَا عَلَّمْتَنِيْ وَعَلِّمْنِيْ مَا

تو نے جو علم مجھے دیا ہے اس سے مجھے نفع دے اور مجھے وہ علم دے جو

يَنْفَعُنِىْ ۞ اَللّٰهُمَّ بِعِلْمِكَ الْغَيْبَ

مجھے نفع دے۔ یا اللہ! اپنے عالم الغیب ہونے

وَقُدْرَتِكَ عَلَى الْخَلْقِ اَحْيِنِىْ مَا عَلِمْتَ

اور مخلوق پر قادر ہونے کے سبب مجھے زندہ رکھ جب تک تیرے علم میں

الْحَيٰوةَ خَيْرًا لِّىْ وَتَوَفَّنِىْ إِذَا عَلِمْتَ

زندگی میرے حق میں بہتر ہو اور مجھے اٹھا لینا جب تیرے علم میں

الْوَفَاةَ خَيْرًا لِّىْ وَاَسْأَلُكَ خَشْيَتَكَ

موت میرے حق میں بہتر ہو۔ اور میں مانگتا ہوں تجھ سے تیرا ڈر

فِى الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ وَكَلِمَةَ الْإِخْلَاصِ

غائب و حاضر میں اور اخلاص کی بات

فِى الرِّضٰى وَالْغَضَبِ وَاَسْأَلُكَ نَعِيْمًا

حالتِ عیش وطیش میں۔ اور تجھ سے ایسی نعمت مانگتا ہوں

لَّا يَنْفَدُ وَقُرَّةَ عَيْنٍ لَّا تَنْقَطِعُ

جو ختم نہ ہو اور ایسی آنکھوں کی ٹھنڈک جو جاتی نہ رہے

وَاَسْأَلُكَ الرِّضَآءَ بِالْقَضَآءِ وَبَرْدَ
اور میں تجھ سے مانگتا ہوں تیرے حکم تکوینی پر رضامند رہنا اور
الْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَلَذَّةَ النَّظَرِ اِلٰى
موت کے بعد خوش عیشی اور تیرے دیدار کی لذت
وَجْهِكَ وَالشَّوْقَ اِلٰى لِقَآئِكَ وَاَعُوْذُ
اور تیری دید کا شوق۔ اور میں تیری ذات کے ذریعہ پناہ مانگتا ہوں
بِكَ مِنْ ضَرَّآءَ مُضِرَّةٍ وَّفِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ ط
ضرر دینے والی مصیبت اور گمراہ کرنے والی بلا سے۔
اَللّٰهُمَّ زَيِّنَّا بِزِيْنَةِ الْاِيْمَانِ وَاجْعَلْنَا
اے اللہ! ہمیں ایمان کی زینت سے آراستہ کردے اور ہمیں
هُدَاةً مُّهْتَدِيْنَ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْأَلُكَ
راہنما راہ یاب بنا دے۔ یااللہ! میں تجھ سے
مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَاٰجِلِهٖ مَا
بھلائی مانگتا ہوں سب کی سب، فوری بھی اور دُور کی بھی۔

عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ ۞ اَللّٰهُمَّ

اس میں سے بھی جس کا مجھے علم ہے اوراس میں سے بھی جس کا علم مجھے نہیں ہے۔ یااللہ!

اِنِّیٓ اَسْأَلُكَ مِنْ خَیْرِ مَا سَأَلَكَ

میں تجھ سے وہ سب بھلائی مانگتا ہوں جو تجھ سے

عَبْدُكَ وَنَبِیُّكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیٓ اَسْأَلُكَ

تیرے بندے اور تیرے نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے مانگی ۔ یااللہ! میں تجھ سے

الْجَنَّةَ وَمَا قَرَّبَ اِلَیْهَا مِنْ قَوْلٍ اَوْ

جنت مانگتا ہوں اور جو چیز بھی اس سے قریب کرنے والی ہو، قول سے ہو یا

عَمَلٍ وَّاَسْأَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ كُلَّ قَضَآءٍ

عمل سے۔ اور میں تجھ سے یہ مانگتا ہوں کہ اپنے ہر حکم تکوینی کو

لِّیْ خَیْرًا ۞ وَاَسْأَلُكَ مَا قَضَیْتَ لِیْ

میرے حق میں بہتر کر دے۔ اور میں تجھ سے یہ مانگتا ہوں کہ جو کچھ تو میرے حق

مِنْ اَمْرٍ اَنْ تَجْعَلَ عَاقِبَتَهٗ رُشْدًا ۞

میں جاری کرے، اس کے انجام کو سعادت بنا دے۔

اَللّٰھُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِی الْاُمُوْرِ

یااللہ! ہمارا انجام تمام کاموں میں اچھا کر

کُلِّھَا وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْیِ الدُّنْیَا وَعَذَابِ

اور ہمیں دُنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب

الْاٰخِرَۃِ ۞ اَللّٰھُمَّ احْفَظْنِیْ بِالْاِسْلَامِ

سے محفوظ رکھ۔ یااللہ! مجھے اسلام کے ساتھ قائم رکھ

قَآئِمًا وَّاحْفَظْنِیْ بِالْاِسْلَامِ قَاعِدًا

کھڑے ہوئے، اور اسلام کے ساتھ قائم رکھ بیٹھے ہوئے۔

وَّاحْفَظْنِیْ بِالْاِسْلَامِ رَاقِدًا وَّلَا تُشْمِتْ

اور اسلام کے ساتھ قائم رکھ لیٹے ہوئے۔ اور مجھ پر طعنہ کا موقع نہ دے،

بِیْ عَدُوًّا وَّلَا حَاسِدًا ؕ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُكَ

نہ کسی دُشمن کو اور نہ کسی حاسد کو، یااللہ! میں تجھ سے

مِنْ کُلِّ خَیْرٍ خَزَآئِنُهٗ بِیَدِكَ ۞ وَاَسْاَلُكَ

سب بھلائیاں مانگتا ہوں جن کے خزانے تیرے قبضہ قدرت میں ہیں۔ اور تجھ سے

مِنَ الْخَيْرِ الَّذِىْ هُوَ بِيَدِكَ كُلِّهٖ ❁

وہ بھلائی بھی مانگتا ہوں جو تمام تر تیرے ہی قبضہ میں ہے۔

اَللّٰهُمَّ لَا تَدَعْ لَنَا ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا

یااللہ! ہمارا کوئی گناہ نہ چھوڑ جسے تو بخش نہ دے اور نہ

هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا دَيْنًا اِلَّا قَضَيْتَهٗ

کوئی تشویش جسے تو دُور نہ کردے۔ اور نہ کوئی قرضہ ایسا جسے تو ادا نہ کردے

وَلَا حَاجَةً مِّنْ حَوَآئِجِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

اور نہ کوئی حاجت دنیا اور آخرت کی حاجتوں میں سے

اِلَّا قَضَيْتَهَا يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ط

ایسی جسے تو پوری نہ کردے، اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے۔

اَللّٰهُمَّ اَعِنَّا عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ

یااللہ! ہماری امداد کر اپنے ذکر اور اپنے شکر

وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ ❁ اَللّٰهُمَّ قَنِّعْنِىْ بِمَا

اور اپنے حسن عبادت کے باب میں۔ یااللہ! مجھے قناعت دے اس میں جو

رَزَقْتَنِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْهِ وَاخْلُفْ عَلٰی

تونے مجھے نصیب کیا ہے، اور اس میں میرے لئے برکت دے۔ اور ہر اُس چیز میں

كُلِّ غَآئِبَةٍ لِّیْ بِخَیْرٍ ❁ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ

جو میری نظر سے غائب ہے، میرا نگراں رہ خیریت کے ساتھ۔ یا اللہ! میں

اَسْأَلُكَ عِیْشَةً نَّقِیَّةً وَّمِیْتَةً سَوِیَّةً

تجھ سے مانگتا ہوں زندگی پاکیزہ اور موت ڈھنگ کی

وَّمَرَدًّا غَیْرَ مُخْزٍیٍّ وَّلَا فَاضِحٍ ❁

اور ایسی مراجعت جس میں میرے لئے رسوائی اور فضیحت نہ ہو۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ ضَعِیْفٌ فَقَوِّ فِیْ رِضَاكَ

یا اللہ! میں کمزور ہوں، پس اپنی مرضیات میں میرا ضعف

ضُعْفِیْ وَخُذْ اِلَی الْخَیْرِ بِنَاصِیَتِیْ وَاجْعَلِ

اپنی قوت سے بدل دے اور کشاں کشاں مجھے خیر کی طرف لے جا، اور

الْاِسْلَامَ مُنْتَهٰی رِضَآئِیْ وَاِنِّیْ ذَلِیْلٌ

اسلام کو میری پسند کا منتہا بنا دے، میں ذلیل ہوں

اَللّٰهُمَّ ❁ فَاَعِزَّنِیْ وَاِنِّیْ فَقِیْرٌ فَارْزُقْنِیْ

یااللہ! سو مجھے عزت دے اور میں محتاج ہوں سو مجھے رزق دے۔

اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ خَیْرَ الْمَسْئَلَةِ وَخَیْرَ الدُّعَآءِ

میں تجھ سے ہی مانگتا ہوں بہترین سوال اور بہترین دُعا

وَخَیْرَ النَّجَاحِ وَخَیْرَ الْعَمَلِ وَخَیْرَ

اور بہترین کامیابی اور بہترین عمل اور بہترین

الثَّوَابِ وَخَیْرَ الْحَیٰوةِ وَخَیْرَ الْمَمَاتِ

اجر، اور بہترین زندگی اور بہترین موت۔

وَثَبِّتْنِیْ وَثَقِّلْ مَوَازِیْنِیْ وَحَقِّقْ اِیْمَانِیْ

مجھے ثابت قدم رکھ اور میری نیکیوں کا پلہ بھاری کردے، اور میرے ایمان کو متحقق کردے

وَارْفَعْ دَرَجَتِیْ وَتَقَبَّلْ صَلَاتِیْ وَاَسْئَلُكَ

اور میرا درجہ بلند کردے اور میری نماز کو قبول کر۔ میں مانگتا ہوں

الدَّرَجَاتِ الْعُلٰی مِنَ الْجَنَّةِ اٰمِیْنَ ط

تجھ سے جنت کے بلند درجے۔ آمین

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْأَلُكَ فَوَاتِحَ الْخَيْرِ

یااللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں خیر کی ابتداء میں بھی

وَخَوَاتِمَهٗ وَجَوَامِعَهٗ وَاَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ

اور انتہا میں بھی، اور خیر کی جامع چیزیں اور خیر کا اول بھی اور خیر کا آخر بھی

وَظَاهِرَهٗ وَبَاطِنَهٗ ط اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْأَلُكَ

اور خیر کا ظاہر بھی اور خیر کا باطن بھی۔ یااللہ! میں تجھ سے

خَيْرَ مَآ اٰتِیْ وَخَيْرَ مَآ اَفْعَلُ وَخَيْرَ مَآ

خیر مانگتا ہوں اپنے ہر اس کام میں جسے اعضا سے کروں اور

اَعْمَلُ وَخَيْرَ مَا بَطَنَ وَخَيْرَ مَا ظَهَرَ ۞

دل سے کروں اور اس کی بھی خیر جو پوشیدہ ہے، اور اُس کی بھی خیر جو علانیہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَوْسَعَ رِزْقِكَ عَلَیَّ عِنْدَ

یااللہ! میرا رزق خوب فراخ کر دینا میرے

كِبَرِ سِنِّیْ وَانْقِطَاعِ عُمُرِیْ ۞ وَاجْعَلْ

بڑھاپے میں اور میری عمر کے ختم ہونے کے وقت۔ اور

خَيْرَ عُمُرِيْ آخِرَهٗ وَخَيْرَ عَمَلِيْ

میری عمر کا بہترین حصہ اس کا آخری حصہ کرنا اور میرا بہترین عمل

خَوَاتِيْمَهٗ وَخَيْرَ اَيَّامِيْ يَوْمَ اَلْقَاكَ

میرا آخر ترین عمل کرنا اور میرا بہترین دن وہ کرنا جس میں تجھ

فِيْهِ ۞ يَا وَلِيَّ الْاِسْلَامِ وَاَهْلِهٖ ثَبِّتْنِيْ

سے ملوں۔ اے اسلام اور اہل اسلام کے مددگار! مجھے ثابت قدم رکھ

بِهٖ حَتّٰى اَلْقَاكَ ۞ اَسْأَلُكَ غِنَايَ

اسلام پر یہاں تک کہ میں تجھ سے مل جاؤں۔ میں تجھ سے طلب کرتا ہوں اپنی

وَغِنَا مَوْلَايَ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ

اور اپنے متعلقین کی سیر چشمی۔ اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں

مِنْ سُوْٓءِ الْعُمُرِ وَفِتْنَةِ الصَّدْرِ اَعُوْذُ

بری عمر سے اور دل کے فتنہ سے اور تیری پناہ مانگتا ہوں

بِعِزَّتِكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَنْ تُضِلَّنِيْ

بہ واسطہ تیری عزت کے کہ کوئی معبود نہیں بجز تیرے اس سے کہ تو مجھے گمراہ کر دے

وَمِنْ جَهْدِ الْبَلَآءِ وَدَرْكِ الشَّقَآءِ

اور بلا کی سختیوں سے۔ اور بدقسمتی کے حصول سے

وَسُوْٓءِ الْقَضَآءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَآءِ وَمِنْ

اور بری تقدیر سے اور دشمنوں کے طعنہ اور

شَرِّ مَا عَمِلْتُ وَمِنْ شَرِّ مَا لَمْ اَعْمَلْ

اس کام کی برائی سے جو میں نے کیا اور اس کام کی برائی سے جسے میں نے نہیں کیا

وَمِنْ شَرِّ مَا عَلِمْتُ وَمِنْ شَرِّ مَا لَمْ

اور اس چیز کی برائی سے جو مجھے معلوم ہے اور اس چیز کی برائی سے جو

اَعْلَمْ وَمِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ وَتَحَوُّلِ

مجھے معلوم نہیں اور تیری نعمت کے جاتے رہنے سے اور تیرے امن کے

عَافِيَتِكَ وَفُجَآءَةِ نِقْمَتِكَ وَجَمِيْعِ

پلٹ جانے سے اور تیرے عذاب کے ناگہاں آجانے سے اور

سَخَطِكَ وَمِنْ شَرِّ سَمْعِيْ وَمِنْ شَرِّ

تیری ناخوشی سے اور اپنی شنوائی کی خرابی سے اور

بَصَرِيْ وَمِنْ شَرِّ لِسَانِيْ وَمِنْ شَرِّ

اپنی بینائی کی خرابی سے اور اپنی زبان کی خرابی سے اور اپنے دل

قَلْبِيْ وَمِنْ شَرِّ مَنِيِّيْ وَمِنَ الْفَاقَةِ

کی خرابی سے اور اپنی منی کی خرابی سے اور فاقہ سے اور اس سے کہ

وَمِنْ اَنْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ وَمِنَ الْهَدْمِ

میں کسی پر زیادتی کروں یا کوئی مجھ پر زیادتی کرے اور کسی چیز کے میرے اوپر گر جانے سے

وَمِنَ التَّرَدِّيْ وَمِنَ الْغَرَقِ وَالْحَرَقِ

اور میرے کسی چیز پر گر پڑنے سے اور ڈوب جانے سے اور جل جانے سے

وَاَنْ يَّتَخَبَّطَنِيَ الشَّيْطٰنُ عِنْدَ

اور اس سے کہ شیطان مجھے موت کے وقت

الْمَوْتِ وَمِنْ اَنْ اَمُوْتَ فِيْ سَبِيْلِكَ

گڑبڑ میں ڈال دے اور اس سے کہ میں جہاد سے

مُدْبِرًا وَّاَنْ اَمُوْتَ لَدِيْغًا۝

بھاگتا ہوا مروں اور اس سے کہ میں جانور کے ڈسنے سے مروں۔

# اَلْمَنْزِلُ الثَّالِثُ
## تیسری منزل پیر

## خُطْبَة
### قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ

اللہ کے ہاں موجبِ قربت (ہے) اور رسول اللہ ﷺ کی دُعائیں لینے کا ذریعہ (ہے)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

نَحْمَدُكَ يَا خَيْرَ مَأْمُوْلٍ ۞ وَ

ہم تیری حمد کرتے ہیں اے ان سب سے بہتر جن سے امید قائم کی جاسکتی ہے اور

اَكْرَمَ مَسْئُوْلٍ ۞ عَلٰى مَا عَلَّمْتَنَا

اے ان سب سے کریم تر جن سے کچھ طلب کیا جا سکے کہ تو نے ہمیں

مِنَ الْمُنَاجَاةِ الْمَقْبُوْلِ ۞ مِنْ قُرُبٰتٍ

مناجاتِ مقبول سکھائی جو اللہ کے ہاں موجبِ قربت ہے

عِنْدَ اللّٰهِ وَ صَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ ۞ فَصَلِّ

اوررسول اللہ(صلی اللہ علیہ وسلم)کی دُعائیں سکھائیں۔تو (یااللہ) اُن (رسول) پر رحمتِ

عَلَيْهِ مَا اخْتَلَفَ الدَّبُوْرُ وَالْقَبُوْلُ ۞

کامل فرما جب تک کہ پچھوا اور پروا ہوائیں چلتی رہیں

وَانْشَعَبَتِ الْفُرُوْعُ مِنَ الْاُصُوْلِ ۞

اور جڑوں سے شاخیں پھوٹتی رہیں۔ اس کے

ثُمَّ نَسْئَلُكَ بِمَا سَنَقُوْلُ ۞ وَ

بعد ہم تجھ سے وہ طلب کرتے ہیں جو ابھی (آگے) عرض کرتے ہیں۔

مِنَّا السُّؤَالُ وَمِنْكَ الْقَبُوْلُ ۞

اور ہمارا کام طلب کرنا ہے اور تیرا کام عطا کرنا۔

فَإِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ

# اَلْمَنْزِلُ الثَّالِثُ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ

تیسری منزل بروز دوشنبہ (پیر)

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ صَبُوْرًا وَّاجْعَلْنِيْ

یااللہ! مجھے بڑا صبر والا بنا دے اور مجھے

شَكُوْرًا وَّاجْعَلْنِيْ فِيْ عَيْنِيْ صَغِيْرًا

بڑا شکر والا بنا دے۔ اور مجھے میری نظر میں چھوٹا بنا دے

وَّفِيْ اَعْيُنِ النَّاسِ كَبِيْرًا ❁ اَللّٰهُمَّ

اور دوسروں کی نظر میں بڑا بنا دے۔ یااللہ!

ضَعْ فِيْ اَرْضِنَا بَرَكَتَهَا وَزِيْنَتَهَا

ہمارے ملک میں برکت اور شادابی

وَسَكَنَهَا وَلَا تَحْرِمْنِيْ بَرَكَةَ مَآ

اورامن رکھ دے اور جو کچھ تونے مجھے دیا ہے اس کی برکت سے مجھے محروم نہ رکھ

اَعْطَيْتَنِيْ وَلَا تَفْتِنِّيْ فِيْمَآ حَرَمْتَنِيْ ❁

اور جس چیز سے تونے مجھے محروم رکھا ہے، اس کے باب میں مجھے فتنہ میں نہ ڈال۔

اَللّٰهُمَّ اَحْسَنْتَ خَلْقِيْ فَاَحْسِنْ خُلُقِيْ ۞
یااللہ! تو نے میری صورت اچھی بنائی تو میری سیرت بھی اچھی کر دے،
وَاَذْهِبْ غَيْظَ قَلْبِيْ وَاَجِرْنِيْ مِنْ
اور میرے دل کی کھولن دُور کر دے، اور گمراہ کرنے والے
مُّضِلَّاتِ الْفِتَنِ مَآ اَحْيَيْتَنَا ۞
فتنوں سے مجھے بچائے رکھ جب تک تو ہمیں زندہ رکھے۔
اَللّٰهُمَّ لَقِّنِيْ حُجَّةَ الْاِيْمَانِ عِنْدَ
یااللہ! مجھے موت کے وقت حجتِ ایمان
الْمَمَاتِ ۞ رَبِّ اَسْأَلُكَ خَيْرَ مَا فِيْ
تلقین کر دے۔ اے میرے پروردگار! میں تجھ سے اس چیز کی بھلائی مانگتا ہوں
هٰذَا الْيَوْمِ وَخَيْرَ مَا بَعْدَهٗ ط اَللّٰهُمَّ
جو آج کے دن میں ہو اور اس چیز کی بھی بھلائی جو اس کے بعد ہو۔ یااللہ!
اِنِّيْٓ اَسْأَلُكَ خَيْرَ هٰذَا الْيَوْمِ فَتْحَهٗ
میں تجھ سے بھلائی مانگتا ہوں آج کے دن کی اور اس کی فتح

وَنَصْرَهٗ وَنُوْرَهٗ وَبَرَكَتَهٗ وَهُدَاهُ ۞

اور اس کی مدد اور اس کا نور اور اس کی برکت اور اس کی ہدایت۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْأَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ

یا اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں معافی اور امن

فِيْ دِيْنِيْ وَدُنْيَايَ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ ط

اپنے دین میں اور اپنی دنیا میں، اور اپنے اہل ومال میں۔

اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَتِيْ وَاٰمِنْ رَوْعَتِيْ ط

یا اللہ! میرا عیب ڈھانپ دے، اور میرے خوف کو امن سے بدل دے۔

اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيَّ

یا اللہ! میری حفاظت کر میرے آگے سے

وَمِنْ خَلْفِيْ وَعَنْ يَّمِيْنِيْ وَعَنْ

اور پیچھے سے اور میرے داہنے سے اور میرے

شِمَالِيْ وَمِنْ فَوْقِيْ وَاَعُوْذُ بِعَظَمَتِكَ

بائیں سے اور میرے اوپر سے۔ اور میں تیری عظمت کے واسطہ سے پناہ چاہتا ہوں

أَنْ أُغْتَالَ مِنْ تَحْتِي ❁ يَا حَيُّ

اس سے کہ ناگہاں اپنے نیچے سے پکڑ لیا جاؤں ۔یا حی

يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيْثُ أَصْلِحْ

یا قیوم! میں تیری رحمت کے واسطہ سے تجھ سے فریاد کرتا ہوں

لِي شَأْنِي كُلَّهُ وَلَا تَكِلْنِيٓ إِلٰى نَفْسِي

کہ میرے سارے حال کو درست کر دے اور مجھے میرے نفس

طَرْفَةَ عَيْنٍ ❁ أَسْأَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ

کی طرف ایک لمحہ کیلئے بھی نہ سونپ۔ تیرے اس نور ذات کے واسطہ سے

الَّذِيٓ أَشْرَقَتْ لَهُ السَّمٰوٰتُ وَالْأَرْضُ

جس سے آسمان و زمین روشن ہیں

وَبِكُلِّ حَقٍّ هُوَ لَكَ وَبِحَقِّ السَّآئِلِيْنَ

اور ہر اس حق کے واسطہ سے جو تیرا ہے، اور اس حق کے واسطہ سے جو مانگنے والے کا

عَلَيْكَ أَنْ تُقِيْلَنِيْ وَأَنْ تُجِيْرَنِيْ

تجھ پر ہے، میں تجھ سے یہ مانگتا ہوں کہ تو مجھ سے درگزر کرے

مِنَ النَّارِ بِقُدْرَتِكَ ۞ اَللّٰهُمَّ

اور یہ کہ اپنی قدرت سے مجھے دوزخ سے پناہ دے۔ یااللہ!

اجْعَلْ اَوَّلَ هٰذَا النَّهَارِ صَلَاحًا

آج کے دن کے اول حصہ کو میرے حق میں بہتر بنا دے،

وَّ اَوْسَطَهٗ فَلَاحًا وَّ اٰخِرَهٗ نَجَاحًا

درمیانی حصہ کو فلاح اور اس کے آخری حصہ کو کامیابی۔

اَسْأَلُكَ خَيْرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ يَآ اَرْحَمَ

میں تجھ سے دُنیا اور آخرت (دونوں) کی بھلائی چاہتا ہوں، اے

الرّٰحِمِيْنَ ۞ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذَنْبِيْ

سب سے بڑے مہربان۔ یا اللہ! میرے گناہ بخش دے

وَاخْسَئْ شَيْطٰنِيْ وَفُكَّ رِهَانِيْ وَثَقِّلْ

اور میرے شیطان کو دُور کر دے اور میرا بند کھول دے اور

مِيْزَانِيْ وَاجْعَلْنِيْ فِي النَّدِيِّ الْاَعْلٰى ۞

میرا پلہ بھاری کر دے اور مجھے طبقہ اعلیٰ میں (شمار) کر دے۔

اَللّٰهُمَّ قِنِیْ عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ

یااللہ! مجھے اپنے عذاب سے بچا دینا جس دن تو اپنے بندوں کو

عِبَادَكَ ❁ اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ

اٹھائیو۔ یا اللہ! پروردگار ساتوں آسمانوں اور ہر اس چیز کے

وَمَآ اَظَلَّتْ وَرَبَّ الْاَرَضِيْنَ وَمَآ

جس پر اُن کا سایہ ہے، اور اے پروردگار زمینوں کے اور ہر اس چیز کے جسے

اَقَلَّتْ وَرَبَّ الشَّيٰطِيْنِ وَمَآ اَضَلَّتْ

وہ اٹھائے ہوئے ہیں۔ اور اے پروردگار شیطانوں کے اور ہر اس چیز کے جس کو انہوں نے گمراہ کیا

كُنْ لِیْ جَارًا مِّنْ شَرِّ خَلْقِكَ

میرے نگہبان رہیو تمام مخلوق کی برائی سے،

اَجْمَعِيْنَ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَیَّ اَحَدٌ مِّنْهُمْ

اس سے کہ کوئی ان میں سے مجھ پر ظلم

اَوْ اَنْ يَّطْغٰی عَزَّ جَارُكَ وَتَبَارَكَ

یا تعدی کرے۔ محفوظ تیرا ہی پناہ دیا ہوا ہے اور بابرکت

اسْمُكَ ۞ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ لَا شَرِيْكَ

تیرا نام ہے۔ کوئی معبود نہیں ہے سوا تیرے، کوئی تیرا شریک

لَكَ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْتَغْفِرُكَ

نہیں ہے، پاک ہے تو۔ یااللہ! میں تجھ سے اپنے (ہر) گناہ کی

لِذَنْۢبِيْ وَاَسْأَلُكَ رَحْمَتَكَ ۞ اَللّٰهُمَّ

معافی چاہتا ہوں اور تجھ سے طلب تیری رحمت کی کرتا ہوں۔ یا اللہ!

اغْفِرْ لِيْ ذَنْۢبِيْ وَوَسِّعْ لِيْ فِيْ دَارِيْ

میرے گناہ بخش دے اور مجھے میرے گھر میں وسعت دے

وَبَارِكْ لِيْ فِيْ رِزْقِيْ ۞ اَللّٰهُمَّ

اور مجھے میرے رزق میں برکت دے۔ یا اللہ!

اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ

مجھے بہت توبہ کرنے والوں میں کردے، اور مجھے

مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ۞ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ

بہت پاک صاف لوگوں میں کردے۔ یااللہ! مجھے بخش دے

وَاهْدِنِیْ وَارْزُقْنِیْ وَعَافِنِیْ ❁

اور مجھے ہدایت دے اور مجھے رزق دے اور مجھے عافیت دے

وَاهْدِنِیْ لِمَا اخْتُلِفَ فِیْهِ مِنَ

اور جس چیز کے حق ہونے میں اختلاف ہو، اس میں

الْحَقِّ بِاِذْنِكَ ❁ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِیْ

مجھے اپنے حکم سے راہِ صواب دکھادے۔ یا اللہ! نور کر دے

قَلْبِیْ نُوْرًا وَّفِیْ بَصَرِیْ نُوْرًا

میرے دل میں اور نور کردے میری بینائی میں

وَّفِیْ سَمْعِیْ نُوْرًا وَّعَنْ یَّمِیْنِیْ

اور نور کر دے میری شنوائی میں اور نور کر دے میری

نُوْرًا وَّعَنْ شِمَالِیْ نُوْرًا وَّخَلْفِیْ

داہنی طرف اور نور کردے میرے بائیں طرف اور نور کردے

نُوْرًا وَّمِنْ اَمَامِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ

میرے پیچھے اور نور کردے میرے سامنے اور میرے لیے

لِّيْ نُوْرًا وَّفِيْ عَصَبِيْ نُوْرًا وَّفِيْ

ایک خاص نور کر دے اور نور کر دے میرے پٹھوں میں اور

لَحْمِيْ نُوْرًا وَّفِيْ دَمِيْ نُوْرًا وَّفِيْ

نور کر دے میرے گوشت میں اور نور کر دے میرے خون میں اور

شَعْرِيْ نُوْرًا وَّفِيْ بَشَرِيْ نُوْرًا وَّفِيْ

نور کر دے میرے بالوں میں اور نور کر دے میری جلد میں اور

لِسَانِيْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ فِيْ نَفْسِيْ نُوْرًا

نور کر دے میری زبان میں اور نور کر دے میری جان میں

وَّاَعْظِمْ لِيْ نُوْرًا وَّاجْعَلْنِيْ نُوْرًا

اور مجھے نورِ عظیم دے اور مجھے سراپا نور بنا دے

وَّاجْعَلْ مِنْ فَوْقِيْ نُوْرًا وَّمِنْ

اور میرے اوپر نور کر دے۔ اور

تَحْتِيْ نُوْرًا ط اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْ نُوْرًا ۞

میرے نیچے نور کر دے، یااللہ! مجھے نور عطا کر دے۔

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لَنَآ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

یااللہ! ہم پر اپنی رحمت کے دروازے کھول دے،

وَسَهِّلْ لَنَآ اَبْوَابَ رِزْقِكَ ❁

اور اپنے رزق کے دروازے ہمارے لئے آسان کر دے۔

اَللّٰهُمَّ اعْصِمْنِيْ مِنَ الشَّيْطٰنِ ط

یااللہ! مجھے شیطان سے محفوظ رکھ۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ ❁

یااللہ! میں تجھ سے تیرے (فضل وکرم) کی طلب کرتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ خَطَايَايَ وَذُنُوْبِيْ

یااللہ! میری کل خطائیں اور قصور بخش دے،

كُلَّهَا ط اَللّٰهُمَّ انْعَشْنِيْ وَاَحْيِنِيْ

یااللہ! مجھے رفعت دے، اور مجھے زندہ رکھ

وَارْزُقْنِيْ وَاهْدِنِيْ لِصَالِحِ الْاَعْمَالِ

اور مجھے رزق دے اور مجھے اچھے اعمال

وَالْاَخْلَاقِ اِنَّهٗ لَا یَهْدِیْ لِصَالِحِهَا

واخلاق کی طرف ہدایت دے ، بیشک نہ خوش اعمالیوں کی طرف کوئی رہبری

وَلَا یَصْرِفُ سَیِّئَهَآ اِلَّآ اَنْتَ ❁ اَللّٰهُمَّ

کرتا ہے اور نہ بداعمالیوں سے کوئی بچاتا ہے بجز تیرے۔ یا اللہ!

اِنِّیْٓ اَسْأَلُكَ رِزْقًا طَیِّبًا وَّعِلْمًا نَّافِعًا

میں تجھ سے رزقِ پاکیزہ طلب کرتا ہوں اور علم کارآمد

وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا ❁ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ عَبْدُكَ

اور عمل مقبول۔ یا اللہ! میں بندہ ہوں تیرا،

وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ اَمَتِكَ نَاصِیَتِیْ

بیٹا ہوں تیرے بندے کا، اور بیٹا ہوں تیری بندی کا، ہمہ تن تیرے

بِیَدِكَ مَاضٍ فِیَّ حُكْمُكَ عَدْلٌ

قبضہ میں ہوں، نافذ ہے میرے بارے میں تیرا حکم، عین عدل ہے

فِیَّ قَضَآؤُكَ اَسْأَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ

میرے باب میں تیرا فیصلہ۔ میں تجھ سے ہر اسم کے واسطہ سے

هُوَ لَكَ سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ اَوْ

جس سے تونے اپنی ذات کو موصوف کیا ہے یا

اَنْزَلْتَهٗ فِيْ كِتَابِكَ اَوْ عَلَّمْتَهٗ

اس کو اپنی کتاب میں اتارا ہے یا اسے اپنی مخلوق

اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ اَوِ اسْتَأْثَرْتَ

میں کسی کو بتایا ہے یا اپنے پاس اسے

بِهٖ فِيْ عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ اَنْ

غیب ہی میں رہنے دیا ہے، درخواست کرتا ہوں

تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ رَبِيْعَ قَلْبِيْ

کہ قرآنِ عظیم کو میرے دل کی بہار بنا دے

وَنُوْرَ بَصَرِيْ وَجَلَآءَ حُزْنِيْ وَذَهَابَ

اور میری آنکھ کا نور اور میرے غم کی کشائش اور میری تشویش

هَمِّيْ ❁ اَللّٰهُمَّ اِلٰهَ جِبْرَئِيْلَ

کا دفعیہ۔ یا اللہ! جبرئیل کے

وَمِيْكَآئِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ وَاِلٰهَ اِبْرَاهِيْمَ

اور میکائیل کے اور اسرافیل کے معبود، ابراہیم کے

وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ عَافِنِیْ وَلَا

اور اسمٰعیل کے اور اسحٰق کے معبود، مجھے عافیت دے اور

تُسَلِّطَنَّ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ عَلَیَّ

میرے اوپر اپنی مخلوق میں سے کسی کو ایسی چیز کے ساتھ مسلط نہ کردے

بِشَیْءٍ لَّا طَاقَةَ لِیْ بِهٖ ❁ اَللّٰهُمَّ

جس کی برداشت مجھ میں نہ ہو۔ یااللہ!

اكْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ

مجھے اپنا حلال رزق دے کر حرام روزی سے بچالے

وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ ❁

اور اپنے فضل وکرم سے مجھے اپنے ماسوا سے بے نیاز کردے۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَسْمَعُ كَلَامِیْ وَتَرٰی

یااللہ! تو میری بات کو سنتا ہے اور میری جگہ کو

مَكَانِىْ وَتَعْلَمُ سِرِّىْ وَعَلَانِيَتِىْ

دیکھتا ہے اور میرے پوشیدہ اور ظاہر کو جانتا ہے۔

لَا يَخْفٰى عَلَيْكَ شَىْءٌ مِّنْ اَمْرِىْ

تجھ سے میری کوئی بات چھپی نہیں رہ سکتی۔

وَاَنَا الْبَآئِسُ الْفَقِيْرُ الْمُسْتَغِيْثُ

میں مصیبت زدہ ہوں، محتاج ہوں، فریادی ہوں،

الْمُسْتَجِيْرُ الْوَجِلُ الْمُشْفِقُ الْمُقِرُّ

پناہ جو ہوں، ترساں ہوں، ہراساں ہوں، اپنے گناہوں کا اقرار کرنیوالا

الْمُعْتَرِفُ بِذَنْبِىْٓ اَسْأَلُكَ مَسْئَلَةَ

اعتراف کرنیوالا ہوں، اور تیرے آگے سوال کرتا ہوں جیسے

الْمِسْكِيْنِ وَاَبْتَهِلُ اِلَيْكَ ابْتِهَالَ

بے کس سوال کرتے ہیں۔ اور تیرے آگے گڑ گڑاتا ہوں، جیسے

الْمُذْنِبِ الذَّلِيْلِ وَاَدْعُوْكَ دُعَآءَ

گنہگار ذلیل وخوار گڑ گڑاتا ہے۔ اور تجھ سے طلب کرتا ہوں جیسے

الْخَآئِفِ الضَّرِيْرِ وَ دُعَآءَ مَنْ

خوفزدہ آفت رسیدہ طلب کرتا ہے اور جیسے وہ شخص

خَضَعَتْ لَكَ رَقَبَتُهٗ وَفَاضَتْ لَكَ

طلب کرتا ہے جس کی گردن تیرے سامنے جھکی ہوئی ہو، اور اس کے آنسو

عَبْرَتُهٗ وَ ذَلَّ لَكَ جِسْمُهٗ وَرَغِمَ

بہہ رہے ہوں، اور تن بدن سے وہ تیرے آگے فروتنی کئے ہوئے ہو

لَكَ اَنْفُهٗ ط اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْنِيْ بِدُعَآئِكَ

اور اپنی ناک تیرے سامنے رگڑ رہا ہو، یااللہ! تو مجھے اپنے سے دُعا مانگنے میں

شَقِيًّا وَّكُنْ بِيْ رَءُوْفًا رَّحِيْمًا يَّا خَيْرَ

ناکام نہ رکھ، اور میرے حق میں بڑا مہربان نہایت رحیم ہوجا، اے سب

الْمَسْئُوْلِيْنَ وَيَا خَيْرَ الْمُعْطِيْنَ ط اَللّٰهُمَّ

مانگے جانے والوں سے بہتر، اے سب دینے والوں سے بہتر، یااللہ!

اِلَيْكَ اَشْكُوْ ضُعْفَ قُوَّتِيْ وَ قِلَّةَ

میں تجھی سے شکوہ کرتا ہوں اپنے ضعفِ قوت کا اور اپنی کم

حِيْلَتِيْ وَهَوَانِيْ عَلَى النَّاسِ

سامانی کا اور لوگوں کی نظر میں اپنی کم وقعتی کا

يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ اِلٰى مَنْ تَكِلُنِيْ

اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے! تو مجھے کس کے سپرد کرتا ہے؟

اِلٰى عَدُوٍّ يَّتَجَهَّمُنِيْٓ اَمْ اِلٰى قَرِيْبٍ

آیا کسی دشمن کے جو مجھے دبائے؟ یا کسی دوست کے قبضہ میں

مَّلَّكْتَهٗٓ اَمْرِيْٓ اِنْ لَّمْ تَكُنْ

میرے سب کام دے رہا ہے؟ تو اگر مجھ سے

سَاخِطًا عَلَيَّ فَلَآ اُبَالِيْ غَيْرَ

ناخوش نہ ہو تو مجھے ان (میں سے کسی چیز) کی پرواہ نہیں ہے

اَنَّ عَافِيَتَكَ اَوْسَعُ لِيْ ❁ اَللّٰهُمَّ

پھر بھی تیرا دیا ہوا امن ہی میرے لئے زیادہ گنجائش رکھتا ہے۔ یا اللہ! ہم تجھ سے

اِنَّا نَسْأَلُكَ قُلُوْبًا اَوَّاهَةً مُّخْبِتَةً

ایسے دل مانگتے ہیں جو بہت تاثر قبول کرنے والے ہوں، بہت عاجزی کرنے والے ہوں

مُّنِيْبَةً فِىْ سَبِيْلِكَ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ

بہت رجوع کرنے والے ہوں تیری راہ میں۔ یااللہ! میں

اَسْأَلُكَ اِيْمَانًا يُّبَاشِرُ قَلْبِىْ

تجھ سے وہ ایمان مانگتا ہوں جو میرے دل میں پیوست ہو جائے

وَيَقِيْنًا صَادِقًا حَتّٰٓى اَعْلَمَ اَنَّهٗ لَا

اور وہ پختہ یقین جس سے میں سمجھ لوں کہ مجھ تک کوئی چیز نہیں

يُصِيْبُنِىْٓ اِلَّا مَا كَتَبْتَ لِىْ وَرِضًى

پہنچ سکتی مگر وہی جو تو میرے لئے لکھ چکا ہے اور اس چیز پر رضامندی

مِّنَ الْمَعِيْشَةِ بِمَا قَسَمْتَ لِىْ ۞

جو تونے معاش میں سے میرے حصہ میں کر دی ہے۔

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَالَّذِىْ تَقُوْلُ

یااللہ! تیرے واسطے کل تعریف ہے جیسی کہ تو فرماتا ہے

وَخَيْرًا مِّمَّا نَقُوْلُ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ

اور اس سے بڑھ کر جو ہم کہتے ہیں۔ اے اللہ! میں

أَعُوْذُ بِكَ مِنْ مُّنْكَرَاتِ الْأَخْلَاقِ

تیری پناہ میں آتا ہوں ناپسندیدہ اخلاق

وَالْأَعْمَالِ وَالْأَهْوَآءِ وَالْأَدْوَآءِ

اور اعمال اور نفسانی خواہشوں اور بیماریوں سے

نَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ مِنْهُ

اور ہم تیری پناہ میں آتے ہیں ہر اس چیز سے جس سے

نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے پناہ مانگی ہے

وَمِنْ جَارِ السُّوْٓءِ فِيْ دَارِ الْمُقَامَةِ

اور مستقل قیامگاہ میں برے پڑوسی سے

فَإِنَّ جَارَ الْبَادِيَةِ يَتَحَوَّلُ وَغَلَبَةِ

اس لئے کہ سفر کا ساتھی تو چل ہی دیتا ہے اور دشمن کے

الْعَدُوِّ وَشَمَاتَةِ الْأَعْدَآءِ وَمِنَ الْجُوْعِ

غلبہ سے، اور دشمنوں کے طعنہ سے، اور بھوک سے

فَإِنَّهُ بِئْسَ الضَّجِيْعُ وَمِنَ الْخِيَانَةِ

کہ وہ بری ہم خواب ہے، اور خیانت سے

فَبِئْسَتِ الْبِطَانَةُ وَأَنْ نُّرْجِعَ عَلَى

کہ وہ بری ہم راز ہے، اور اس سے کہ ہم پچھلے

أَعْقَابِنَا أَوْ نُفْتَنَ عَنْ دِيْنِنَا وَمِنَ

پیروں لوٹ جائیں یا فتنہ میں پڑ کر دین سے الگ ہو جائیں اور

الْفِتَنِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَمِنْ

سارے فتنوں سے جو ظاہری ہوں یا باطنی، اور

يَوْمِ السُّوْٓءِ وَمِنْ لَيْلَةِ السُّوْٓءِ وَمِنْ

برے دن سے اور بری رات سے اور

سَاعَةِ السُّوْٓءِ وَمِنْ صَاحِبِ السُّوْٓءِ ۞

بری گھڑی سے اور برے ساتھی سے۔

# اَلْمَنْزِلُ الرَّابِعُ

## چوتھی منزل منگل

## خُطْبَۃٌ

### قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰہِ وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ

اللہ کے ہاں موجبِ قربت (ہے) اور رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی دُعائیں لینے کا ذریعہ (ہے)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

نَحْمَدُكَ يَا خَيْرَ مَأْمُوْلٍ ۞ وَ

ہم تیری حمد کرتے ہیں اے ان سب سے بہتر جن سے امید قائم کی جاسکتی ہے اور

اَكْرَمَ مَسْئُوْلٍ ۞ عَلٰى مَا عَلَّمْتَنَا

اے ان سب سے کریم تر جن سے کچھ طلب کیا جاسکے کہ تو نے ہمیں

مِنَ الْمُنَاجَاةِ الْمَقْبُوْلِ ۞ مِنْ قُرُبٰتٍ

مناجاتِ مقبول سکھائی جو اللہ کے ہاں موجبِ قربت ہے

عِنْدَ اللّٰهِ وَ صَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ ❁ فَصَلِّ

اور رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی دُعائیں سکھائیں۔ تو (یااللہ) اُن (رسول) پر رحمتِ

عَلَيْهِ مَا اخْتَلَفَ الدَّبُوْرُ وَالْقَبُوْلُ ❁

کامل فرما جب تک کہ پچھوا اور پروا ہوائیں چلتی رہیں

وَانْشَعَبَتِ الْفُرُوْعُ مِنَ الْاُصُوْلِ ❁

اور جڑوں سے شاخیں پھوٹتی رہیں۔ اس کے

ثُمَّ نَسْئَلُكَ بِمَا سَنَقُوْلُ ❁ وَ

بعد ہم تجھ سے وہ طلب کرتے ہیں جو ابھی (آگے) عرض کرتے ہیں۔

مِنَّا السُّؤَالُ وَمِنْكَ الْقَبُوْلُ ❁

اور ہمارا کام طلب کرنا ہے اور تیرا کام عطا کرنا۔

أَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ

# اَلْمَنْزِلُ الرَّابِعُ يَوْمَ الثُّلَاثَاءِ

چوتھی منزل بروز سہ شنبہ (منگل)

اَللّٰهُمَّ لَكَ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ

یا اللہ! تیرے ہی لئے ہے میری نماز اور میری عبادت اور میرا جینا

وَمَمَاتِيْ وَاِلَيْكَ مَاٰبِيْ وَلَكَ رَبِّ

اور میرا مرنا اور تیری ہی طرف ہے میرا رجوع اور تیرا ہی ہے

تُرَاثِيْ ❁ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ مِنْ خَيْرِ

جو کچھ میں چھوڑ جاؤں گا۔ یا اللہ! میں تجھ سے بھلائی مانگتا ہوں

مَا تَجِيْٓءُ بِهِ الرِّيَاحُ ❁ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْٓ

ان چیزوں کی جنہیں ہوائیں لاتی ہیں۔ یا اللہ! مجھے ایسا کر دے

اُعَظِّمُ شُكْرَكَ وَاُكْثِرُ ذِكْرَكَ وَاَتَّبِعُ

کہ تیرا بڑا شکر کروں اور تیرا ذکر بہت کرتا رہوں اور تیری نصیحتوں کو

نَصِيْحَتَكَ وَاَحْفَظُ وَصِيَّتَكَ ط

مانتا رہوں اور تیری ہدایتوں کو یاد رکھوں۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّ قُلُوْبَنَا وَنَوَاصِيَنَا وَجَوَارِحَنَا

یااللہ! ہمارے دل اور ہم خود سرتاپا اور ہمارے اعضا

بِيَدِكَ لَمْ تُمَلِّكْنَا مِنْهَا شَيْئًا فَاِذَا

تیرے ہی قبضہ میں ہیں۔ تو نے ہمیں ان میں سے کسی چیز پر بھی اختیار نہیں دیا ہے جب

فَعَلْتَ ذٰلِكَ بِنَا فَكُنْ اَنْتَ وَلِيَّنَا

تو نے ہمارے ساتھ یہ کیا ہے تو ہی ہمارا مددگار رہیو

وَاهْدِنَآ اِلٰى سَوَآءِ السَّبِيْلِ ❁ اَللّٰهُمَّ

اور ہمیں سیدھی راہ دکھائے رہیو۔ یااللہ!

اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ الْاَشْيَآءِ اِلَيَّ

اپنی محبت کو میرے لئے تمام چیزوں سے محبوب تر

وَاجْعَلْ خَشْيَتَكَ اَخْوَفَ الْاَشْيَآءِ

اور اپنے ڈر کو میرے لئے تمام چیزوں سے خوفناک تر

عِنْدِيْ وَاقْطَعْ عَنِّيْ حَاجَاتِ الدُّنْيَا

بنا دے اور مجھے اپنی ملاقات کا شوق دے کر

بِالشَّوْقِ اِلٰی لِقَآئِکَ وَاِذَآ اَقْرَرْتَ

دنیا کی حاجتیں مجھ سے قطع کر دے۔ اور جہاں تو نے

اَعْیُنَ اَہْلِ الدُّنْیَا مِنْ دُنْیَاھُمْ

دنیا والوں کی آنکھیں ان کی دنیا سے ٹھنڈی کر رکھی ہیں

فَاَقْرِرْ عَیْنِیْ مِنْ عِبَادَتِکَ ❀ اَللّٰھُمَّ

میری آنکھ اپنی عبادت سے ٹھنڈی رکھ۔ یااللہ!

اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ الصِّحَّۃَ وَالْعِفَّۃَ وَالْاَمَانَۃَ

میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں تندرستی کی اور پاکبازی کی اور امانت کی

وَحُسْنَ الْخُلُقِ وَالرِّضٰی بِالْقَدْرِ ❀

اور حسن خلق کی اور تقدیر پر راضی رہنے کی۔

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ شُکْرًا وَّلَکَ الْمَنُّ

یااللہ! تیرے ہی لئے ہر تعریف ہے شکر کے ساتھ اور تیرا ہی حصہ ہے فضل

فَضْلًاط اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ التَّوْفِیْقَ

وکرم کے ساتھ ہر طرح احسان کرنا۔ یااللہ! میں تجھ سے توفیق طلب کرتا ہوں

لِمَحَآبِّكَ مِنَ الْاَعْمَالِ وَصِدْقَ

اعمال کی جو تجھے پسند ہوں اور تجھ پر سچے

التَّوَكُّلِ عَلَيْكَ وَحُسْنَ الظَّنِّ بِكَ ط

توکل کی اور تیرے ساتھ نیک گمان رکھنے کی۔

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ مَسَامِعَ قَلْبِيْ لِذِكْرِكَ

یااللہ! میرے دل کے کان اپنے ذکر کیلئے کھول دے

وَارْزُقْنِيْ طَاعَتَكَ وَطَاعَةَ رَسُوْلِكَ

اور مجھے نصیب کر فرمانبرداری اپنی اور فرمانبرداری اپنے رسول ﷺ کی

وَعَمَلًا بِكِتَابِكَ ۞ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ

اور عمل تیری کتاب پر۔ یا اللہ! مجھے ایسا کردے کہ میں تجھ سے

اَخْشَاكَ كَاَنِّيْ اَرٰكَ اَبَدًا حَتّٰى اَلْقَاكَ

اس طرح ڈرا کروں کہ گویا میں ہروقت تجھے دیکھتا رہتا ہوں یہاں تک کہ تجھ سے آملوں

وَاَسْعِدْنِيْ بِتَقْوٰكَ وَلَا تُشْقِنِيْ

اور مجھے تقویٰ سے سعادت دے، اور مجھے شقی نہ بنا

بِمَعۡصِيَتِكَ ط اَللّٰهُمَّ الۡطُفۡ بِيۡ فِيۡ تَيۡسِيۡرِ

اپنی معصیت سے۔ یااللہ! ہر دشوار کو آسان کر کے مجھ پر

كُلِّ عَسِيۡرٍ فَاِنَّ تَيۡسِيۡرَ كُلِّ عَسِيۡرٍ عَلَيۡكَ

فضل وکرم کردے، اس لئے کہ تیرے لئے ہر دشواری کو آسان کردینا

يَسِيۡرٌ وَّ اَسۡأَلُكَ الۡيُسۡرَ وَالۡمُعَافَاةَ فِي

آسان ہے۔ اور میں تجھ سے دُنیا و آخرت (دونوں) میں

الدُّنۡيَا وَالۡاٰخِرَةِ ط اَللّٰهُمَّ اعۡفُ عَنِّيۡ

سہولت اور معافی کی درخواست کرتا ہوں یا اللہ! مجھ سے درگزر کر۔

فَاِنَّكَ عَفُوٌّ كَرِيۡمٌ ❁ اَللّٰهُمَّ طَهِّرۡ قَلۡبِيۡ

تو بڑا معاف کرنیوالا، بڑا رحم کرنے والا ہے۔ یااللہ! میرے دل کو نفاق

مِنَ النِّفَاقِ وَعَمَلِيۡ مِنَ الرِّيَآءِ وَلِسَانِيۡ

سے پاک کر دے اور میرے عمل کو ریا سے، اور میری زبان کو

مِنَ الۡكَذِبِ وَعَيۡنِيۡ مِنَ الۡخِيَانَةِ فَاِنَّكَ

جھوٹ سے، اور میری آنکھ کو خیانت سے، تجھ پر تو

تَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْیُنِ وَمَا تُخْفِی

روشن ہیں آنکھوں کی چوریاں بھی، اور جو کچھ دل میں چھپائے

الصُّدُوْرُ ❁ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ عَیْنَیْنِ

رکھتے ہیں وہ بھی۔ یااللہ! مجھے برسنے والی آنکھیں نصیب کر

ھَطَّالَتَیْنِ تَسْقِیَانِ الْقَلْبَ بِذُرُوْفِ

جو دل کو تیری خشیت کی بنا پر بہتے ہوئے

الدَّمْعِ مِنْ خَشْیَتِكَ قَبْلَ اَنْ تَكُوْنَ

آنسوؤں سے سیراب کر دیں بغیر اس کے کہ آنسو

الدُّمُوْعُ دَمًا وَّالْاَضْرَاسُ جَمْرًا ❁

خون ہو جائیں اور کچلیاں انگارے بن جائیں۔

اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ قُدْرَتِكَ وَاَدْخِلْنِیْ فِیْ

یااللہ! مجھے اپنی قدرت سے امن چین دے اور مجھے اپنی رحمت

رَحْمَتِكَ وَاقْضِ اَجَلِیْ فِیْ طَاعَتِكَ

سے داخل کر دے اور میری عمر اپنی طاعت میں گزار دے

وَاخْتِمْ لِيْ بِخَيْرِ عَمَلِيْ وَاجْعَلْ ثَوَابَهُ

اور میرا خاتمہ میرے بہترین عمل پر کر اور اس کی جزا

الْجَنَّةَ ❁ اَللّٰهُمَّ فَارِجَ الْهَمِّ كَاشِفَ

جنت دے۔ یااللہ! فکر کے دور کرنے والے، غم کے

الْغَمِّ مُجِيْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ رَحْمٰنَ

زائل کرنے والے، بے قراروں کی دُعا کے قبول کرنے والے،

الدُّنْيَا وَرَحِيْمَهَا اَنْتَ تَرْحَمُنِيْ

دُنیا کے رحمٰن و رحیم، مجھ پر تو ہی رحم کرے گا

فَارْحَمْنِيْ بِرَحْمَةٍ تُغْنِيْنِيْ بِهَا عَنْ

تو میرے اوپر ایسی رحمت کر کہ تو اس کی بنا پر مجھے

رَّحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ ❁ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ

اپنے سوا ہر ایک کی رحمت سے مستغنی کر دے۔ یااللہ! میں

اَسْأَلُكَ مِنْ فُجَآءَةِ الْخَيْرِ وَاَعُوْذُ

تجھ سے مانگتا ہوں بھلائی غیر متوقع اور ناگہانی

بِكَ مِنْ فُجَاءَةِ الشَّرِّ ❁ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ

برائی سے تیری پناہ۔ یا اللہ! تیرا ہی

السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ وَاِلَيْكَ يَعُوْدُ

نام سلام ہے اور تجھی سے سلامتی کی ابتداء ہے اور تیری ہی طرف ہر

السَّلَامُ اَسْأَلُكَ يَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

سلامتی لوٹتی ہے۔ اے صاحب عزت وجلال میں تجھ سے یہ درخواست کرتا ہوں

اَنْ تَسْتَجِيْبَ لَنَا دَعْوَتَنَا وَاَنْ تُعْطِيَنَا

کہ تو ہمارے حق میں ہماری دُعا قبول کر لے اور تو ہماری

رَغْبَتَنَا وَاَنْ تُغْنِيَنَا عَمَّنْ اَغْنَيْتَهٗ

خواہشیں پوری کر دے اور تو نے اپنی مخلوق میں سے جن کو ہم سے

عَنَّا مِنْ خَلْقِكَ ❁ اَللّٰهُمَّ خِرْلِيْ

غنی کر دیا ہے، اُن سے ہم کو بھی غنی کر دے۔ یا اللہ! تو ہی میرے لئے

وَاخْتَرْلِيْ ❁ اَللّٰهُمَّ اَرْضِنِيْ بِقَضَآئِكَ

(چیزوں کو) چھانٹ لے اور پسند کر لے۔ یا اللہ! مجھے اپنی مشیت پر راضی رکھ

وَبَارِكْ لِيْ فِيْ مَا قُدِّرَ لِيْ حَتّٰى

اور جو کچھ میرے لئے مقدر کردیا گیا ہے اس میں مجھے برکت دے تاکہ

لَآ اُحِبَّ تَعْجِيْلَ مَآ اَخَّرْتَ وَلَا

جو چیز تونے دیر میں رکھی ہے اُس کیلئے میں جلدی نہ چاہوں، اور جو

تَاْخِيْرَ مَا عَجَّلْتَ ۞ اَللّٰهُمَّ لَا عَيْشَ

چیز تونے جلدی رکھی ہے، اس میں میں دیر نہ چاہوں۔ یااللہ! عیش تو

اِلَّا عَيْشُ الْاٰخِرَةِ ۞ اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِيْ

بس عیش آخرت ہی ہے اور (اس کے سوا) کوئی نہیں۔ یااللہ! مجھے

مِسْكِيْنًا وَّ اَمِتْنِيْ مِسْكِيْنًا وَّاحْشُرْنِيْ

خاکسار بنا کر زندہ رکھ اور خاکساری ہی کی حالت میں موت لا۔ اور خاکساروں

فِيْ زُمْرَةِ الْمَسَاكِيْنِ ۞ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ

میں ہی مجھے اُٹھا۔ یااللہ! مجھے ان لوگوں میں سے کردے

مِنَ الَّذِيْنَ اِذَآ اَحْسَنُوا اسْتَبْشَرُوْا

جو جب کوئی نیک کام کرتے ہیں تو خوش ہوتے ہیں

وَاِذَآ اَسَآءُوْا اسْتَغْفَرُوْا ❁ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ

اور جب کوئی برائی کرتے ہیں، تو مغفرت چاہنے لگتے ہیں۔ یااللہ!

اَسْأَلُكَ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِكَ تَهْدِيْ

میں تجھ سے تیری خاص رحمت کی درخواست کرتا ہوں جس سے تو

بِهَا قَلْبِيْ وَتَجْمَعُ بِهَآ اَمْرِيْ وَتَلُمُّ

میرے دل کو ہدایت کردے۔ اوراس سے میرے کاموں کو جمعیت دے اوراس سے

بِهَا شَعَثِيْ وَتُصْلِحُ بِهَا دِيْنِيْ

میری ابتری کو درست کردے، اور اس سے میرے دین کو سنوار دے،

وَتَقْضِيْ بِهَا دَيْنِيْ وَتَحْفَظُ بِهَا

اور اس سے میرے قرضہ کو ادا کردے اور اس سے میری نظر سے

غَآئِبِيْ وَتَرْفَعُ بِهَا شَاهِدِيْ وَتُبَيِّضُ

غائب چیزوں کی نگہبانی کر، اوراس سے میری پیش نظر چیزوں کو بلندی عطا کر، اور

بِهَا وَجْهِيْ وَتُزَكِّيْ بِهَا عَمَلِيْ

اس سے میرا چہرہ نورانی کردے اوراس سے میرا عمل پاکیزہ کردے،

وَتُلْهِمُنِيْ بِهَا رَشَدِيْ وَتَرُدُّ بِهَا

اوراس سے رُشد میرے دل میں ڈال دے اوراس سے میرے حال

أُلْفَتِيْ وَتَعْصِمُنِيْ بِهَا مِنْ كُلِّ

مالوف کو لوٹا دے اور اس کے واسطہ سے مجھے ہر

سُوْءٍ ❁ اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْ اِيْمَانًا لَّا

برائی سے بچائے رکھ۔ یااللہ! مجھے ایسا ایمان دے جو پھر نہ

يَرْتَدُّ وَيَقِيْنًا لَّيْسَ بَعْدَهٗ كُفْرٌ

پھرے اور ایسا یقین کہ اس کے بعد کفر نہ ہو،

وَّرَحْمَةً اَنَالُ بِهَا شَرَفَ كَرَامَتِكَ

اور ایسی رحمت کہ اس کے ذریعہ سے میں دُنیا اور آخرت میں

فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ❁ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ

تیرے ہاں کی عزت کا شرف پالوں۔ یااللہ! میں

اَسْأَلُكَ الْفَوْزَ فِي الْقَضَآءِ وَنُزُلَ

تجھ سے طلب کرتا ہوں امورِ تکوینی میں کامیابی، اور شہیدوں

الشُّهَدَآءِ وَعَيْشَ السُّعَدَآءِ وَمُرَافَقَةَ

کی سی مہمانی اور سعیدوں کا سا عیش اور انبیاء کی

الْاَنْبِيَآءِ وَالنَّصْرَ عَلَى الْاَعْدَآءِ إِنَّكَ

رفاقت اور دشمنوں پر فتح، بیشک تو ہی

سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ۞ اَللّٰهُمَّ مَا قَصُرَ

دُعاؤں کا سننے والا ہے۔ یا اللہ! جو بھلائی بھی ایسی ہو کہ

عَنْهُ رَأْيِيْ وَضَعُفَ عَنْهُ عَمَلِيْ

اس تک پہنچنے سے میری سمجھ قاصر رہ گئی ہو اور میرا عمل وہاں تک نہ ساتھ دے سکا ہو

وَلَمْ تَبْلُغْهُ مُنْيَتِيْ وَمَسْأَلَتِيْ مِنْ

اور اس تک میری آرزو اور میرے سوال کی رسائی نہ ہو،

خَيْرٍ وَّعَدْتَّهٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ

اور تونے اس بھلائی کا وعدہ اپنی مخلوق میں سے کسی سے بھی کیا ہو

اَوْ خَيْرٍ اَنْتَ مُعْطِيْهِ اَحَدًا مِّنْ

یا جو ایسی بھلائی ہو کہ تو اپنے بندوں میں سے کسی کو بھی وہ

عِبَادِكَ فَاِنِّيْۤ اَرْغَبُ اِلَيْكَ فِيْهِ

دینے والا ہو تو میں تجھ سے اس کی خواہش

وَاَسْأَلُكَ بِرَحْمَتِكَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۞

اور تجھ سے تیری رحمت کے واسطہ سے طلب کرتا ہوں، اے عالموں کے پروردگار

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْۤ اُنْزِلُ بِكَ حَاجَتِيْ وَاِنْ

یااللہ! میں اپنی خواہش تیرے ہی حوالہ کرتا ہوں گو

قَصُرَ رَأْيِيْ وَضَعُفَ عَمَلِيْ اِفْتَقَرْتُ

میری سمجھ کوتاہی کرے اور میرا عمل ضعیف رہے، میں محتاج ہوں

اِلٰى رَحْمَتِكَ فَاَسْأَلُكَ يَا قَاضِيَ الْاُمُوْرِ

تیری رحمت کا، تو اے سب کاموں کے پورا کرنے والے

وَيَا شَافِيَ الصُّدُوْرِ كَمَا تُجِيْرُ بَيْنَ

اور اے دلوں کے شفا دینے والے، میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں کہ جس طرح تو نے

الْبُحُوْرِ اَنْ تُجِيْرَنِيْ مِنْ عَذَابِ

سمندروں کے درمیان فاصلہ رکھا ہے، تو مجھے بھی دوزخ کے

السَّعِيْرِ وَمِنْ دَعْوَةِ الثُّبُوْرِ وَمِنْ

عذاب سے اور جزع فزع سے اور

فِتْنَةِ الْقُبُوْرِ ۞ اَللّٰهُمَّ ذَا الْحَبْلِ

فتنہ قبور سے (ایسے ہی) فاصلہ پر رکھیو۔ یا اللہ! مضبوط ڈور

الشَّدِيْدِ وَالْاَمْرِ الرَّشِيْدِ اَسْأَلُكَ

والے اور درست حکم والے، میں تجھ سے حشر میں

الْاَمْنَ يَوْمَ الْوَعِيْدِ وَالْجَنَّةَ يَوْمَ

امن کی طلب کرتا ہوں اور آخرت میں جنت کی،

الْخُلُوْدِ مَعَ الْمُقَرَّبِيْنَ الشُّهُوْدِ

اُن لوگوں کے ساتھ جو مقرب ہیں، حاضر باش ہیں،

الرُّكَّعِ السُّجُوْدِ الْمُوْفِيْنَ بِالْعُهُوْدِ

بڑے رکوع کرنے والے ہیں، بڑے سجدہ کرنے والے ہیں، اور اپنے اقراروں کو پورا

اِنَّكَ رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ وَّاِنَّكَ تَفْعَلُ مَا

کرنے والے ہیں۔ بے شک تو بڑا مہربان ہے۔ بڑا شفیق ہے اور تو

تُرِيْدُ ❁ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا هَادِيْنَ مُهْتَدِيْنَ

جو چاہے کر سکتا ہے۔ یااللہ! ہمیں بنادے راہنما راہ یاب

غَيْرَ ضَآلِّيْنَ وَلَا مُضِلِّيْنَ سِلْمًا

نہ کہ بے راہ اور بھٹکانے والے اور اپنے دوستوں کا

لِّاَوْلِيَآئِكَ وَحَرْبًا لِّاَعْدَآئِكَ نُحِبُّ

دوست اور اپنے دشمنوں کا دشمن۔ ہم تیری مخلوق میں سے

بِحُبِّكَ مَنْ اَحَبَّكَ وَنُعَادِيْ بِعَدَاوَتِكَ

اسی کو دوست رکھیں جو تجھے دوست رکھتا ہو، اور دشمن رکھیں

مَنْ خَالَفَكَ مِنْ خَلْقِكَ ❁ اَللّٰهُمَّ

اُسے جو تیرا نافرمان ہو۔ یا اللہ!

هٰذَا الدُّعَآءُ وَعَلَيْكَ الْاِجَابَةُ وَهٰذَا

دُعا تو یہ ہے اور قبول کرنا تیرا کام ہے۔ اور

الْجَهْدُ وَعَلَيْكَ التُّكْلَانُ ط اَللّٰهُمَّ لَا

کوشش یہ ہے اور بھروسہ تیرے ہی اوپر ہے۔ یااللہ! مجھے

تَكِلْنِيْٓ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّلَا

میرے نفس کے حوالہ ایک پلک بھر کے لئے بھی نہ کر اور

تَنْزِعْ مِنِّيْ صَالِحَ مَآ اَعْطَيْتَنِيْ ۞

جو بھی اچھی چیزیں تو نے مجھے دی ہیں، وہ مجھ سے واپس نہ لے۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ لَسْتَ بِاِلٰهٍ اِسْتَحْدَثْنَاهُ

یااللہ! تو ایسا خدا تو نہیں ہے جسے ہم نے گھڑ لیا ہو

وَلَا بِرَبٍّ يَّبِيْدُ ذِكْرُهٗ ابْتَدَعْنَاهُ وَلَا

اور نہ ایسا پروردگار جس کا ذکر نا پائیدار رہے کہ ہم نے اسے اختراع کرلیا ہو، اور نہ

عَلَيْكَ شُرَكَآءُ يَقْضُوْنَ مَعَكَ وَلَا كَانَ

تیرے اور ساتھی ہیں جو حکم میں تیرے شریک ہیں، اور نہ

لَنَا قَبْلَكَ مِنْ اِلٰهٍ نَّلْجَأُ اِلَيْهِ

تجھ سے پہلے ہی ہمارا کوئی خدا تھا جس سے ہم پناہ حاصل کرتے رہے ہوں،

وَنَذَرُكَ وَلَآ اَعَانَكَ عَلٰى خَلْقِنَآ

اور تجھ کو چھوڑ دیتے ہوں اور نہ کسی نے ہمارے پیدا کرنے میں

أَحَدٌ فَنُشْرِكَهٗ فِيْكَ ؕ تَبَارَكْتَ

تیری مدد کی ہے کہ ہم اس کو تیرے ساتھ شریک سمجھیں، تو بابرکت ہے

وَتَعَالَيْتَ فَنَسْأَلُكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

اور تو برتر ہے پس ہم تجھ سے اے وہ کہ سوا تیرے کوئی معبود نہیں، درخواست

اغْفِرْ لِيْ ❁ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ خَلَقْتَ نَفْسِيْ

کرتے ہیں کہ تو مجھے بخش دے۔ یا اللہ! تو نے ہی میری جان کو پیدا کیا ہے

وَاَنْتَ تَوَفّٰهَا لَكَ مَمَاتُهَا وَمَحْيَاهَا

اور تو ہی اسے موت دے گا۔ تیرے ہی ہاتھ میں اس کا مرنا اور اس کا جینا ہے۔

اِنْ اَحْيَيْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهٖ

تو اگر اسے زندہ رکھتا ہے تو اس کی ایسی حفاظت کر جیسی کہ تو

عِبَادَكَ الصّٰلِحِيْنَ وَاِنْ اَمَتَّهَا فَاغْفِرْ

اپنے نیک بندوں کی حفاظت کرتا ہے اور اگر تو اسے موت دیتا ہے، تو اسے بخش دینا

لَهَا وَارْحَمْهَا ❁ اَللّٰهُمَّ اَغْنِنِيْ بِالْعِلْمِ

اور اس پر رحم کرنا۔ یا اللہ! مجھے مدد دے علم دے کر

وَزَيِّنِّي بِالْحِلْمِ وَاَكْرِمْنِي بِالتَّقْوٰى

اور مجھے آراستہ کر وقار دے کر، اور مجھے بزرگی دے تقویٰ دے کر

وَجَمِّلْنِي بِالْعَافِيَةِ ❁ اَللّٰهُمَّ لَا يُدْرِكُنِي

اور مجھے جمال دے امن چین دے کر۔ یااللہ! مجھے وہ زمانہ نہ پائے

زَمَانٌ وَّلَا يُدْرِكُوْا زَمَانًا لَّا يُتَّبَعُ فِيْهِ

اور نہ یہ لوگ اس زمانہ کو پائیں جس میں نہ صاحب علم کی

الْعَلِيْمُ وَلَا يُسْتَحْيٰى فِيْهِ مِنَ الْحَلِيْمِ

پیروی کی جائے اور نہ صاحب علم کا لحاظ کیا جائے

قُلُوْبُهُمْ قُلُوْبُ الْاَعَاجِمِ وَاَلْسِنَتُهُمْ

ان کے دل عجمیوں کے سے ہو جائیں اور ان کی زبانیں

اَلْسِنَةُ الْعَرَبِ ❁ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَتَّخِذُ

اہل عرب کی سی ہو جائیں۔ یااللہ! میں تجھ سے وعدہ لیتا ہوں

عِنْدَكَ عَهْدًا لَّنْ تُخْلِفَنِيْهِ فَاِنَّمَآ

جسے تو ہرگز ہرگز نہ توڑیو، کہ میں بھی

اَنَا بَشَرٌ فَاَيُّمَا مُؤْمِنٍ اٰذَيْتُهٗ

آخر بشر ہی ہوں سو جس کسی مسلمان کو میں تکلیف دوں

اَوْ شَتَمْتُهٗٓ اَوْ جَلَدْتُّهٗٓ اَوْ لَعَنْتُهٗ

یا اسے برا بھلا کہوں یا اسے ماروں پیٹوں، یا اسے بددُعا دوں

فَاجْعَلْهَا لَهٗ صَلٰوةً وَّ زَكٰوةً وَّقُرْبَةً

تو اس (سب) کوتو اس کے حق میں رحمت اور پاکیزگی اور قربت کا ذریعہ بنادیجئو،

تُقَرِّبُهٗ بِهَآ اِلَيْكَ ❁ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ

جس سے تو اس کو مقرب بنالے۔ یااللہ! میں تیری پناہ میں

بِكَ مِنَ الْبَرَصِ وَمِنَ الشِّقَاقِ

آتا ہوں، برص سے اور ضدا ضدی سے

وَالنِّفَاقِ وَسُوْٓءِ الْاَخْلَاقِ وَمِنْ شَرِّ

اور نفاق سے اور برے اخلاق سے اور ہر اس چیز کی

مَا تَعْلَمُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ حَالِ

برائی سے جو تیرے علم میں ہے، میں اللہ کی پناہ میں آتا ہوں اہل دوزخ

أَهْلِ النَّارِ وَمِنَ النَّارِ وَمَا قَرَّبَ

کے حال سے اور (خود) دوزخ سے اور ہر اس چیز سے

إِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ أَوْ عَمَلٍ وَّمِنْ شَرِّ

خواہ وہ قول ہو یا عمل جو اس سے قریب کرے۔ اور ہر اس چیز کی برائی سے

مَا أَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهٖ وَأَعُوْذُ

جو تیرے قبضہ میں ہے، اور تیری پناہ میں آتا ہوں

بِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ

ہر اس برائی سے جو آج کے دن میں ہے

وَشَرِّ مَا بَعْدَهٗ وَمِنْ شَرِّ

اور ہر اس برائی سے جو اس کے بعد ہے اور اپنے نفس کی

نَفْسِيْ وَشَرِّ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهٖ

برائی سے اور شیطان کی برائی سے اور شیطان کے شرک سے

وَأَنْ نَّقْتَرِفَ عَلٰٓى أَنْفُسِنَا سُوْٓءًا

اور اس سے کہ ہم کسی شر کو اپنے اوپر لگائیں

أَوْ نَجُرَّهُ إِلَى مُسْلِمٍ أَوْ أَكْتَسِبَ

یا اسے کسی مسلمان تک پہنچائیں یا میں کوئی ایسی

خَطِيْئَةً أَوْ ذَنْبًا لَّا تَغْفِرُهُ وَمِنْ

خطا یا گناہ کروں جسے تو نہ بخشے

ضِيْقِ الْمَقَامِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۞

اور قیامت کے دن تنگی سے ۔



# اَلْمَنْزِلُ الْخَامِسُ

## پانچویں منزل — بُدھ

## خُطْبَۃٌ

### قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰہِ وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ

اللہ کے ہاں موجبِ قربت (ہے) اور رسول اللہ ﷺ کی دُعائیں لینے کا ذریعہ (ہے)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

نَحْمَدُكَ يَا خَيْرَ مَأْمُوْلٍ ❀ وَ

ہم تیری حمد کرتے ہیں اے ان سب سے بہتر جن سے امید قائم کی جاسکتی ہے اور

اَكْرَمَ مَسْئُوْلٍ ❀ عَلٰى مَا عَلَّمْتَنَا

اے ان سب سے کریم تر جن سے کچھ طلب کیا جاسکے کہ تو نے ہمیں

مِنَ الْمُنَاجَاةِ الْمَقْبُوْلِ ❀ مِنْ قُرُبٰتٍ

مناجاتِ مقبول سکھائی جو اللہ کے ہاں موجبِ قربت ہے

عِنْدَ اللّٰهِ وَ صَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ ۞ فَصَلِّ

اور رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی دُعائیں سکھائیں۔ تو (یا اللہ) اُن (رسول) پر رحمتِ

عَلَيْهِ مَا اخْتَلَفَ الدَّبُوْرُ وَالْقَبُوْلُ ۞

کامل فرما جب تک کہ پچھوا اور پروا ہوائیں چلتی رہیں

وَانْشَعَبَتِ الْفُرُوْعُ مِنَ الْاُصُوْلِ ۞

اور جڑوں سے شاخیں پھوٹتی رہیں۔ اس کے

ثُمَّ نَسْئَلُكَ بِمَا سَنَقُوْلُ ۞ وَ

بعد ہم تجھ سے وہ طلب کرتے ہیں جو ابھی (آگے) عرض کرتے ہیں۔

مِنَّا السُّؤَالُ وَمِنْكَ الْقَبُوْلُ ۞

اور ہمارا کام طلب کرنا ہے اور تیرا کام عطا کرنا۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ

# اَلْمَنْزِلُ الْخَامِسُ یَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ

پانچویں منزل بروز چہار شنبہ (بدھ)

اَللّٰھُمَّ حَصِّنْ فَرْجِیْ وَیَسِّرْلِیْٓ اَمْرِیْ ❁

یااللہ! میری شرمگاہ کومحفوظ کردے اور مجھ پر میرے کام آسان کردے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْأَلُكَ تَمَامَ الْوُضُوْءِ

یااللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں وضو کا کمال

وَتَمَامَ الصَّلٰوۃِ وَتَمَامَ رِضْوَانِكَ

اور نماز کا کمال اور تیری خوشنودی کا کمال

وَتَمَامَ مَغْفِرَتِكَ ❁ اَللّٰھُمَّ اَعْطِنِیْ

اور تیری مغفرت کا کمال۔ یااللہ! میرا نامہ اعمال

كِتَابِیْ بِيَمِيْنِیْ ❁ اَللّٰھُمَّ غَشِّنِیْ

میرے داہنے ہاتھ میں دیجیو۔ یااللہ! مجھے اپنی رحمت میں

بِرَحْمَتِكَ وَجَنِّبْنِیْ عَذَابَكَ ❁ اَللّٰھُمَّ

ڈھانپ لے اور مجھے اپنے عذاب سے بچائے رکھنا۔ یااللہ!

ثَبِّتْ قَدَمَیَّ یَوْمَ تَزِلُّ فِیْهِ

میرے قدم ثابت رکھنا جس دن کہ

الْاَقْدَامُ ﴿ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنَا مُفْلِحِیْنَ ﴿

قدم ڈگنے لگیں گے۔ یااللہ! ہمیں فلاح یاب بنائیو۔

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ اَقْفَالَ قُلُوْبِنَا بِذِکْرِكَ

یااللہ! اپنے ذکر سے ہمارے دلوں کے قفل کھول دے

وَاَتْمِمْ عَلَیْنَا نِعْمَتَكَ وَاَسْبِغْ عَلَیْنَا

اور ہم پر اپنی نعمت کو پورا کر، اپنے فضل کو

مِنْ فَضْلِكَ وَاجْعَلْنَا مِنْ عِبَادِكَ

پورا کر، اور ہمیں اپنے نیک بندوں میں

الصّٰلِحِیْنَ ﴿ اَللّٰھُمَّ اٰتِنِیْ اَفْضَلَ

سے کرلے۔ یااللہ! مجھے وہ سب سے بڑھ کر دے

مَا تُؤْتِیْ عِبَادَكَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿ اَللّٰھُمَّ

جو تو اپنے نیک بندوں کو دیتا ہو۔ یااللہ!

اَحْيِنِيْ مُسْلِمًا وَّاَمِتْنِيْ مُسْلِمًا ۞ اَللّٰهُمَّ

مجھے مسلمان ہی زندہ رکھ اور مسلمان ہی (رکھ کر) مجھے وفات دے۔ یااللہ!

عَذِّبِ الْكَفَرَةَ وَاَلْقِ فِيْ قُلُوْبِهِمُ

کافروں کو عذاب دے، اور ان کے دلوں میں

الرُّعْبَ وَخَالِفْ بَيْنَ كَلِمَتِهِمْ وَاَنْزِلْ

ہیبت بٹھادے اور ان کی بات میں اختلاف پیدا کردے، اور

عَلَيْهِمْ رِجْزَكَ وَعَذَابَكَ ط اَللّٰهُمَّ عَذِّبِ

ان پر اپنا قہر و عذاب نازل کر، یااللہ! کافروں کو

الْكَفَرَةَ اَهْلَ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ الَّذِيْنَ

عذاب دے، چاہے وہ اہل کتاب ہوں یا مشرک۔ جو

يَجْحَدُوْنَ اٰيَاتِكَ وَيُكَذِّبُوْنَ رُسُلَكَ

تیری آیتوں کا انکار کرتے ہیں اور تیرے رسولوں کی تکذیب کرتے ہیں

وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِكَ وَيَتَعَدَّوْنَ

اور تیری راہ سے (دوسروں کو) روکتے ہیں اور تیری (مقرر کی ہوئی)

حُدُوْدَكَ وَيَدْعُوْنَ مَعَكَ اِلٰهًا اٰخَرَ

حدوں سے تجاوز کرتے ہیں، اور تیرے ساتھ کسی اور معبود کو بھی پکارتے ہیں

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ عَمَّا

حالانکہ کوئی بھی معبود نہیں ہے، بجز تیرے، بابرکت ہے تو اور ہر طرح

يَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا ۞ اَللّٰهُمَّ

نہایت درجہ برتر ہے تو اس سے کہ جو یہ ظالم کہتے ہیں۔ یااللہ!

اغْفِرْلَنَا وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

تو مجھے بخش دے اور تمام ایمان والوں اور ایمان والیوں کو

وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَاَصْلِحْهُمْ

اور تمام اسلام والوں اور اسلام والیوں کو اور انہیں سنوار دے

وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِهِمْ وَاَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ

اور ان کے آپس میں صلح کر دے اور ان کے دلوں میں اُلفت دیدے

وَاجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَالْحِكْمَةَ

اور ان کے دلوں میں حکمت اور ایمان رکھ دے

وَثَبِّتْهُمْ عَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِكَ وَاَوْزِعْهُمْ

اور انہیں اپنے رسول کے دین پر ثابت رکھ اور انہیں توفیق دے کہ

اَنْ يَّشْكُرُوْا نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ

جو نعمت تو نے انہیں نصیب کی ہے اس کا وہ شکر کرتے

عَلَيْهِمْ وَاَنْ يُّوْفُوْا بِعَهْدِكَ الَّذِيْ

رہیں۔ اور جو عہد تو نے ان سے لیا ہے

عَاهَدْتَّهُمْ عَلَيْهِ وَانْصُرْهُمْ عَلٰى عَدُوِّكَ

اسے وہ پورا کرتے رہیں اور انہیں اپنے

وَعَدُوِّهِمْ اِلٰهَ الْحَقِّ سُبْحٰنَكَ لَآ اِلٰهَ

اور اُن کے دشمنوں پر غالب رکھ۔ اے معبودِ برحق! تو پاک ہے، کوئی معبود

غَيْرُكَ ط اِغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَاَصْلِحْ لِيْ

سوا تیرے نہیں ہے۔ میرے گناہ بخش دے اور میرے عمل

عَمَلِيْٓ اِنَّكَ تَغْفِرُ الذُّنُوْبَ لِمَنْ تَشَآءُ

درست کر دے بیشک تو ہی گناہ بخش دیتا ہے جس کے چاہتا ہے

وَاَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ يَا غَفَّارُ اغْفِرْ لِيْ

اور تو ہی مغفرت کرنے والا ہے، رحم کرنیوالا ہے۔ اے بخشنے والے! مجھے بخش دے،

يَا تَوَّابُ تُبْ عَلَيَّ يَا رَحْمٰنُ ارْحَمْنِيْ

اے توبہ قبول کرنے والے! میری توبہ قبول کر، اے بہت زیادہ رحم کرنے والے! مجھ پر رحم کر۔

يَا عَفُوُّ اعْفُ عَنِّيْ يَا رَءُوْفُ ارْؤُفْ

اے معاف کرنے والے! مجھے معاف کردے۔ اے مہربان! مجھ پر مہربانی کر۔

بِيْ يَا رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ

اے پروردگار! مجھے توفیق دے کہ تونے جو نعمت مجھے دی ہے

الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَطَوِّقْنِيْ حُسْنَ

اس کا شکر ادا کروں اور مجھے طاقت دے کہ

عِبَادَتِكَ يَا رَبِّ اَسْأَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ

تیری عبادت اچھی طرح کروں۔ اے پروردگار! میں تجھ سے بھلائی مانگتا ہوں

كُلِّهٖ يَا رَبِّ افْتَحْ لِيْ بِخَيْرٍ وَّاخْتِمْ لِيْ

سب کی سب۔ اے پروردگار! میرا آغاز خیر کے ساتھ کر اور میرا خاتمہ

بِخَيْرٍ وَّقِنِي السَّيِّاٰتِ وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ

خیر کے ساتھ کر، اور مجھے برائیوں سے بچالے، اور جسے تونے برائیوں سے

يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ؕ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ

اُس دن بچا لیا بیشک تونے اس پر رحم ہی کیا، اور یہی تو بڑی

الْعَظِيْمُ ❁ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كُلُّهٗ وَلَكَ

کامیابی ہے۔یااللہ! تیرے ہی لئے تعریف ہے، سب کی سب اور تیرے ہی لئے

الشُّكْرُ كُلُّهٗ وَلَكَ الْمُلْكُ كُلُّهٗ وَلَكَ الْخَلْقُ

شکر ہے سب کا سب اور تیرے ہی لئے ہے حکومت سب کی سب، اور تیرے ہی لئے ہے

كُلُّهٗ بِيَدِكَ الْخَيْرُ كُلُّهٗ وَاِلَيْكَ يَرْجِعُ الْاَمْرُ

مخلوق سب کی سب، تیرے ہی ہاتھ میں بھلائی ہے سب کی سب، تیری ہی طرف امور

كُلُّهٗ اَسْأَلُكَ الْخَيْرَ كُلَّهٗ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ

رجوع ہوتے ہیں سب کے سب، میں مانگتا ہوں تجھ سے بھلائی سب کی سب، اور میں تیری پناہ میں آتا ہوں

الشَّرِّ كُلِّهٖ ❁ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ غَيْرُهٗ ؕ

ساری کی ساری برائیوں سے۔اس اللہ کے نام (کی برکت) سے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔

اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ عَنِّی الْھَمَّ وَالْحُزْنَ ط اَللّٰھُمَّ

یااللہ! مجھ سے فکر اور غم دُور فرما دے، یااللہ! میں تیری

بِحَمْدِكَ انْصَرَفْتُ وَبِذَنْبِی اعْتَرَفْتُ ۞ اَللّٰھُمَّ

ہی حمد کے ساتھ چلتا پھرتا ہوں اور اپنے گناہوں کا اعتراف کرتا ہوں۔ یااللہ!

اِلٰھِیْ وَاِلٰہَ اِبْرَاھِیْمَ وَاِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ

میرے معبود اور ابراہیم و اسحاق و یعقوب کے معبود

وَاِلٰہَ جِبْرَئِیْلَ وَمِیْكَآئِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ

اور جبرئیل اور میکائیل اور اسرافیل کے معبود

اَسْأَلُكَ اَنْ تَسْتَجِیْبَ دَعْوَتِیْ فَاِنَّا

میں تجھ سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ میری عرض قبول کرلے کہ میں

مُضْطَرٌّ وَّتَعْصِمَنِیْ فِیْ دِیْنِیْ فَاِنِّیْ

بے قرار ہوں۔ اور تو مجھے میرے دین کے باب میں محفوظ رکھ کہ میں

مُبْتَلًی وَّتَنَالَنِیْ بِرَحْمَتِكَ فَاِنِّیْ مُذْنِبٌ

بلا میں پڑا ہوا ہوں۔ اور اپنی رحمت میرے شامل حال رکھنا کہ میں گنہگار ہوں،

وَّتَنْفِيْ عَنِّيْ الْفَقْرَ فَاِنِّيْ مُتَمَسْكِنٌ ۞

اور مجھ سے محتاجی دُور رکھنا، کہ میں بے کس ہوں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ السَّآئِلِيْنَ

یااللہ! میں تجھ سے ہر اس حق سے مانگتا ہوں جو سائلوں کا

عَلَيْكَ فَاِنَّ لِلسَّآئِلِ عَلَيْكَ حَقًّا اَيُّمَا

تجھ پر ہے۔ کیونکہ بے شک سائلوں کا تجھ پر حق ہے کہ

عَبْدٍ اَوْ اَمَةٍ مِّنْ اَهْلِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ

خشکی اور تری کے جس کسی بھی غلام یا باندی کی

تَقَبَّلْتَ دَعْوَتَهُمْ وَاسْتَجَبْتَ دُعَآءَهُمْ

دُعا تونے قبول کی ہو، اور ان کی دعا کو قبول کیا ہو

اَنْ تُشْرِكَنَا فِيْ صَالِحِ مَا يَدْعُوْنَكَ

تو ہمیں ان اچھی دُعاؤں میں شریک کر دے جو وہ تجھ سے

فِيْهِ وَاَنْ تُشْرِكَهُمْ فِيْ صَالِحِ مَا

مانگیں اور تو انہیں ان اچھی دعاؤں میں شریک کر دے جو

نَدْعُوْكَ فِيْهِ وَاَنْ تُعَافِيَنَا وَاِيَّاهُمْ

ہم تجھ سے مانگیں۔ اور یہ کہ تو ہمیں اور انہیں چین دے،

وَاَنْ تَقَبَّلَ مِنَّا وَمِنْهُمْ وَاَنْ تَجَاوَزَ

اور تو ہماری اور ان کی دعائیں قبول کرے اور یہ کہ تو ہم سے

عَنَّا وَعَنْهُمْ فَاِنَّنَا اٰمَنَّا بِمَا اَنْزَلْتَ

اور اُن سے درگزر کر۔ بیشک ہم ایمان لائے اُس پر جو تو نے اتارا ہے

وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ۞

اور ہم نے رسول کی پیروی کی پس ہمیں بھی شہادت دینے والوں میں لکھ لے۔

اَللّٰهُمَّ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِيْلَةَ وَاجْعَلْ

یا اللہ! محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو مقام وسیلہ عنایت کر، اور آپ

فِي الْمُصْطَفَيْنَ مَحَبَّتَهٗ وَفِي الْاَعْلَيْنَ

کی محبوبیت برگزیدہ لوگوں میں کر دے اور آپ کا مرتبہ عالی

دَرَجَتَهٗ وَفِي الْمُقَرَّبِيْنَ ذِكْرَهٗ ۞

لوگوں میں، اور آپ کا ذکر اہل تقرب میں

اَللّٰهُمَّ اهْدِنِىْ مِنْ عِنْدِكَ وَاَفِضْ

یااللہ! مجھے اپنے ہاں سے ہدایت نصیب کر اور

عَلَىَّ مِنْ فَضْلِكَ وَاَسْبِغْ عَلَىَّ مِنْ

مجھے اپنے فضل وکرم سے مستفید کر، اور مجھ پر

رَّحْمَتِكَ وَاَنْزِلْ عَلَىَّ مِنْ بَرَكَاتِكَ ۞

اپنی رحمت کامل کر، اور مجھ پر اپنی برکتیں نازل کر۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِىْ وَارْحَمْنِىْ وَتُبْ عَلَىَّ

یااللہ! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم کر، اور میری توبہ قبول کر،

اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۞ اَللّٰهُمَّ

تو ہی بڑا توبہ قبول کرنے والا اور بڑا رحم والا ہے۔ یااللہ!

اِنِّىْٓ اَسْأَلُكَ تَوْفِيْقَ اَهْلِ الْهُدٰى

میں تجھ سے توفیق مانگتا ہوں اہل ہدایت کی سی

وَاَعْمَالَ اَهْلِ الْيَقِيْنِ وَمُنَاصَحَةَ

اور اعمال اہل یقین کے سے اور اخلاص

اَهْلِ التَّوْبَةِ وَعَزْمَ اَهْلِ الصَّبْرِ

اہل توبہ کا سا اور ہمت اہل صبر کی سی

وَجِدَّ اَهْلِ الْخَشْيَةِ وَطَلَبَ اَهْلِ

اور کوشش اہل خوف کی سی اور طلب اہل

الرَّغْبَةِ وَتَعَبُّدَ اَهْلِ الْوَرَعِ وَعِرْفَانَ

شوق کی سی اور عبادت اہل تقویٰ کی سی اور معرفت

اَهْلِ الْعِلْمِ حَتّٰٓى اَلْقَاكَ ❁ اَللّٰهُمَّ

اہل علم کی سی تا آنکہ میں تجھ سے مل جاؤں۔ یااللہ!

اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ مَخَافَةً تَحْجُزُنِيْ عَنْ

میں تجھ سے وہ خوف مانگتا ہوں جو مجھے تیری نافرمانیوں

مَّعَاصِيْكَ حَتّٰٓى اَعْمَلَ بِطَاعَتِكَ عَمَلًا

سے روک دے۔ تاکہ میں تیری طاعت کے ایسے عمل کروں

اَسْتَحِقُّ بِهٖ رِضَاكَ وَحَتّٰٓى اُنَاصِحَكَ

جن سے میں تیری خوشنودی کا مستحق ہو جاؤں اور تاکہ میں تجھ سے ڈر کر

بِالتَّوْبَةِ خَوْفًا مِّنْكَ وَحَتّٰٓى اُخْلِصَ

تیرے سامنے خالص توبہ کروں۔ اور تاکہ تجھ سے

لَكَ النَّصِيْحَةَ حَيَآءً مِّنْكَ وَحَتّٰٓى

شرما کر تیرے روبرو خلوص کو صاف کروں اور تاکہ

اَتَوَكَّلَ عَلَيْكَ فِي الْاُمُوْرِ كُلِّهَا

کل کاموں میں تجھ پر بھروسہ کروں اور تیرے

وَحُسْنَ ظَنٍّ بِكَ سُبْحَانَ خَالِقِ النُّوْرِ

ساتھ نیک گمان کو طلب کرتا ہوں۔ پاک ہے اے نور کے پیدا کرنے والے

اَللّٰهُمَّ لَا تُهْلِكْنَا فُجَآءَةً وَّلَا تَاْخُذْنَا

یااللہ! ہم کو ناگہاں ہلاک نہ کرنا اور نہ ہم کو

بَغْتَةً وَّلَا تُغْفِلْنَا عَنْ حَقٍّ وَّلَا

اچانک پکڑنا اور نہ ہمیں کسی حق و وصیت کی طرف سے

وَصِيَّةٍ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنْسُ وَحْشَتِيْ فِيْ

غفلت میں رکھنا۔ یااللہ! میری قبر میں وحشت کی جگہ اُنس

قَبْرِیْ ط اَللّٰھُمَّ ارْحَمْنِیْ بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ

پیدا کر دینا۔ یا اللہ! مجھ پر قرآن عظیم کے طفیل رحم کرنا۔

وَاجْعَلْہُ لِیْ اِمَامًا وَّنُوْرًا وَّھُدًی وَّرَحْمَۃً ط

اور اسے میرے حق میں رہبر اور نور اور ہدایت اور رحمت بنا دینا۔

اَللّٰھُمَّ ذَکِّرْنِیْ مِنْہُ مَا نَسِیْتُ وَعَلِّمْنِیْ

یا اللہ! میں اس سے جو کچھ بھول گیا ہوں وہ مجھے یاد کرا دے اور اس میں سے

مِنْہُ مَا جَھِلْتُ وَارْزُقْنِیْ تِلَاوَتَہٗ

جو کچھ میں نہ جانتا ہوں وہ مجھے سکھا دے، اور مجھے اس کی تلاوت

اٰنَآءَ الَّیْلِ وَاٰنَآءَ النَّھَارِ وَاجْعَلْہُ لِیْ

دن اور رات کے اوقات میں نصیب کر اور اسے میرے لئے

حُجَّۃً یَّا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ❁ اَللّٰھُمَّ اَنَا

حجت بنا دے، اے پروردگارِ عالم! یا اللہ! میں

عَبْدُکَ وَابْنُ عَبْدِکَ وَابْنُ اَمَتِکَ

تیرا بندہ ہوں اور بیٹا ہوں تیرے بندے اور بندی کا،

نَاصِيَتِي بِيَدِكَ أَتَقَلَّبُ فِي قَبْضَتِكَ

ہمہ تن تیری ہی مٹھی میں ہوں، تیرے قبضہ میں چلتا پھرتا ہوں۔

وَأُصَدِّقُ بِلِقَآئِكَ وَأُوْمِنُ بِوَعْدِكَ أَمَرْتَنِي

تیرے ہی ملنے کی تصدیق کرتا ہوں۔ اور تیرے وعدے پر یقین رکھتا ہوں۔ تو نے مجھے حکم دیا

فَعَصَيْتُ وَنَهَيْتَنِي فَأَتَيْتُ هٰذَا مَكَانُ

لیکن میں نے نافرمانی کی، اور تو نے مجھے روکا تو میں نے اس کا ارتکاب کیا

الْعَآئِذِ بِكَ مِنَ النَّارِ لَآ إِلٰهَ إِلَّآ أَنْتَ

یہ جگہ دوزخ سے پناہ لینے والے کی تیرے ذریعہ سے ہے۔ کوئی معبود نہیں ہے سوا تیرے

سُبْحَانَكَ ظَلَمْتُ نَفْسِي فَاغْفِرْ لِي إِنَّهُ

تو پاک ہے۔ میں نے اپنی جان پر ظلم کیا۔ تو ہمیں بخش دے۔ بیشک

لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّآ أَنْتَ ❁ اَللّٰهُمَّ لَكَ

کوئی گناہوں کو نہیں بخش سکتا بجز تیرے۔ یا اللہ! تجھی کو

الْحَمْدُ وَإِلَيْكَ الْمُشْتَكٰى وَبِكَ الْمُسْتَغَاثُ

ہر تعریف سزاوار ہے، اور تجھی سے شکایت چاہئے اور تجھی سے فریاد چاہئے

وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا

اور مدد تجھی سے طلب کیئے جانے کے قابل ہے اور نہ کوئی بچاؤ (گناہ سے) ہے، اور نہ کوئی

بِاللّٰهِ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ

قوت (عبادت کی) ہے، بجز اللہ کے ہاتھ میں۔ یا اللہ! میں تیری رضا کی پناہ میں آتا ہوں

سَخَطِكَ وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ

تیری ناخوشی سے اور تیری عفو کی پناہ میں تیرے عذاب سے

وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ لَآ اُحْصِیْ ثَنَآءً عَلَيْكَ

اور تیری پناہ میں آتا ہوں خود تجھ سے۔ میں تیری تعریف پوری طرح کر ہی نہیں سکتا ہوں

اَنْتَ كَمَآ اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ ؕ اَللّٰهُمَّ اِنَّا

تو اسی تعریف کے لائق ہے جو تو نے خود اپنی ذات کی کی ہے۔ یا اللہ!

نَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ نَّزِلَّ اَوْ نُزِلَّ اَوْ نُضِلَّ

ہم تیری پناہ میں آتے ہیں اس سے کہ ہم کہیں ڈگ جائیں، یا کسی کو ڈگائیں یا ہم کسی کو گمراہ کریں۔

اَوْ نَظْلِمَ اَوْ يُظْلَمَ عَلَيْنَآ اَوْ نَجْهَلَ اَوْ يُجْهَلَ

یا ہم کسی پر ظلم کریں یا کوئی ہم پر ظلم کرے، یا ہم جہالت کریں یا کوئی ہم سے

عَلَيْنَآ اَوْ اَضِلَّ اَوْ اُضَلَّ اَعُوْذُ بِنُوْرِ

جہالت کرے، یا میں گمراہ ہوں یا کوئی مجھے گمراہ کرے۔میں تیری ذاتِ گرامی کے

وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ الَّذِيْٓ اَضَآءَتْ لَهُ

نور کی پناہ میں آتا ہوں جس نے آسمانوں کو روشن

السَّمٰوٰتُ وَاَشْرَقَتْ لَهُ الظُّلُمٰتُ وَصَلُحَ

کر رکھا ہے، اور اس سے ظلمتیں چمک اٹھی ہیں، اور اس سے دُنیا

عَلَيْهِ اَمْرُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اَنْ تُحِلَّ عَلَيَّ

اور آخرت کے کام درست ہیں (پناہ) اس امر سے کہ تو مجھ پر

غَضَبَكَ وَتُنْزِلَ عَلَيَّ سَخَطَكَ وَلَكَ

اپنا غصہ اتارے اور تو مجھ پر اپنی ناخوشی نازل کرے۔اورحق ہے کہ تو ہی

الْعُتْبٰى حَتّٰى تَرْضٰى وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ

منایا جائے یہاں تک کہ تو راضی ہو جائے۔اور نہ کوئی بچاؤ (گناہ سے) ہے، اور نہ کوئی قوت

اِلَّا بِكَ ط اَللّٰهُمَّ وَاقِيَةً كَوَاقِيَةِ الْوَلِيْدِ ط

(عبادت کی) ہے، مگر تیری ہی مدد سے۔ یا اللہ! میں نگہبانی چاہتا ہوں بچہ کی سی نگہبانی

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ

یااللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں دواندھی

الْاَعْمَیَیْنِ السَّیْلِ وَالْبَعِیْرِ الصَّئُوْلِ ❁

برائیوں یعنی سیلاب اور حملہ آور اونٹ سے۔

## اللہ تعالیٰ کی محبّت حاصل کرنے کی دُعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ حُبَّکَ وَحُبَّ مَنْ یُّحِبُّکَ وَالْعَمَلَ الَّذِیْ یُبَلِّغُنِیْ حُبَّکَ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ حُبَّکَ اَحَبَّ اِلَیَّ مِنْ نَّفْسِیْ وَاَھْلِیْ وَمِنَ الْمَآءِ الْبَارِدِ۔ (ترمذی حدیث نمبر ۳۴۹۰، ج ۴ ص ۳۶۱، مشکوٰۃ حدیث نمبر ۲۴۹۶ ج ۲ ص ۹۸۵ طبع بیروت)

# اَلْمَنْزِلُ السَّادِسُ

چھٹی منزل جمعرات

## خُطْبَة

قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ

اللہ کے ہاں موجبِ قربت (ہے) اور رسول اللہ (ﷺ) کی دُعائیں لینے کا ذریعہ (ہے)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

نَحْمَدُكَ يَا خَيْرَ مَأْمُوْلٍ ❁ وَ

ہم تیری حمد کرتے ہیں اے ان سب سے بہتر جن سے امید قائم کی جاسکتی ہے اور

أَكْرَمَ مَسْئُوْلٍ ❁ عَلٰى مَا عَلَّمْتَنَا

اے ان سب سے کریم تر جن سے کچھ طلب کیا جاسکے کہ تو نے ہمیں

مِنَ الْمُنَاجَاةِ الْمَقْبُوْلِ ❁ مِنْ قُرُبٰتٍ

مناجاتِ مقبول سکھائی جو اللہ کے ہاں موجبِ قربت ہے

عِنْدَ اللّٰهِ وَ صَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ ❁ فَصَلِّ

اور رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی دُعائیں سکھائیں۔تو (یااللہ) اُن (رسول) پر رحمتِ

عَلَيْهِ مَا اخْتَلَفَ الدَّبُوْرُ وَالْقَبُوْلُ ❁

کامل فرما جب تک کہ پچھوا اور پروا ہوائیں چلتی رہیں

وَانْشَعَبَتِ الْفُرُوْعُ مِنَ الْاُصُوْلِ ❁

اور جڑوں سے شاخیں پھوٹتی رہیں۔ اس کے

ثُمَّ نَسْئَلُكَ بِمَا سَنَقُوْلُ ❁ وَ

بعد ہم تجھ سے وہ طلب کرتے ہیں جو ابھی (آگے) عرض کرتے ہیں۔

مِنَّا السُّؤَالُ وَمِنْكَ الْقَبُوْلُ ❁

اور ہمارا کام طلب کرنا ہے اور تیرا کام عطا کرنا۔

وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى

# اَلْمَنْزِلُ السَّادِسُ يَوْمَ الْخَمِيْسِ

چھٹی منزل بروز جمعرات

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِمُحَمَّدٍ نَّبِيِّكَ

یا اللہ! میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں بہ طفیل محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے جو تیرے نبی ہیں

وَاِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِكَ وَمُوْسٰى نَجِيِّكَ وَعِيْسٰى

اور بہ طفیل ابراہیم علیہ السلام کے جو تیرے خلیل ہیں اور بہ طفیل موسیٰ علیہ السلام کے جو تیرے کلیم ہیں اور بہ طفیل عیسیٰ علیہ السلام

رُوْحِكَ وَكَلِمَتِكَ وَبِكَلَامِ مُوْسٰى وَاِنْجِيْلِ

کے جو روح اللہ اور کلمۃ اللہ ہیں اور بہ طفیل کلام حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اور انجیل

عِيْسٰى وَزَبُوْرِ دَاوٗدَ وَفُرْقَانِ مُحَمَّدٍ

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اور زبور حضرت داؤد علیہ السلام کے اور فرقان حضرت محمد

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِكُلِّ وَحْيٍ

صلی اللہ علیہ وسلم کے اور بہ طفیل ہر وحی کے جسے

اَوْحَيْتَهٗٓ اَوْ قَضَاءٍ قَضَيْتَهٗٓ اَوْ سَآئِلٍ

تو نے بھیجا ہو یا ہر حکم (تکوینی) کے جسے تو نے جاری کیا ہو اور بہ طفیل ہر سائل کے

أَعْطَيْتَهٗ أَوْ فَقِيْرٍ أَغْنَيْتَهٗ أَوْ غَنِيٍّ

جس کو تو نے دیا ہو، اور بہ طفیل ہر محتاج کے جس کو تو نے تونگر کیا ہو اور بہ طفیل ہر تونگر کے

أَفْقَرْتَهٗ أَوْ ضَالٍّ هَدَيْتَهٗ وَأَسْأَلُكَ

جسے تو نے محتاج کر دیا ہو اور ہر گمراہ کے جسے تو نے ہدایت دیدی ہو اور میں تجھ سے درخواست

بِاسْمِكَ الَّذِيْ وَضَعْتَهٗ عَلَى الْأَرْضِ

کرتا ہوں بہ طفیل تیرے اُس نام کے جس کو تو نے زمین پر رکھا

فَاسْتَقَرَّتْ وَعَلَى السَّمٰوٰتِ فَاسْتَقَلَّتْ

اور وہ ٹھہر گئی۔ اور آسمانوں پر رکھا تو وہ قرار پکڑ گئے

وَعَلَى الْجِبَالِ فَرَسَتْ وَأَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ

اور پہاڑوں پر رکھا تو وہ جم گئے۔ اور درخواست کرتا ہوں میں تجھ سے بہ طفیل

الَّذِي اسْتَقَرَّ بِهٖ عَرْشُكَ وَأَسْأَلُكَ

اس نام کے جس سے تیرا عرش ٹھہرا ہوا ہے اور درخواست کرتا ہوں میں تجھ سے

بِاسْمِكَ الطَّاهِرِ الْمُطَهَّرِ الْمُنَزَّلِ فِيْ

بہ طفیل اس نام کے کہ وہ پاک ہے اور ستھرا ہے اور تیری کتاب

كِتَابِكَ مِنْ لَّدُنْكَ وَبِاسْمِكَ الَّذِيْ

میں تیرے پاس سے نازل ہوا ہے اور بہ طفیل تیرے

وَضَعْتَهٗ عَلَى النَّهَارِ فَاسْتَنَارَ وَعَلَى

اُس نام کے جسے تونے دن پر رکھا تو وہ روشن ہو گیا اور

اللَّيْلِ فَاَظْلَمَ وَبِعَظَمَتِكَ وَكِبْرِيَآئِكَ

رات پر رکھا تو وہ اندھیری ہوگئی اور بہ طفیل تیری عظمت اور تیری بڑائی کے

وَبِنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تَرْزُقَنِيَ الْقُرْاٰنَ

اور بہ طفیل تیرے نور ذات کے، کہ تو مجھے قرآنِ عظیم نصیب

الْعَظِيْمَ وَتُخْلِطَهٗ بِلَحْمِيْ وَدَمِيْ

کرے اور اسے میرے گوشت میں اور میرے خون میں

وَسَمْعِيْ وَبَصَرِيْ وَتَسْتَعْمِلَ بِهٖ جَسَدِيْ

اور میری شنوائی میں اور میری بینائی میں پیوست کردے، اوراس پر میرے جسم کو عامل بنادے

بِحَوْلِكَ وَقُوَّتِكَ فَاِنَّهٗ لَا حَوْلَ وَلَا

اپنی قدرت اور قوت سے بیشک نہ کوئی بچاؤ (معصیت سے) ہے، اور نہ

قُوَّةَ اِلَّا بِكَ ؕ اَللّٰهُمَّ لَا تُؤْمِنَّا مَكْرَكَ

کوئی قوت (طاعت ہی کی) ہے مگر تیرے ذریعہ سے۔ یا اللہ! تو ہمیں اپنی خفیہ گرفت

وَلَا تُنْسِنَا ذِكْرَكَ وَلَا تَهْتِكْ عَنَّا

کی طرف سے بے فکر نہ کر دے، اور نہ ہمیں اپنی یاد سے غافل ہونے دے اور

سِتْرَكَ وَلَا تَجْعَلْنَا مِنَ الْغَافِلِيْنَ ۞

نہ ہماری پردہ دری کر، اور نہ ہمیں غافلوں میں سے کر

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ تَعْجِيْلَ عَافِيَتِكَ

یا اللہ! میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں عافیت عاجلہ کی

وَدَفْعَ بَلَآئِكَ وَخُرُوْجًا مِّنَ الدُّنْيَآ

اور دفع بلا کی اور دُنیا سے تیری رحمت کی

اِلٰى رَحْمَتِكَ ؕ يَا مَنْ يَّكْفِيْ عَنْ كُلِّ

جانب منتقل ہونے کی، اے وہ کہ کافی ہے وہ سب کے عوض

اَحَدٍ وَّلَا يَكْفِيْ مِنْهُ اَحَدٌ يَّآ اَحَدُ

اور کوئی بھی کافی نہیں ہے اس کے عوض۔

مَنْ لَّآ اَحَدَ لَهٗ يَا سَنَدَ مَنْ لَّا

اے کس بیکسوں کے۔ اے سہارے

سَنَدَ لَهٗ انْقَطَعَ الرَّجَآءُ اِلَّا مِنْكَ

بے سہاروں کے۔ امیدیں منقطع ہو چکی ہیں مگر تجھ سے۔

نَجِّنِيْ مِمَّآ اَنَا فِيْهِ وَاَعِنِّيْ عَلٰى مَآ

مجھے نجات دے اس حال سے جس میں کہ میں ہوں اور جو بلا کہ نازل ہو چکی ہے

اَنَا عَلَيْهِ مِمَّا نَزَلَ بِيْ بِجَاهِ وَجْهِكَ

اس کے مقابلہ میں میری مدد کر۔ صدقہ اپنی ذاتِ پاک کا

الْكَرِيْمِ وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ عَلَيْكَ اٰمِيْنَ ❁

اور محمد (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) کے اس حق کے طفیل میں جو تجھ پر ہے، آمین۔

اَللّٰهُمَّ احْرُسْنِيْ بِعَيْنِكَ الَّتِيْ لَا تَنَامُ

یااللہ! میری نگہبانی کر اپنی اس آنکھ سے جو کبھی سوتی نہیں

وَاكْنُفْنِيْ بِرُكْنِكَ الَّذِيْ لَا يُرَامُ

اور مجھے اپنی اس قوت کی آڑ میں لے لے جس کے پاس کوئی نہیں پھٹک سکتا

وَارْحَمْنِیْ بِقُدْرَتِكَ عَلَیَّ فَلَآ اَهْلِكَ

اور مجھ پر اپنی اس قدرت سے رحم کر جو تجھ کو مجھ پر حاصل ہے تاکہ میں ہلاک نہ ہوں۔

وَاَنْتَ رَجَآئِیْ فَكَمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ اَنْعَمْتَ

اور تو ہی میری امیدگاہ ہے، کتنی ہی نعمتیں تو نے مجھے دیں،

بِهَا عَلَیَّ قَلَّ لَكَ بِهَا شُكْرِیْ وَكَمْ

اور میرا ان کیلئے شکر کم ہی رہا۔ اور کتنی

مِّنْ بَلِیَّةٍ ابْتَلَیْتَنِیْ بِهَا قَلَّ لَكَ بِهَا

مصیبتیں ہیں جن میں تو نے مجھے مبتلا کیا اور میرا صبر ان پر

صَبْرِیْ فَیَا مَنْ قَلَّ عِنْدَ نِعْمَتِهٖ

کم ہی رہا۔ پس اے وہ ذات کہ اس کی نعمت کے وقت

شُكْرِیْ فَلَمْ یَحْرِمْنِیْ وَیَا مَنْ قَلَّ

میرا شکر کم رہا، پھر بھی مجھے محروم نہ کیا، اور اے وہ ذات کہ اس کے

عِنْدَ بَلِیَّتِهٖ صَبْرِیْ فَلَمْ یَخْذُلْنِیْ

ابتلاء کے وقت میرا صبر کم رہا، پھر بھی اس نے میرا ساتھ نہ چھوڑا،

وَيَامَنْ رَآنِىْ عَلَى الْخَطَايَا فَلَمْ

اور اے وہ ذات کہ مجھے گناہوں پر دیکھا پھر بھی مجھے

يَفْضَحْنِىْ ❁ يَاذَا الْمَعْرُوْفِ الَّذِىْ

فضیحت نہ کیا۔ اے ایسے احسان کرنے والے جس کا احسان

لَايَنْقَضِىْ اَبَدًا وَّيَاذَا النَّعْمَاءِ

کبھی ختم نہ ہو، اور اے ایسے نعمتوں والے کہ

الَّتِىْ لَاتُحْصٰى اَبَدًا اَسْأَلُكَ اَنْ

جس کی نعمتیں کبھی شمار نہ ہوسکیں میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں کہ

تُصَلِّىَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر رحمت ِ کامل نازل کر

وَّبِكَ اَدْرَأُ فِىْ نُحُوْرِ الْاَعْدَآءِ وَالْجَبَابِرَةِ ❁

میں تیرے ہی زور پر بھڑ جاتا ہوں دشمنوں اور زور آوروں کے مقابلہ میں

اَللّٰهُمَّ اَعِنِّىْ عَلٰى دِيْنِىْ بِالدُّنْيَا وَعَلٰى

یا اللہ! میرے دین پر دنیا کو مددگار بنا دے اور میری

اٰخِرَتِیْ بِالتَّقْوٰی وَاحْفَظْنِیْ فِیْمَا غِبْتُ

آخرت پر تقویٰ کو مددگار کردے۔ اور تو ہی محافظ رہ میری ان چیزوں کا جو آنکھوں سے

عَنْهُ وَلَا تَكِلْنِیْۤ اِلٰی نَفْسِیْ فِیْمَا

دُور رہیں اور ان چیزوں میں جو میرے پیش نظر ہیں

حَضَرْتُهٗ یَا مَنْ لَّا تَضُرُّهُ الذُّنُوْبُ

تو مجھے میرے نفس کے حوالہ نہ کرے۔ اے وہ ذات کہ نہ اسے گناہ نقصان پہنچا سکتے ہیں

وَلَا تَنْقُصُهُ الْمَغْفِرَةُ هَبْ لِیْ مَا لَا

اور نہ اس کے ہاں مغفرت کوئی کمی کرتی ہے مجھے وہ چیز دے

یَنْقُصُكَ وَاغْفِرْلِیْ مَا لَا یَضُرُّكَ

جو تیرے ہاں کمی نہیں کرتی، معاف کردے مجھے وہ چیز کہ تجھے نقصان نہیں پہنچاتی،

اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ اَسْئَلُكَ فَرَجًا

بیشک تو ہی بڑا دینے والا ہے۔ میں درخواست کرتا ہوں تجھ سے

قَرِیْبًا وَّصَبْرًا جَمِیْلًا وَّرِزْقًا وَّاسِعًا

فوری کشائش کی، اور صبر جمیل کی اور رزق وسیع کی،

وَّالْعَافِيَةَ مِنْ جَمِيْعِ الْبَلَآءِ وَاَسْأَلُكَ

اور جملہ بلاؤں سے امن کی۔ اور میں مانگتا ہوں تجھ سے

تَمَامَ الْعَافِيَةِ وَاَسْأَلُكَ دَوَامَ الْعَافِيَةِ

پورا چین اور مانگتا ہوں تجھ سے اس چین کا دوام۔

وَاَسْأَلُكَ الشُّكْرَ عَلَى الْعَافِيَةِ وَاَسْأَلُكَ

اور مانگتا ہوں تجھ سے اس چین پر توفیق شکر، اور مانگتا ہوں تجھ سے

الْغِنٰى عَنِ النَّاسِ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ

مخلوق کی طرف سے بے احتیاجی۔ اور نہ کوئی بچاؤ ہے (گناہوں سے) اور نہ کوئی قوت ہے

اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ❁ اَللّٰهُمَّ

(طاعت کی) بجز اللہ بزرگ وبرتر کے ذریعہ کے۔ یااللہ!

اجْعَلْ سَرِيْرَتِيْ خَيْرًا مِّنْ عَلَانِيَتِيْ

میرے باطن کو میرے ظاہر سے بہتر کر دے

وَاجْعَلْ عَلَانِيَتِيْ صَالِحَةً ط اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ

اور میرے ظاہر کو صالح بنا دے، یااللہ! میں

اَسْأَلُكَ مِنْ صَالِحِ مَا تُؤْتِی النَّاسَ

تجھ سے درخواست کرتا ہوں ان اچھی چیزوں کی جو تو لوگوں کو دیتا ہے

مِنَ الْمَالِ وَالْاَهْلِ وَالْوَلَدِ غَيْرَ ضَالٍّ

مال ہو یا بیوی ہو یا بچے۔ میں نہ گمراہ ہوں

وَّلَا مُضِلٍّ ❁ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِنْ عِبَادِكَ

نہ گمراہ کرنے والا ہوں۔ یااللہ! ہمیں منتخب بندوں

الْمُنْتَخَبِيْنَ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ الْوَفْدِ

میں سے کرلے جن کے چہرے اوراعضاء روشن ہوں گے اور جو مقبول

الْمُتَقَبَّلِيْنَ ط اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْأَلُكَ نَفْسًا

مہمان ہوں گے۔ یااللہ! میں تجھ سے ایسا نفس مانگتا ہوں

بِكَ مُطْمَئِنَّةً تُؤْمِنُ بِلِقَآئِكَ وَتَرْضٰی

جو تجھ پر اطمینان رکھے اور تیرے ملنے کا یقین رکھے اور تیری مشیت

بِقَضَآئِكَ وَتَقْنَعُ بِعَطَآئِكَ ❁ اَللّٰهُمَّ

پر راضی رہے اور تیرے عطیہ پر قناعت رکھے۔ یااللہ!

لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا دَآئِمًا مَّعَ دَوَامِكَ

حمد تیرے ہی لئے ہے، ایسی حمد کہ تیری ہیشگی کے ساتھ وہ بھی ہمیشہ رہے۔

وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا خَالِدًا مَّعَ خُلُوْدِكَ

اور تیرے ہی لئے حمد ہے ایسی حمد کہ تیرے دوام کے ساتھ وہ بھی دائم رہے

وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا لَّا مُنْتَهٰى لَهٗ دُوْنَ

اور تیرے ہی لئے حمد ہے ایسی حمد کہ اس کی انتہا تیری مشیت

مَشِيَّتِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا لَّا يُرِيْدُ

کے اِدھر نہیں اور تیرے ہی لئے حمد ہے ایسی حمد کہ اس کے

قَآئِلُهٗ إِلَّا رِضَاكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا

قائل کا مقصود تمام تر تیری ہی خوشنودی ہے اور تیرے ہی لئے حمد ہے، ایسی حمد

عِنْدَ كُلِّ طَرْفَةِ عَيْنٍ وَّتَنَفُّسِ كُلِّ

جو ہر پلک جھپکانے اور ہر سانس لینے کے

نَفَسٍ ط اَللّٰهُمَّ اَقْبِلْ بِقَلْبِيْٓ إِلٰى دِيْنِكَ

ساتھ ہو۔ یااللہ! میرے دل کو اپنے دین کی طرف متوجہ کردے

وَاحْفَظْ مِنْ وَّرَآئِنَا بِرَحْمَتِكَ ط اَللّٰهُمَّ

اور ہماری حفاظت اِدھر اُدھر سے رکھ اپنی رحمت کے ساتھ۔ یااللہ!

ثَبِّتْنِیْٓ اَنْ اَزِلَّ وَاهْدِنِیْٓ اَنْ اَضِلَّ ❁

مجھے ثابت قدم رکھ کہ کہیں ڈگ نہ جاؤں اور مجھے ہدایت پر رکھ کہ کہیں گمراہ نہ ہو جاؤں۔

اَللّٰهُمَّ كَمَا حُلْتَ بَيْنِیْ وَبَيْنَ قَلْبِیْ

یااللہ! تو جس طرح حائل ہے مجھ میں اور میرے دل میں،

فَحُلْ بَيْنِیْ وَبَيْنَ الشَّيْطٰنِ وَعَمَلِهٖ ط

تو حائل رہ مجھ میں اور شیطان اور اس کے کام میں

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا مِنْ فَضْلِكَ وَلَا

یا اللہ! ہمیں اپنا فضل نصیب کر اور ہمیں

تَحْرِمْنَا رِزْقَكَ وَبَارِكْ لَنَا فِيْمَا

اپنے رزق سے محروم نہ رکھ، اور جو رزق تو نے ہمیں دیا ہے،

رَزَقْتَنَا وَاجْعَلْ غِنَآءَنَا فِیْٓ اَنْفُسِنَا

اس میں برکت دے۔ اور ہمارے دلوں کو غنی کر دے

وَاجْعَلْ رَغْبَتَنَا فِيمَا عِنْدَكَ ❁ اَللّٰهُمَّ

اور جو کچھ تیرے پاس ہے اس کی طرف ہمیں رغبت دیدے۔ یااللہ!

اجْعَلْنِیْ مِمَّنْ تَوَكَّلَ عَلَيْكَ

مجھے اُن میں کر دے جنہوں نے تجھ پر توکل کیا

فَكَفَيْتَهٗ وَاسْتَهْدَاكَ فَهَدَيْتَهٗ

پس تو ان کیلئے کافی ہوگیا اور انہوں نے تجھ سے ہدایت چاہی سو تونے انہیں ہدایت دیدی

وَاسْتَنْصَرَكَ فَنَصَرْتَهٗ ❁ اَللّٰهُمَّ

اور انہوں نے تجھ سے مدد چاہی سو تونے انہیں مدد دے دی یااللہ!

اجْعَلْ وَسَاوِسَ قَلْبِیْ خَشْيَتَكَ

میرے دل کے وسوسوں کو اپنی خشیت

وَذِكْرَكَ وَاجْعَلْ هِمَّتِیْ وَهَوَایَ فِيمَا

اور اپنی یاد بنادے۔ اور میرے شوق اور ہمت کی چیز کو وہی کر دے

تُحِبُّ وَتَرْضٰى اَللّٰهُمَّ وَمَا ابْتَلَيْتَنِیْ

جسے تو اچھا سمجھتا ہو اور پسند کرتا ہو، یااللہ! تو میرا امتحان

بِهٖ مِنْ رَخَاءٍ وَّشِدَّةٍ فَمَسِّكْنِیْ

نرمی یا سختی غرض جس چیز سے بھی کرے تو مجھے

بِسُنَّةِ الْحَقِّ وَشَرِيْعَةِ الْإِسْلَامِ ۞

طریق حق اور شریعت اسلام پر جمائے رکھ

اَللّٰهُمَّ إِنِّیْٓ اَسْأَلُكَ تَمَامَ النِّعْمَةِ

یااللہ! میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں جملہ اشیاء میں نعمت

فِی الْاَشْيَآءِ كُلِّهَا وَالشُّكْرَ لَكَ عَلَيْهَا

کے پورے ہونے کی اور ان پر تیرے شکر کی توفیق پانے کی

حَتّٰى تَرْضٰى وَبَعْدَ الرِّضٰى الْخِيَرَةَ

یہاں تک کہ تو خوش ہو جائے اور بعد خوش ہو جانے کے میرے لئے

فِیْ جَمِيْعِ مَا يَكُوْنُ فِيْهِ الْخِيَرَةُ

انتخاب کر دے تمام ایسی چیزوں میں جن میں انتخاب ہوتا ہے،

وَلِجَمِيْعِ مَيْسُوْرِ الْاُمُوْرِ كُلِّهَا لَا

اور انتخاب بھی سب ہی آسان کاموں کا۔ نہ کہ

بِمَعْسُوْرِهَا يَا كَرِيْمُ ❁ اَللّٰهُمَّ فَالِقَ

دشوار کاموں کا، اے کریم! یااللہ! صبح کے نکالنے

الْاِصْبَاحِ وَجَاعِلَ اللَّيْلِ سَكَنًا

والے اور رات کو آرام کا وقت بنانے والے

وَّالشَّمْسِ وَالْقَمَرِ حُسْبَانًا قَوِّنِيْ عَلَى

اور سورج اور چاند کو وقت کا مقیاس بنانے والے مجھے

الْجِهَادِ فِيْ سَبِيْلِكَ ❁ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ

اپنی راہ میں جہاد کی قوت دے۔ یااللہ! تیرے ہی لئے حمد ہے

فِيْ بَلَآئِكَ وَصَنِيْعِكَ اِلٰى خَلْقِكَ

تیرے ابتلاء میں اور تیری مخلوق کے ساتھ تیرے برتاؤ میں،

وَلَكَ الْحَمْدُ فِيْ بَلَآئِكَ وَصَنِيْعِكَ

اور تیرے ہی لئے حمد ہے تیرے ابتلاء میں اور ہمارے گھر والوں

اِلٰٓى اَهْلِ بُيُوْتِنَا وَلَكَ الْحَمْدُ فِيْ

کے ساتھ تیرے برتاؤ میں، اور تیرے ہی لئے حمد ہے

بَلَآئِكَ وَصَنِيعِكَ إِلَى أَنفُسِنَا

تیرے ابتلاء میں اور خاص ہماری جانوں کے ساتھ

خَآصَّةً وَّلَكَ الْحَمْدُ بِمَا هَدَيْتَنَا

تیرے برتاؤ میں۔اور تیرے ہی لئے حمد ہے اس پر کہ تو نے ہمیں ہدایت دی

وَلَكَ الْحَمْدُ بِمَآ أَكْرَمْتَنَا وَلَكَ

اور تیرے ہی لئے حمد ہے اس پر کہ تو نے ہمیں عزت دی، اور تیرے ہی لئے

الْحَمْدُ بِمَا سَتَرْتَنَا وَلَكَ الْحَمْدُ

حمد ہے کہ تو نے ہماری پردہ پوشی کی، اور تیرے ہی لئے حمد ہے

بِالْقُرْاٰنِ وَلَكَ الْحَمْدُ بِالْأَهْلِ وَالْمَالِ

قرآن پر ، اور تیرے ہی لئے حمد ہے اہل ومال پر۔

وَلَكَ الْحَمْدُ بِالْمُعَافَاةِ وَلَكَ الْحَمْدُ

اور تیرے ہی لئے حمد ہے درگزر کرنے پر، اور تیرے ہی لئے حمد ہے

حَتّٰى تَرْضٰى وَلَكَ الْحَمْدُ إِذَا رَضِيتَ

یہاں تک کہ تو خوش ہو جائے، اور تیرے ہی لئے حمد ہے جب کہ تو خوش ہو جائے

يَآ اَهْلَ التَّقْوٰى وَاَهْلَ الْمَغْفِرَةِ ۞

اے وہ کہ جس ذات سے ڈرنا چاہیے، اور اے وہ کہ تو ہی مغفرت کرسکتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ وَفِّقْنِيْ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى مِنَ

یا اللہ! مجھے اس چیز کی توفیق دے جسے تو اچھا سمجھے، اور جس سے تو خوش ہو

الْقَوْلِ وَالْعَمَلِ وَالْفِعْلِ وَالنِّيَّةِ

خواہ وہ قول ہو یا عمل یا فعل یا نیت

وَالْهُدٰى اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۵

یا طریق۔ بیشک تو ہی ہر چیز پر قادر ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ خَلِيْلٍ مَّاكِرٍ

یا اللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں مکار دوست سے

عَيْنَاهُ تَرْيَانِيْ وَقَلْبُهٗ يَرْعَانِيْٓ اِنْ رَّاٰى

جس کی آنکھیں تو مجھے دیکھتی ہوں اور اس کا قلب میری نگہبانی کرتا ہو، اگر وہ

حَسَنَةً دَفَنَهَا وَاِنْ رَّاٰى سَيِّئَةً اَذَاعَهَا ط

بھلائی دیکھے تو اسے دبا دے اور برائی دیکھے تو اس کا چرچا کرے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبُؤْسِ

یااللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں شدتِ فقر سے

وَالتَّبَآؤُسِ ط اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ

اور شدت محتاجی سے۔ یااللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں

اِبْلِیْسَ وَجُنُوْدِہٖ ط اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ

ابلیس اور اس کے لشکر سے۔ یااللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں

مِنْ فِتْنَةِ النِّسَآءِ ط اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ

عورتوں کے فتنہ سے۔ یااللہ! میں تیری پناہ میں آتا

بِكَ مِنْ اَنْ تَصُدَّ عَنِّیْ وَجْھَكَ

ہوں اس سے کہ تو قیامت کے دن مجھ سے منہ

یَوْمَ الْقِیَامَةِ ط اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ

پھیر لے۔ یااللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں

مِنْ كُلِّ عَمَلٍ یُّخْزِیْنِیْ وَاَعُوْذُ

ہر اس عمل سے جو مجھے رسوا کرے اور تیری پناہ میں آتا ہوں

بِكَ مِنْ كُلِّ صَاحِبٍ يُّؤْذِيْنِيْ

ہر ایسے ساتھی سے جو مجھے تکلیف دے،

وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ كُلِّ اَمَلٍ يُّلْهِيْنِيْ

اور تیری پناہ میں آتا ہوں ہر ایسے منصوبہ سے جو مجھے غافل کر دے،

وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ كُلِّ فَقْرٍ يُّنْسِيْنِيْ

اور تیری پناہ میں آتا ہوں ہر ایسے فقر سے جو مجھے ہول میں ڈال دے۔

وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ كُلِّ غِنًى يُّطْغِيْنِيْ ط

اور تیری پناہ میں آتا ہوں ہر ایسی دولت سے جو میرا دماغ چلا دے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ مَّوْتِ الْهَمِّ

یااللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں فکر کی موت سے۔

وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ مَّوْتِ الْغَمِّ ۞

اور تیری پناہ میں آتا ہوں غم کی موت سے۔

# اَلْمَنْزِلُ السَّابِعُ

ساتویں منزل جمعہ

## خُطْبَۃٌ

قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰہِ وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ

اللہ کے ہاں موجبِ قربت (ہے) اور رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی دُعائیں لینے کا ذریعہ (ہے)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

نَحْمَدُكَ يَا خَيْرَ مَأْمُوْلٍ ❁ وَ

ہم تیری حمد کرتے ہیں اے ان سب سے بہتر جن سے امید قائم کی جاسکتی ہے اور

اَكْرَمَ مَسْئُوْلٍ ❁ عَلٰى مَا عَلَّمْتَنَا

اے ان سب سے کریم تر جن سے کچھ طلب کیا جا سکے کہ تو نے ہمیں

مِنَ الْمُنَاجَاةِ الْمَقْبُوْلِ ❁ مِنْ قُرُبٰتٍ

مناجاتِ مقبول سکھائی جو اللہ کے ہاں موجبِ قربت ہے

عِنْدَ اللّٰهِ وَ صَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ ۞ فَصَلِّ

اور رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی دُعائیں سکھائیں۔ تو (یا اللہ) اُن (رسول) پر رحمتِ

عَلَيْهِ مَا اخْتَلَفَ الدَّبُوْرُ وَالْقَبُوْلُ ۞

کامل فرما جب تک کہ پچھوا اور پروا ہوائیں چلتی رہیں

وَانْشَعَبَتِ الْفُرُوْعُ مِنَ الْاُصُوْلِ ۞

اور جڑوں سے شاخیں پھوٹتی رہیں۔ اس کے

ثُمَّ نَسْئَلُكَ بِمَا سَنَقُوْلُ ۞ وَ

بعد ہم تجھ سے وہ طلب کرتے ہیں جو ابھی (آگے) عرض کرتے ہیں۔

مِنَّا السُّؤَالُ وَمِنْكَ الْقَبُوْلُ ۞

اور ہمارا کام طلب کرنا ہے اور تیرا کام عطا کرنا۔

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا

# اَلْمَنْزِلُ السَّابِعُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

ساتویں منزل بروز جمعہ

يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا رَبِّ اَللّٰهُمَّ يَا كَبِيْرُ

اے میرے پروردگار! اے میرے پروردگار! اے میرے پروردگار! یا اللہ! اے بڑائی والے،

يَا سَمِيْعُ يَا بَصِيْرُ يَا مَنْ لَّا شَرِيْكَ

اے سننے والے، اے دیکھنے والے، اے وہ ذات کہ جس کا نہ کوئی شریک ہے،

لَهٗ وَلَا وَزِيْرَ لَهٗ وَيَا خَالِقَ الشَّمْسِ

اور نہ مشیر، اے آفتاب و ماہتاب روشن

وَالْقَمَرِ الْمُنِيْرِ وَيَا عِصْمَةَ الْبَآئِسِ

کے پیدا کرنے والے، اور اے مصیبت زدہ،

الْخَآئِفِ الْمُسْتَجِيْرِ وَيَا رَازِقَ

ترساں اور پناہ جو کے پناہ، اور اے ننھے بچہ کو

الطِّفْلِ الصَّغِيْرِ وَيَا جَابِرَ الْعَظْمِ

روزی پہنچانے والے۔ اور اے ٹوٹی ہوئی ہڈی کے

الْكَسِيْرِ اَدْعُوْكَ دُعَآءَ الْبَآئِسِ

جوڑنے والے۔ میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں مصیبت زدہ

الْفَقِيْرِ كَدُعَآءِ الْمُضْطَرِّ الضَّرِيْرِ

محتاج کی سی درخواست، بےقرار آفت زدہ کی سی درخواست

اَسْئَلُكَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ

تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے عرش کے بندہائے عزت کے واسطہ سے

وَبِمَفَاتِيْحِ الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ

اور تیری کتاب کی کلید ہائے رحمت کے واسطہ سے

وَبِالْاَسْمَآءِ الثَّمَانِيَةِ الْمَكْتُوْبَةِ عَلٰى

اور ان آٹھ ناموں کے واسطہ سے جو رُخ آفتاب

قَرْنِ الشَّمْسِ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ

پر لکھے ہوئے ہیں، یہ کہ قرآن کو

رَبِيْعَ قَلْبِيْ وَجَلَآءَ حُزْنِيْ ۞ رَبَّنَآ

میرے دل کی بہار اور میرے غم کی کشائش بنادے۔ اے ہمارے پروردگار!

اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا کَذَا وَکَذَا یَا مُوْنِسَ

ہمیں دُنیا میں فلاں فلاں چیز عطا کر۔ اے غمگسار

کُلِّ وَحِیْدٍ وَّیَا صَاحِبَ کُلِّ فَرِیْدٍ

ہر اکیلے کے، اور اے رفیق ہر تنہا کے

وَّیَا قَرِیْبًا غَیْرَ بَعِیْدٍ وَّیَا شَاهِدًا غَیْرَ

اور اے ایسے قریب جو بعید نہیں، اور اے ایسے حاضر

غَآئِبٍ وَّیَا غَالِبًا غَیْرَ مَغْلُوْبٍ یَا حَیُّ

جو غائب نہیں، اور اے ایسے غالب جو مغلوب نہیں۔ یا حی

یَا قَیُّوْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

یا قیوم، اے بزرگی اور عظمت والے،

یَا نُوْرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اور اے آسمانوں اور زمین کے نور،

وَیَا زَیْنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اور اے آسمانوں اور زمین کی زینت،

يَا جَبَّارَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اے انتظام رکھنے والے آسمانوں اور زمینوں کے

يَا عِمَادَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا بَدِيْعَ

اور اے آسمانوں اور زمین کے تھامنے والے، آسمانوں اور

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَا قَيَّامَ السَّمٰوٰتِ

زمین کے موجد، اور اے آسمانوں اور زمین کے قائم رکھنے

وَالْاَرْضِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

والے ، اور اے بزرگی اور عظمت والے،

يَا صَرِيْخَ الْمُسْتَصْرِخِيْنَ وَمُنْتَهٰى

اے فریادیوں کے داد رس اور پناہ مانگنے والوں

الْعَآئِذِيْنَ وَالْمُفَرِّجُ عَنِ الْمَكْرُوْبِيْنَ

کے آخری دوڑ اور بے چینوں کے کشائش دینے والے،

وَالْمُرَوِّحُ عَنِ الْمَغْمُوْمِيْنَ وَمُجِيْبَ

اور غمزدوں کے راحت دینے والے، اور بےقراروں کی

دُعَآءِ الْمُضْطَرِّیْنَ وَیَا کَاشِفَ

دُعا کے قبول کرنے والے، اور اے صاحب کرب کو

الْمَکْرُوْبِ یَآ اِلٰهَ الْعَالَمِیْنَ وَیَآ اَرْحَمَ

شفا دینے والے، اے الٰہ العالمین، اور اے ارحم

الرَّاحِمِیْنَ مَنْزُوْلٌ بِكَ كُلُّ حَاجَةٍ ۞

الراحمین! تیرے ہی سامنے ہر حاجت پیش ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ خَلَّاقٌ عَظِیْمٌ اِنَّكَ

یا اللہ! تو خالق اعظم ہے، تو سب

سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ اِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ اِنَّكَ

کچھ سنتا، سب کچھ جانتا ہے، تو غفور ہے، تو رحیم ہے، تو ہی

رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ط اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ

عرشِ عظیم کا مالک ہے۔ یا اللہ! تو

الْبَرُّ الْجَوَّادُ الْكَرِیْمُ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ

محسن ہے، صاحب جود ہے، صاحب کرم ہے، تو مجھے بخش دے، اور مجھ پر رحم کر

وَعَافِنِيْ وَارْزُقْنِيْ وَاسْتُرْنِيْ وَاجْبُرْنِيْ

اور مجھے چین دے اور مجھے روزی دے اور میری پردہ پوشی کر اور میرے نقصان کو پورا کر دے

وَارْفَعْنِيْ وَاهْدِنِيْ وَلَا تُضِلَّنِيْ وَاَدْخِلْنِيَ

اور مجھے بلندی دے اور مجھے ہدایت دے اور مجھے گمراہ نہ کر اور مجھے جنت میں

الْجَنَّةَ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

اپنی رحمت سے داخل کر دے۔ اے ارحم الراحمین

اِلَيْكَ رَبِّ فَحَبِّبْنِيْ وَفِيْ نَفْسِيْ لَكَ

اے میرے پروردگار! مجھے اپنا بنالے اور میرے دل میں اپنے

فَذَلِّلْنِيْ وَفِيْٓ اَعْيُنِ النَّاسِ فَعَظِّمْنِيْ

مقابلہ میں فرمانبرداری ڈال دے، اور لوگوں کی نظر میں مجھے معزز کر دے۔

وَمِنْ سَيِّئِ الْاَخْلَاقِ فَجَنِّبْنِيْ ط

اور برے اخلاق سے مجھے بچا دے۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ سَاَلْتَنَا مِنْ اَنْفُسِنَا

یااللہ! تونے ہماری ذات سے ان اعمال کو طلب کیا ہے

مَا لَا نَمْلِكُهٗٓ اِلَّا بِكَ فَاَعْطِنَا

جن پر ہم کوئی اختیار بغیر تیری توفیق کے نہیں رکھتے تو تو ہمیں ان میں سے

مِنْهَا مَا يُرْضِيْكَ عَنَّا ❁ اَللّٰهُمَّ

اس عمل کی توفیق دے دے، جو تجھے ہم سے رضامند کر دے۔ یا اللہ!

اِنِّيْٓ اَسْأَلُكَ اِيْمَانًا دَآئِمًا وَّاَسْأَلُكَ

میں تجھ سے طلب کرتا ہوں ہمیشہ رہنے والا ایمان، اور تجھ سے طلب کرتا ہوں

قَلْبًا خَاشِعًا وَّاَسْأَلُكَ يَقِيْنًا

خشوع والا دل، اور تجھ سے طلب کرتا ہوں سچا

صَادِقًا وَّاَسْأَلُكَ دِيْنًا قَيِّمًا

یقین، اور تجھ سے طلب کرتا ہوں دین مستقیم،

وَّاَسْأَلُكَ الْعَافِيَةَ مِنْ كُلِّ

اور تجھ سے طلب کرتا ہوں ہر بلا سے

بَلِيَّةٍ وَّاَسْأَلُكَ دَوَامَ الْعَافِيَةِ

امن، اور تجھ سے طلب کرتا ہوں امن کا دوام،

وَاَسْأَلُكَ الشُّكْرَ عَلَى الْعَافِيَةِ

اور تجھ سے طلب کرتا ہوں امن پر (توفیق) شکر،

وَاَسْأَلُكَ الْغِنٰى عَنِ النَّاسِ ط

اور تجھ سے طلب کرتا ہوں خلق کی طرف بے نیازی۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْتَغْفِرُكَ لِمَا

یا اللہ! تجھ سے معافی چاہتا ہوں اس گناہ کی

تُبْتُ اِلَيْكَ مِنْهُ ثُمَّ عُدْتُّ

جس سے میں نے توبہ کی ہو اور پھر لوٹ کر

فِيْهِ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَآ اَعْطَيْتُكَ

اُس کو کیا ہو، اور تجھ سے معافی چاہتا ہوں اس عہد کی جو میں نے

مِنْ نَّفْسِيْ ثُمَّ لَمْ اُوْفِ لَكَ

اپنی جانب سے دیا ہو اور پھر اس کو وفا نہ کیا ہو۔

بِهٖ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِلنِّعَمِ الَّتِيْ

اور تجھ سے معافی چاہتا ہوں ان نعمتوں کے بارے میں جن سے

تَقَوَّيْتُ بِهَا عَلٰى مَعْصِيَتِكَ وَاَسْتَغْفِرُكَ

میں نے قوت حاصل کرکے اسے تیری نافرمانی میں لگایا اور تجھ سے معافی چاہتا ہوں

لِكُلِّ خَيْرٍ اَرَدْتُّ بِهٖ وَجْهَكَ

اس نیکی کے بارے میں کہ میں نے اس کو خالصتاً تیرے لئے کرنا چاہا

فَخَالَطَنِيْ فِيْهِ مَا لَيْسَ لَكَ ؕ اَللّٰهُمَّ

پھر اس میں ان چیزوں کی آمیزش کرلی جو صرف تیرے لئے نہ تھیں۔ یااللہ!

لَا تُخْزِنِيْ فَاِنَّكَ بِيْ عَالِمٌ وَّلَا

مجھے رسوا نہ کرنا، بیشک تو مجھے خوب جانتا ہے، اور

تُعَذِّبْنِيْ فَاِنَّكَ عَلَيَّ قَادِرٌ ۞

مجھ پر عذاب نہ کرنا، بیشک تو مجھ پر ہر طرح قدرت رکھتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبَّ

یااللہ! ساتوں آسمانوں کے مالک اور عرش

الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ؕ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ

عظیم کے مالک، یااللہ! تو میرے لیے

كُلِّ مُهِمٍّ مِّنْ حَيْثُ شِئْتَ

ہر مہم میں کافی ہو جا جس طرح تو چاہے

وَمِنْ اَيْنَ شِئْتَ حَسْبِيَ اللّٰهُ

اور جس جگہ سے تو چاہے۔ کافی ہے مجھے اللہ

لِدِيْنِيْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِدُنْيَايَ حَسْبِيَ

میرے دین کیلئے، کافی ہے مجھے اللہ میری دُنیا کیلئے، کافی ہے مجھے

اللّٰهُ لِمَآ اَهَمَّنِيْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَنْ

اللہ میری فکروں کیلئے کافی ہے مجھے اللہ اس شخص کے مقابلہ کیلئے جو

بَغٰى عَلَيَّ حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَنْ حَسَدَنِيْ

مجھ پر زیادتی کرے، کافی ہے مجھے اللہ اس شخص کے لئے جو مجھ سے حسد کرتا ہو،

حَسْبِيَ اللّٰهُ لِمَنْ كَادَنِيْ بِسُوْٓءٍ

کافی ہے مجھے اللہ اس شخص کیلئے جو مجھے برائی کے ساتھ دھوکا دیتا ہے،

حَسْبِيَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمَوْتِ حَسْبِيَ

کافی ہے مجھے اللہ موت کے وقت، کافی ہے مجھے

اللّٰهُ عِنْدَ الْمَسْئَلَةِ فِى الْقَبْرِ حَسْبِىَ

اللہ سوالِ قبر کے وقت، کافی ہے مجھے

اللّٰهُ عِنْدَ الْمِيْزَانِ حَسْبِىَ اللّٰهُ عِنْدَ

اللہ میزان (حشر) کے پاس، کافی ہے مجھے اللہ

الصِّرَاطِ حَسْبِىَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط

صراط (محشر) کے پاس، کافی ہے مجھے وہ اللہ کہ کوئی معبود نہیں سوا اس کے۔

عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ

اسی پر میں نے بھروسہ کیا ہے اور وہی عرشِ عظیم کا

الْعَظِيْمِ ❁ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَسْأَلُكَ ثَوَابَ

مالک ہے۔ یااللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں اجر

الشَّاكِرِيْنَ وَنُزُلَ الْمُقَرَّبِيْنَ

شکر گزاروں کا سا اور مہمان داری مقربین کی سی

وَمُرَافَقَةَ النَّبِيّٖنَ وَيَقِيْنَ

اور رفاقت انبیاء (علیہم السلام) کی اور اعتقاد

الصِّدِّيْقِيْنَ وَذِلَّةَ الْمُتَّقِيْنَ وَاِخْبَاتَ

صدیقوں کا سا، اور خاکساری اہل تقویٰ کی سی، اورخشوع

الْمُوْقِنِيْنَ حَتّٰى تَوَفَّانِىْ عَلٰى ذٰلِكَ

اہل یقین کا سا، یہاں تک کہ تو اسی حال پر مجھے اٹھالے۔

يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ❁ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ

اے سب رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحیم۔ یا اللہ! میں

اَسْأَلُكَ بِنِعْمَتِكَ السَّابِقَةِ عَلَىَّ

تجھ سے درخواست کرتا ہوں بہ واسطہ اس انعام کے جو سابق مجھ پر رہا ہے۔

وَبَلَآئِكَ الْحَسَنِ الَّذِىْ ابْتَلَيْتَنِىْ

اور بہ واسطہ اچھے امتحان کے جو تو نے لیا ہے۔

بِهٖ وَفَضْلِكَ الَّذِىْ فَضَّلْتَ عَلَىَّ اَنْ

اور بہ واسطہ اس فضل کے جو تو نے مجھ پر کیا ہے، اس کی کہ

تُدْخِلَنِىَ الْجَنَّةَ بِمَنِّكَ وَفَضْلِكَ

تو مجھے اپنے احسان اور فضل و رحمت سے جنت میں

وَرَحْمَتِكَ ❁ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْأَلُكَ

داخل کر دے۔ یااللہ! میں تجھ سے طلب کرتا ہوں

اِيْمَانًا دَآئِمًا وَّهُدًى قَيِّمًا وَّعِلْمًا

ایمان دائم اور ہدایت محکم، اور علم

نَّافِعًا ❁ اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْ لِّفَاجِرٍ

نفع بخش۔ یا اللہ! کسی بدکار کا مجھ پر احسان نہ

عِنْدِيْ نِعْمَةً اُكَافِيْهِ بِهَا فِي

ہونے دے کہ مجھے دُنیا اور آخرت میں اس کا

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ❁ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ

معاوضہ کرنا پڑے۔ یا اللہ! میرے گناہ

ذَنْبِيْ وَوَسِّعْ لِيْ خُلُقِيْ وَطَيِّبْ

بخش دے اور میرے اخلاق کو وسیع کر دے اور میری آمدنی

لِيْ كَسْبِيْ وَقَنِّعْنِيْ بِمَا رَزَقْتَنِيْ

کو حلال رکھ، اور جو کچھ تو نے مجھے دے رکھا ہے، بس اس پر مجھے قانع کر دے

وَلَا تُذْهِبْ طَلَبِيْٓ اِلٰى شَيْءٍ صَرَّفْتَهٗ

اور اُس چیز کی طرف میری طلب ہی کو نہ لے جا جو تو نے

عَنِّيْ ❁ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْتَجِيْرُكَ مِنْ

مجھ سے ہٹالی ہو۔ یااللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں

جَمِيْعِ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْتَ وَاَحْتَرِسُ

تمام اُن چیزوں سے جو تو نے پیدا کی ہیں، اور اُن سے

بِكَ مِنْهُنَّ وَاجْعَلْ لِّيْ عِنْدَكَ

تیری حفاظت میں آتا ہوں۔ اور میرے لئے اپنے ہاں

وَلِيْجَةً وَّاجْعَلْ لِّيْ عِنْدَكَ زُلْفٰى

دخل پیدا کر دے، اور میرے لئے اپنے ہاں تقرب

وَحُسْنَ مَاٰبٍ وَّاجْعَلْنِيْ مِمَّنْ يَّخَافُ

اور حسن مراجعت پیدا کردے اور مجھے ان لوگوں میں سے کردے جو تیرے سامنے

مَقَامَكَ وَوَعِيْدَكَ وَيَرْجُوْا لِقَآءَكَ

کھڑے ہونے سے اور تیری وعید سے ڈرتے ہیں اور تیرے دیدار کی تمنا رکھتے ہیں۔

وَاجْعَلْنِیْ مِمَّنْ یَّتُوْبُ اِلَیْكَ تَوْبَةً

اور مجھے اُن لوگوں میں سے کر دے جو تیری طرف توجہ خالص

نَّصُوْحًا وَّاَسْأَلُكَ عَمَلًا مُّتَقَبَّلًا

کے ساتھ رجوع کرتے ہیں، اور تجھ سے طلب رکھتا ہوں عمل مقبول کی

وَّعِلْمًا نَّجِیْحًا وَّسَعْیًا مَّشْكُوْرًا

اور علم کارآمد کی اور سعی مشکور کی

وَّتِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ ❁ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ

اور تجارتِ کامیاب کی۔ یا اللہ! میں

اَسْأَلُكَ فِكَاكَ رَقَبَتِیْ مِنَ النَّارِ ط

تجھ سے درخواست کرتا ہوں کہ دوزخ سے میری جان بخشی کردی جائے۔

اَللّٰهُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی غَمَرَاتِ الْمَوْتِ

یااللہ! میری مدد کر موت کی بے ہوشیوں

وَسَكَرَاتِ الْمَوْتِ ❁ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ

اور سختیوں پر۔ یا اللہ! مجھے بخش دے

وَارْحَمْنِیْ وَاَلْحِقْنِیْ بِالرَّفِیْقِ الْاَعْلٰی ۞

اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے اعلیٰ رفیقوں کے ساتھ جاملا۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ اُشْرِكَ

یااللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں اس سے کہ تیرے ساتھ کچھ بھی شریک

بِكَ شَیْئًا وَّاَنَا اَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا

کروں درآں حالیکہ اُسے جان رہا ہوں، اور تجھ سے اس (شرک) کی معافی چاہتا ہوں

لَآ اَعْلَمُ بِهٖ وَاَعُوْذُبِكَ اَنْ یَّدْعُوَ

جسے میں نہ جانتا ہوں۔ اور تیری پناہ میں آتا ہوں اس سے کہ

عَلَیَّ رَحِمٌ قَطَعْتُھَا ط اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ

مجھے کوئی رشتہ دار بد دعا دے جس کی میں نے حق تلفی کی ہو۔ یااللہ! میں

اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَنْ یَّمْشِیْ

تیری پناہ میں آتا ہوں اس حیوان کے شر سے

عَلٰی بَطْنِهٖ وَمِنْ شَرِّ مَنْ یَّمْشِیْ

جو پیٹ کے بل چلتا ہے، اور اس حیوان کے شر سے جو

عَلٰى رِجْلَيْنِ وَمِنْ شَرِّ مَنْ يَّمْشِيْ

دو پیروں سے چلتا ہے اور اس حیوان کے شر سے جو

عَلٰٓى اَرْبَعٍ ؕ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ

چار پیروں سے چلتا ہے۔ یااللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں ایسی

مِنِ امْرَاَةٍ تُشَيِّبُنِيْ قَبْلَ

عورت سے جو مجھے بڑھاپے سے قبل

الْمَشِيْبِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ وَّلَدٍ

ہی بوڑھا کردے۔ اور تیری پناہ میں آتا ہوں ایسی اولاد

يَّكُوْنُ عَلَيَّ وَبَالًا وَّاَعُوْذُ بِكَ

سے جو مجھ پر وبال ہو، اور تیری پناہ میں آتا ہوں

مِنْ مَّالٍ يَّكُوْنُ عَلَيَّ عَذَابًا ؕ

ایسے مال سے جو میرے حق میں عذاب ہو جائے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ

یا اللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں حق

الشَّكِّ فِي الْحَقِّ بَعْدَ الْيَقِيْنِ

بات میں اعتقاد کے بعد شک لانے سے۔

وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

اور تیری پناہ میں آتا ہوں شیطان مردود سے،

وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ يَوْمِ الدِّيْنِ

اور تیری پناہ میں آتا ہوں روزِ جزا کی سختی سے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ مَّوْتِ

یا اللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں موتِ

الْفُجَآءَةِ وَمِنْ لَّدْغِ الْحَيَّةِ وَمِنَ

ناگہانی سے اور سانپ کے کاٹنے سے، اور

السَّبُعِ وَمِنَ الْغَرَقِ وَمِنَ الْحَرَقِ

درندے سے، اور ڈوبنے سے اور جل جانے سے

وَمِنْ اَنْ اَخِرَّ عَلٰى شَيْءٍ وَّمِنَ

اور اس سے کہ کسی چیز پر گرپڑوں اور

اَلْقَتْلِ عِنْدَ فِرَارِ الزَّحْفِ ۞

لشکر کے بھاگنے کے وقت مارے جانے سے۔

# ثُمَّ يَقُوْلُ بَعْدَ الْخَتْمِ

پھر دعا ماثورہ کے بعد یہ کہے

وَتَقَبَّلْ هٰذِهِ الدَّعَوَاتِ فِيْ حَقِّ مُحَمَّدٍ اَشْرَفَ عَلِيٍّ

اور ان دعاؤں کو قبول فرما (مولانا) محمد اشرف علی (تھانوی)

وَعَبْدِ الْوَاسِعِ وَمُحَمَّدٍ مُصْطَفٰى وَشَبِّيْرٍ عَلِيٍّ وَخَلِيْلٍ اَحْمَدَ

عبدالواسع اور محمد مصطفیٰ اور شبیر علی اور خلیل احمد

وَمُحَمَّدٍ اَحْمَدَ وَعَبْدِ الْغَنِيِّ وَاَبْرَارِ الْحَقِّ وَحَكِيْمٍ مُحَمَّدٍ اَخْتَرَ

اور محمد احمد اور عبدالغنی اور ابرارالحق اور (مولانا) حکیم محمد اختر

وَمُحَمَّدٍ كَلِيْمِ اللهِ وَمُحَمَّدٍ مَظْهَرٍ وَعَبْدِ الْمُقِيْمِ وَغُلَامِ سَرْوَرٍ

اور محمد کلیم اللہ اور (مولانا) محمد مظہر اور عبدالمقیم اور غلام سرور

وَجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَصَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلٰى سَيِّدِ

اور جملہ ایمان والوں اور ایمان والیوں کے حق میں اور حق تعالیٰ رحمتِ کاملہ نازل فرمائے

الْكَائِنَاتِ وَاَكْرَمِ الْمَخْلُوْقَاتِ صَلٰوةً تَسْبِقُ الْغَايَاتِ ۞

سرورِ کائنات محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور بہترین مخلوقات پر، ایسی رحمت کہ جس کی کوئی حد و نہایت نہ ہو۔

تَمَّ بِحَمْدِ اللهِ الَّذِيْ بِنِعْمَتِهٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ ط

مکمل ہوا اللہ ہی کی تعریف سے جس نے اپنی نعمتیں نیک بندوں پر مکمل کیں

# منزل

(مترجم)

بندہ محمد طلحہ کاندھلوی
ابنِ حضرت مولانا محمد زکریا صاحب شیخ الحدیثؒ

# فضائل و فوائد منزل

نقش و تعویذات کے مقابلہ میں آیاتِ قرآنیہ اور وہ دُعائیں جو حدیثِ پاک میں وارد ہوئی ہیں یقیناً بہت زیادہ مُفید اور مؤثر ہیں۔ عملیات میں اِنہی چیزوں کا اہتمام کرنا چاہیئے۔

فخرِ رُسُل صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ وَسَلَّم نے دینی یا دُنیاوی کوئی حاجت اور غرض ایسی نہیں چھوڑی جس کے لیئے دُعا کا طریقہ نہ تعلیم فرمایا ہو۔ اِسی طرح بعض مخصوص آیات کا مخصوص مقاصد کے لیے پڑھنا مشائخ کے تجربات سے ثابت ہے۔ یہ آیات کسی قدر کمی بیشی کے ساتھ "القول الجمیل" اَور "بہشتی زیور" میں لکھی ہیں۔ "القول الجمیل" میں حضرت شاہ ولی اللہ محدّث دہلوی قدس سرّہٗ تحریر فرماتے ہیں:

"یہ ۳۳ آیات ہیں جو جادُو کے اثر کو دَفع کرتی ہیں اور شیاطین اور چوروں اور درندے جانوروں سے پناہ ہو جاتی ہے۔"

اَور "بہشتی زیور" میں حضرت تھانوی نَوَّرَ اللہُ مَرْقَدَہٗ تحریر فرماتے ہیں:

اگر کسی پر آسیب کا شُبہ ہو تو آیاتِ ذیل لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں اور پانی پر دم کرکے مریض پر چھڑک دیں اور اگر گھر میں اَثر ہو تو ان آیات کو پانی پر پڑھ کر چاروں گوشوں میں چھڑک دیں۔"

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو سب پر مہربان ہے، بہت مہربان ہے

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَۙ اَلرَّحۡمٰنِ

تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے، جو سب پر مہربان

الرَّحِيۡمِۙ مٰلِكِ يَوۡمِ الدِّيۡنِؕ اِيَّاكَ

ہے بہت مہربان ہے جو روز جزا کا مالک ہے (اے اللہ!) ہم تیری ہی

نَعۡبُدُ وَاِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُؕ اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ

عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد مانگتے ہیں۔ ہمیں سیدھے راستے

الۡمُسۡتَقِيۡمَۙ صِرَاطَ الَّذِيۡنَ اَنۡعَمۡتَ

کی ہدایت عطا فرما ان لوگوں کے راستے کی جن پر

عَلَيۡهِمۡ ۙ غَيۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَيۡهِمۡ

تونے انعام کیا نہ کہ ان لوگوں کے راستے کی جن پر غضب نازل ہوا ہے

وَلَا الضَّآلِّيۡنَ

اور نہ ان کے راستے کی جو بھٹکے ہوئے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو سب پر مہربان ہے، بہت مہربان ہے

الٓمّٓ ۚ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛۚ

الٓمّ یہ کتاب ایسی ہے کہ اس میں کوئی شک نہیں

فِيْهِ ۛۚ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۙ الَّذِيْنَ

یہ ہدایت ہے ان کے ڈر رکھنے والوں کے لئے، جو بے دیکھی

يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ

چیزوں پر ایمان لاتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں

وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ

اور جو کچھ ہم نے انہیں دیا اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔ اور جو اس

يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ

(وحی) پر بھی ایمان لاتے ہیں جو آپ پر اتاری گئی اور اس پر بھی

اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ

جو آپ سے پہلے اتاری گئی اور آخرت پر وہ

يُوْقِنُوْنَ ؕ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ

مکمل یقین رکھتے ہیں۔ یہ ہیں وہ لوگ جو اپنے پروردگار کی طرف سے

رَّبِّهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

صحیح راستے پر ہیں اور یہی وہ لوگ ہیں جو فلاح پانے والے ہیں۔

۞ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ

اور تمہارا خدا ایک ہی خدا ہے، اس کے سوا کوئی

اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝

خدا نہیں جو سب پر مہربان، بہت مہربان ہے۔

۞ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ

اللہ وہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں جو سدا زندہ ہے جو پوری کائنات سنبھالے ہوئے ہے

لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِي

جس کو نہ کبھی اونگھ لگتی ہے، نہ نیند۔ آسمانوں میں

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ مَنْ

جو کچھ ہے (وہ بھی) اور زمین میں جو کچھ ہے (وہ بھی) سب اسی کا ہے۔

ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ

کون ہے جو اس کے حضور اس کی اجازت کے بغیر کسی کی سفارش کر سکے؟

يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ

وہ سارے بندوں کے تمام آگے پیچھے کے حالات کو خوب جانتا ہے

وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا

اور وہ لوگ اس کے علم کی کوئی بات اپنے علم کے دائرے میں نہیں لا سکتے، سوائے اس بات کے

بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ

جسے وہ خود چاہے، اس کی کرسی نے سارے آسمانوں اور زمین کو گھیرا

وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ

ہوا ہے، اور ان دونوں کی نگہبانی سے اسے ذرا بھی بوجھ نہیں ہوتا

وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝ لَآ اِكْرَاهَ فِي

اور وہ بڑا عالی مقام، صاحب عظمت ہے۔ دین کے معاملے میں

الدِّيْنِ ۙۗ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ

کوئی زبردستی نہیں ہے، ہدایت کا راستہ گمراہی سے

الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْ

ممتاز ہوکر واضح ہوچکا، اس کے بعد جو شخص طاغوت کا انکار کر کے

بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۚ

اللہ پر ایمان لے آئے گا، اس نے ایک مضبوط کنڈا تھام لیا

لَا انْفِصَامَ لَهَا ۗ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝

جس کے ٹوٹنے کا کوئی امکان نہیں، اور اللہ خوب سننے والا، سب کچھ جاننے والا ہے۔

اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ

اللہ ایمان والوں کا رکھوالا ہے، وہ انہیں

مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۗ وَالَّذِيْنَ

اندھیریوں سے نکال کر روشنی میں لاتا ہے

كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَهُمْ

اور جن لوگوں نے کفر اپنا لیا ہے، ان کے رکھوالے وہ شیطان ہیں

مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ۗ اُولٰٓئِكَ

جو انہیں روشنی سے نکال کر اندھیریوں میں لے جاتے ہیں،

اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

وہ سب آگ کے باسی ہیں، وہ ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ

جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے سب اللہ ہی کا ہے

وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ

اور جو باتیں تمہارے دلوں میں ہیں، خواہ تم ان کو ظاہر کرو یا چھپاؤ

يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ۭ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ

اللہ تم سے ان کا حساب لے گا پھر جس کو چاہے گا معاف کردے گا

وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ

اور جس کو چاہے گا سزا دے گا اور اللہ ہر

شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ

چیز پر قدرت رکھتا ہے۔ یہ رسول (یعنی حضرت محمد ﷺ) اس چیز پر ایمان لائے ہیں جو

اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۭ كُلٌّ

ان کی طرف ان کے رب کی طرف سے نازل کی گئی ہے اور (ان کے ساتھ) تمام مسلمان بھی

اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۚ

یہ سب اللہ پر، اس کے فرشتوں پر اس کی کتابوں پر اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے ہیں

لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۚ

(وہ کہتے ہیں کہ) ہم اس کے رسولوں کے درمیان کوئی تفریق نہیں کرتے

وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا

اور وہ یہ کہتے ہیں: ہم نے سن لیا ہے، اور ہم خوشی سے تعمیل کرتے ہیں۔ اے ہمارے رب! ہم آپ کی مغفرت کے طلبگار ہیں

وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ

اور آپ ہی کی طرف ہمیں لوٹ کر جانا ہے۔ اللہ کسی بھی شخص کو

نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۭ لَهَا مَا كَسَبَتْ

اس کی وسعت سے زیادہ ذمہ داری نہیں سونپتا، اس کو فائدہ بھی اسی کام سے ہوگا جو وہ اپنے ارادے سے کرے

وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ۭ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ

اور نقصان بھی اسی کام سے ہوگا جو اپنے ارادے سے کرے۔ اے ہمارے پروردگار!

اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ

اگر ہم سے کوئی بھول چوک ہو جائے تو ہماری گرفت نہ فرمایئے۔ اور اے ہمارے پروردگار! ہم پر

عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ

اس طرح کا بوجھ نہ ڈالیے جیسا آپ نے ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا تھا۔

مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا

اور اے ہمارے پروردگار! ہم پر ایسا بوجھ نہ ڈالیے

طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۗ وقفہ

جسے اٹھانے کی ہم میں طاقت نہ ہو، اور ہماری خطاؤں سے درگزر فرمایئے

وَاغْفِرْ لَنَا ۗ وقفہ وَارْحَمْنَا ۗ وقفہ اَنْتَ مَوْلٰىنَا

ہمیں بخش دیجیے اور ہم پر رحم فرمایئے۔ آپ ہی ہمارے حامی وناصر ہیں

فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ ع

اس لیے کافر لوگوں کے مقابلے میں ہمیں نصرت عطا فرمایئے۔

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ

اللہ نے خود اس بات کی گواہی دی ہے، اور فرشتوں اور اہل علم نے بھی کہ اس کے سوا کوئی

وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ ؕ

معبود نہیں جس نے انصاف کے ساتھ (کائنات) کا انتظام سنبھالا ہوا ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ؕ

اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں جس کا اقتدار بھی کامل ہے حکمت بھی کامل۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ

کہو کہ : اے اللہ! اے اقتدار کے مالک! تو جس کو چاہتا ہے

مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ

اقتدار بخشتا ہے، اور جس سے چاہتا ہے اقتدار چھین لیتا ہے، اور جس کو چاہتا ہے

تَشَآءُ ؗ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ

عزت بخشتا ہے اور جس کو چاہتا ہے رسوا کر دیتا ہے،

مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ

تمام تر بھلائی تیرے ہی ہاتھ میں ہے۔

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ تُوْلِجُ

یقینا تو ہر چیز پر قادر ہے۔ تو ہی رات کو

الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي

دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں

الَّيْلِ ۡ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ

داخل کرتا ہے۔ اور توہی بے جان چیز میں سے جاندار کو برآمد کرلیتا ہے

وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۡ وَتَرْزُقُ

اور جاندار میں سے بے جان چیز نکال لاتا ہے،اور جس کو چاہتا

مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

ہے بے حساب رزق عطا فرماتا ہے۔

۞ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

یقینا تمہارا پروردگار وہ اللہ ہے جس نے سارے آسمان

وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى

اور زمین چھ دن میں بنائے۔ پھر اس نے عرش پر

عَلَى الْعَرْشِ ۣ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ

استواء فرمایا۔ وہ دن کو رات کی چادر اڑھا دیتا ہے

يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا ۙ وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ

جو تیز رفتاری سے چلتی ہوئی اس کو آدبوچتی ہے۔ اور اس نے سورج اور چاند

وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ

تارے پیدا کیے ہیں جو سب اس کے حکم کے آگے رام ہیں۔ یادرکھو

الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ؕ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ

کہ پیدا کرنا اور حکم دینا سب اسی کا کام ہے۔ بڑی برکت والا ہے اللہ

الْعٰلَمِیْنَ ۝ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا

جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔ تم اپنے پروردگار کو عاجزی کے ساتھ

وَّخُفْیَةً ؕ اِنَّهٗ لَا یُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ ۚ

چپکے چپکے پکارا کرو۔ یقینا وہ حد سے گزرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

وَلَا تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا

اور زمین میں اس کی اصلاح کے بعد فساد برپا نہ کرو

وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ؕ اِنَّ رَحْمَتَ

اور اس کی عبادت اس طرح کرو کہ دل میں خوف بھی ہو اور امید بھی۔

اللّٰهِ قَرِیْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِیْنَ ۝

یقینا اللہ کی رحمت نیک لوگوں سے قریب ہے۔

❁ قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ
کہہ دو کہ: چاہے تم اللہ کو پکارو، یا رحمٰن کو پکارو
اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى
جس نام سے بھی (اللہ کو) پکاروگے (ایک ہی بات ہے) کیونکہ تمام بہترین نام اسی کے ہیں۔
وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ
اور تم اپنی نماز نہ بہت اونچی آواز سے پڑھو، اور نہ بہت پست
بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ۝
آواز سے، بلکہ ان دونوں کے درمیان (معتدل) راستہ اختیار کرو۔
وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ
اور کہو کہ: تمام تعریفیں اللہ کی ہیں جس نے نہ کوئی
وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي
بیٹا بنایا، نہ اس کی سلطنت میں کوئی شریک ہے،
الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ
اور نہ اسے عاجزی سے بچانے کے لیے کوئی حمایتی درکار ہے۔

الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ۝ ع

اور اس کی ایسی بڑائی بیان کرو جیسی بڑائی بیان کرنے کا اسے حق حاصل ہے۔

۞ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا

بھلا کیا تم یہ سمجھے بیٹھے تھے کہ ہم نے تمہیں یونہی بے مقصد پیدا کر دیا

وَّ اَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۝ فَتَعٰلَى

اور تمہیں واپس ہمارے پاس نہیں لایا جائے گا؟ غرض بہت اونچی

اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ

شان ہے اللہ کی جو صحیح معنی میں بادشاہ ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں

رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۝ وَمَنْ يَّدْعُ

وہ عزت والے عرش کا مالک ہے۔ اور جو شخص اللہ

مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ

کے ساتھ کسی اور خدا کو پکارے، جس پر اس کے پاس کسی قسم کی کوئی دلیل نہیں

بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ اِنَّهٗ

تو اس کا حساب اس کے پروردگار کے پاس ہے۔

لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۝ وَقُلْ رَّبِّ

یقین جانو کہ کافر لوگ فلاح نہیں پاسکتے۔ اور تم (اے پیغمبر) یہ کہو کہ: میرے پروردگار!

اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

ہماری خطائیں بخش دے، اور رحم فرمادے، تو سارے رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو سب پر مہربان ہے، بہت مہربان ہے

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۝ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۝

قسم ان کی جو پرے باندھ کر صف بناتے ہیں، پھر ان کی جو روک ٹوک کرتے ہیں

فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ۝ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ۝

پھر ان کی جو ذکر کی تلاوت کرتے ہیں۔ تمہارا معبود ایک ہی ہے۔

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا

جو تمام آسمانوں اور زمین کا اور ان کے درمیان کی ہر چیز کا مالک ہے،

وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ۝ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا

اور ان تمام مقامات کا مالک جہاں سے ستارے طلوع ہوتے ہیں۔ بیشک ہم نے نزدیک والے آسمان کو

بِزِيْنَةِ ِۨالْكَوَاكِبِ ۙ وَحِفْظًا مِّنْ

ستاروں کی شکل میں ایک سجاوٹ عطا کی ہے۔ اور ہر شریر شیطان سے

كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۚ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى

حفاظت کا ذریعہ بنایا ہے۔ وہ اوپر کے جہان کی باتیں

الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ

نہیں سن سکتے، اور ہر طرف سے ان پر مار

جَانِبٍ ۖ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ

پڑتی ہے۔ انہیں دھکے دیے جاتے ہیں اور ان کو (آخرت میں) دائمی

وَّاصِبٌ ۙ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ

عذاب ہو گا۔ البتہ جو کوئی کچھ اچک لے جائے

فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝ فَاسْتَفْتِهِمْ

تو ایک روشن شعلہ اس کا پیچھا کرتا ہے۔اب ذراان (کافروں) سے پوچھو

اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ؕ

کہ ان کی تخلیق زیادہ مشکل ہے یا ہماری پیدا کی ہوئی دوسری مخلوقات کی؟

اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ۝

ان کو تو ہم نے لیس دار گارے سے پیدا کیا ہے۔

۞ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ

اے انسانوں اور جنات کے گروہ! اگر

اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ

تم میں یہ بل بوتا ہے کہ آسمانوں اور زمین کی حدود سے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ لَا

پار نکل سکو، تو پار نکل جاؤ، تم زبردست طاقت

تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

کے بغیر پار نہیں ہو سکو گے۔ اب بتاؤ کہ تم دونوں اپنے

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ

پروردگار کی کون کونسی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ تم پر آگ کا شعلہ

مِّنْ نَّارٍ ۙ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ۝

اور تانبے کے رنگ کا دھواں چھوڑا جائے گا، پھر تم اپنا بچاؤ نہیں کر سکو گے۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ فَاِذَا

اب بتاؤ کہ تم دونوں اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟ غرض

انْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً

(وہ وقت آئے گا) جب آسمان پھٹ پڑے گا اور لال چمڑے کی طرح سرخ

كَالدِّهَانِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

گلاب بن جائے گا۔ اب بتاؤ کہ تم دونوں اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتوں

تُكَذِّبٰنِ ۝ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْـَٔلُ عَنْ

کو جھٹلاؤ گے؟ پھر اس دن نہ کسی انسان سے اس کے

ذَنْۢبِهٖٓ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ۝ فَبِاَيِّ

گناہ کے بارے میں پوچھا جائے گا اور نہ کسی جن سے

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝

اب بتاؤ تم دونوں اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے؟

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ

اگر ہم نے یہ قرآن کسی پہاڑ پر اتارا ہوتا

لَرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ

تو تم اسے دیکھتے کہ وہ اللہ کے رعب سے جھکا جا رہا ہے، اور

خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ

پھٹا پڑتا ہے۔ اور ہم یہ مثالیں

نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝

لوگوں کے سامنے اس لیے بیان کرتے ہیں تاکہ وہ غور وفکر سے کام لیں۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ

وہ اللہ وہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ چھپی اور کھلی ہر بات

الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ

کو جاننے والا ہے۔ وہی ہے جو سب پر مہربان ہے

الرَّحِيْمُ ۝ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ

بہت مہربان ہے۔ وہ اللہ وہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں

اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ

ہے، جو بادشاہ ہے، تقدس کا مالک ہے، سلامتی دینے والا ہے،

الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ

امن بخشنے والا ہے، سب کا نگہبان ہے، بڑے اقتدار والا ہے، ہر خرابی کی اصلاح کرنے والا ہے،

الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا

بڑائی کا مالک ہے۔ پاک ہے اللہ اس شرک سے

يُشْرِكُوْنَ ۝ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ

جو یہ لوگ کرتے ہیں۔ وہ اللہ وہی ہے جو پیدا کرنے والا ہے، وجود میں لانے والا ہے

الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ

صورت بنانے والا ہے، اسی کے سب سے اچھے نام ہیں۔

يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ

آسمانوں اور زمین میں جتنی چیزیں ہیں وہ اس کی تسبیح کرتی ہیں

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ ع

اور وہی ہے جو اقتدار کا بھی مالک ہے، حکمت کا بھی مالک۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو سب پر مہربان ہے، بہت مہربان ہے

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ

(اے پیغمبر) کہہ دو: میرے پاس وحی آئی ہے کہ جنات کی ایک جماعت نے

الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۙ

(قرآن) غور سے سنا، اور (اپنی قوم سے جاکر) کہا کہ: ہم نے ایک عجیب قرآن سنا ہے۔

يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ۭ وَلَنْ

جو راہِ راست کی طرف رہنمائی کرتا ہے، اس لیے ہم اس پر ایمان لے آئے ہیں، اور اب اپنے

نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۙ وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى

پروردگار کے ساتھ کسی کو (عبادت میں) ہرگز شریک نہیں مانیں گے۔ اور یہ کہ: ہمارے پروردگار

جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا

کی بہت اونچی شان ہے، اس نے نہ کوئی بیوی رکھی ہے، اور نہ

وَلَدًا ۙ وَّاَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا

کوئی بیٹا۔ اور یہ کہ: ہم میں سے بیوقوف لوگ

عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ۙ

اللہ کے بارے میں ایسی باتیں کہتے تھے جو حقیقت سے بہت دور ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو سب پر مہربان ہے، بہت مہربان ہے

قُلۡ يٰۤاَيُّهَا الۡكٰفِرُوۡنَ ۙ لَاۤ اَعۡبُدُ مَا

تم کہہ دو کہ: اے حق کا انکار کرنے والو! میں ان چیزوں کی عبادت نہیں کرتا

تَعۡبُدُوۡنَ ۙ وَلَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَاۤ

جن کی تم عبادت کرتے ہو۔ اور تم اس کی عبادت نہیں کرتے

اَعۡبُدُ ۚ وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدۡتُّمۡ ۙ

جس کی میں عبادت کرتا ہوں۔ اور نہ میں (آئندہ) اس کی عبادت کرنے والا ہوں جس کی عبادت تم کرتے ہو۔

وَلَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَاۤ اَعۡبُدُ ؕ لَكُمۡ

اور نہ تم اس کی عبادت کرنے والے ہو جس کی میں عبادت کرتا ہوں۔ تمہارے لیے

دِيۡنُكُمۡ وَلِىَ دِيۡنِ ۚ

تمہارا دین ہے اور میرے لیے میرا دین۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو سب پر مہربان ہے، بہت مہربان ہے

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ

کہہ دو کہ اللہ ایک ہے۔ اللہ ہی ایسا ہے کہ سب اس کے محتاج ہیں، وہ کسی کا محتاج نہیں۔

لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ

نہ اس کی کوئی اولاد ہے، اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے۔ اور اس کے

لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۧ

جوڑ کا کوئی نہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو سب پر مہربان ہے، بہت مہربان ہے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ

کہو کہ: میں صبح کے مالک کی پناہ مانگتا ہوں۔ ہر اس چیز کے شر سے

مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا

جو اس نے پیدا کی ہے اور اندھیری رات کے شر سے جب وہ

وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِى

پھیل جائے۔ اور ان جانوں کے شر سے جو (گنڈے کی) گرہوں میں

الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝ؑ

پھونک مارتی ہیں۔ اور حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع اللہ کے نام سے جو سب پر مہربان ہے، بہت مہربان ہے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ

کہو کہ: میں پناہ مانگتا ہوں سب لوگوں کے پروردگار کی۔ سب لوگوں کے بادشاہ کی۔

اِلٰهِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ ۥ

سب لوگوں کے معبود کی۔ اس وسوسہ ڈالنے والے کے شر سے

الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ

جو پیچھے کو چھپ جاتا ہے۔ جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ

النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝ؑ

ڈالتا ہے۔ چاہے وہ جنات میں سے ہو، یا انسانوں میں سے۔

## دیگر سات آیات منجیات

# ہر آیت مع بِسْمِ اللّٰهِ پڑھنی چاہیئے

۱ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو سب پرمہربان ہے، بہت مہربان ہے

قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ

کہہ دو کہ: اللہ نے ہمارے مقدر میں جو تکلیف لکھ دی ہے ہمیں اس کے سوا کوئی

لَنَا ۚ هُوَ مَوْلٰىنَا ۚ وَعَلَى اللّٰهِ

اور تکلیف ہرگز نہیں پہنچ سکتی۔ وہ ہمارا رکھوالا ہے، اور اللہ ہی پر

فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝

مومنوں کو بھروسہ رکھنا چاہیے۔

۲ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو سب پرمہربان ہے، بہت مہربان ہے

وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا

اور اگر تمہیں اللہ کوئی تکلیف پہنچا دے تو اس کے سوا کوئی نہیں ہے

كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ۚ وَاِنْ يُّرِدْكَ

جو اسے دور کردے، اور اگر وہ تمہیں کوئی بھلائی

بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ۭ يُصِيْبُ

پہنچانے کا ارادہ کرلے تو کوئی نہیں ہے جو اس کے فضل کا رخ پھیر دے۔ وہ اپنا فضل

بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۭ وَهُوَ

اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے پہنچا دیتا ہے، اور وہ

الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝

بہت بخشنے والا بڑا مہربان ہے۔

۳ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو سب پر مہربان ہے، بہت مہربان ہے

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا

اور زمین پر چلنے والا کوئی جاندار ایسا نہیں ہے جس کا رزق

عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا

اللہ نے اپنے ذمے نہ لے رکھا ہو وہ اس کے مستقل ٹھکانے کو بھی جانتا ہے

وَمُسْتَوْدَعَهَا ۭ كُلٌّ فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝

اور عارضی ٹھکانے کو بھی ۔ ہر بات ایک واضح کتاب میں درج ہے۔

۴ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع اللہ کے نام سے جو سب پر مہربان ہے، بہت مہربان ہے

اِنِّيْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكُمْ

میں نے تو اللہ پر بھروسہ کر رکھا ہے جو میرا بھی پروردگار ہے اور تمہارا بھی پروردگار۔

مَا مِنْ دَاۗبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهَا ۭ

زمین پر چلنے والا کوئی جاندار ایسا نہیں جس کی چوٹی اس کے قبضے میں نہ ہو،

اِنَّ رَبِّيْ عَلٰي صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝

یقینا میرا پروردگار سیدھے راستے پر ہے۔

۵ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع اللہ کے نام سے جو سب پر مہربان ہے، بہت مہربان ہے

وَكَاَيِّنْ مِّنْ دَاۗبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ

اور کتنے جانور ہیں جو اپنا رزق اٹھائے

رِزْقَهَا ۖ اَللّٰهُ يَرْزُقُهَا وَاِيَّاكُمْ ۖ

نہیں پھرتے۔ اللہ انہیں بھی رزق دیتا ہے، اور تمہیں بھی

وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

اور وہی ہے جو ہر بات سنتا، ہر چیز جانتا ہے۔

۶ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو سب پر مہربان ہے، بہت مہربان ہے

مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ

جس رحمت کو اللہ لوگوں کے لیے کھول دے،

فَلَا مُمْسِكَ لَهَا ۚ وَمَا يُمْسِكْ ۙ

کوئی نہیں ہے جو اسے روک سکے اور جسے وہ روک لے

فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ ۗ وَهُوَ

تو کوئی نہیں ہے جو اس کے بعد اسے چھڑا سکے۔ اور وہی ہے

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

جو اقتدار کا بھی مالک ہے، حکمت کا بھی مالک۔

٧ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو سب پر مہربان ہے، بہت مہربان ہے

وَلَئِنۡ سَاَلۡتَهُمۡ مَّنۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

اور اگر تم ان سے پوچھو کہ آسمانوں

وَالۡاَرۡضَ لَيَقُوۡلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلۡ

اور زمین کو کس نے پیدا کیا ہے؟ تو وہ ضرور یہی کہیں گے کہ اللہ نے (ان سے) کہو کہ

اَفَرَءَيۡتُمۡ مَّا تَدۡعُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ

ذرا مجھے یہ بتاؤ کہ تم اللہ کو چھوڑ کر جن (بتوں) کو پکارتے ہو،

اِنۡ اَرَادَنِىَ اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلۡ هُنَّ

اگر اللہ مجھے کوئی نقصان پہنچانے کا ارادہ کرلے تو کیا یہ اس کے

كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖۤ اَوۡ اَرَادَنِىۡ بِرَحۡمَةٍ

پہنچائے ہوئے نقصان کو دور کرسکتے ہیں؟ یا اگر اللہ مجھ پر مہربانی فرمانا چاہے

هَلۡ هُنَّ مُمۡسِكٰتُ رَحۡمَتِهٖ ؕ قُلۡ

تو کیا یہ اس کی رحمت کو روک سکتے ہیں؟" کہو کہ

حَسْبِیَ اللّٰہُ عَلَیْہِ یَتَوَکَّلُ الْمُتَوَکِّلُوْنَ

میرے لیے اللہ ہی کافی ہے۔ بھروسہ رکھنے والے اسی پر بھروسہ رکھتے ہیں۔

# تمّت بالخیر

# آیاتِ شفاء

ہر قسم کے مرض سے شفاء کیلئے مریض پر پڑھ کر دم کیا جائے

اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلایا جائے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو سب پر مہربان ہے، بہت مہربان ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ

تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے، جو سب پر مہربان ہے

الرَّحِیْمِ ۙ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ؕ اِیَّاكَ

بہت مہربان ہے۔ جو روز جزا کا مالک ہے۔ (اے اللہ) ہم تیری ہی

نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ

عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد مانگتے ہیں

الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ

ہمیں سیدھے راستے کی ہدایت عطا فرما۔ ان لوگوں کے راستے کی جن پر تو نے انعام کیا

عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ

نہ کہ ان لوگوں کے راستے کی جن پر غضب نازل ہوا ہے

وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ ع

اور نہ ان کے راستے کی جو بھٹکے ہوئے ہیں۔

✿ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۝ سورۂ یونس (۱۰/۵۷)

اور دلوں کی بیماریوں کے لیے شفا ہے۔

✿ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ط سورۃ النحل (۱۶/۶۹)

جس میں لوگوں کے لیے شفا ہے۔

✿ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ

جو مومنوں کے لیے شفا اور رحمت

لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ سُورۃ الاسرآء (۱۷/۸۲)

کا سامان ہے۔

✿ وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۙ۝ سورہ الشعراء (۲۶/۸۰)

اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہی مجھے شفا دیتا ہے۔

✿ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى

کہہ دو کہ جو لوگ ایمان لائیں، ان کے لیے یہ ہدایت

وَّشِفَآءٌ ؕ سورۃ حٰم السجدۃ (۴۱/۴۴)

اور شفا کا سامان ہے۔

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۙ۝ وَوَضَعْنَا

(اے پیغمبر) کیا ہم نے تمہاری خاطر تمہارا سینہ کھول نہیں دیا؟ اور ہم نے تم سے

عَنْكَ وِزْرَكَ ۙ۝ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۙ۝

تمہارا وہ بوجھ اتار دیا ہے۔ جس نے تمہاری کمر توڑ رکھی تھی۔

وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۗ۝ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ

اور ہم نے تمہارے تذکرے کو بلند کر دیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ مشکلات کے ساتھ

يُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ فَاِذَا

آسانی بھی ہوتی ہے۔یقینا مشکلات کے ساتھ آسانی بھی ہوتی ہے۔لہذا جب

فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝

تم فارغ ہوجاؤ تو (عبادت میں) اپنے آپ کو تھکاؤ۔اور اپنے پروردگار ہی سے دل لگاؤ۔

## روزی میں برکت کے لئے خاص عمل

ایک صحابی نے عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ دنیا نے مجھ سے پیٹھ پھیر لی ہے، آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تجھے وہ تسبیح یاد نہیں، جو تسبیح فرشتوں اور مخلوق کی ہے، جس کی برکت سے روزی دی جاتی ہے، جب صبح صادق طلوع ہو تو یہ تسبیح 100 مرتبہ پڑھا کرو،

سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ اَسْتَغْفِرُ اللهَ

دنیا تمھارے پاس ذلیل ہو کر آئیگی، وہ شخص چلا گیا، کچھ مدت ٹھہر کر دوبارہ حاضر خدمت ہوا اور کہنے لگا کہ یارسول اللہ ﷺ دنیا میرے پاس اس کثرت سے آئی کہ میں حیران ہوں کہ کہاں اٹھاؤں اور کہاں رکھوں۔ (بحوالہ الخصائص الکبری للسیوطی، ج2، ص299)

# حِزبُ البَحر

مترجم

حضرت امام العرب و العجم حاجی حافظ شاہ امداد اللہ صاحب
چشتی قادری نقشبندی سہروردی نور اللہ تعالےٰ مرقدہٗ

باجازت

حکیم الامت حضرت علامۂ زماں قطبِ دوراں مولانا شاہ حاجی
حافظ قاری مولوی اشرف علی تھانوی صاحب قدس سرہٗ

فائدۂ جدیدہ: اِس کا ترجمہ اور تصحیح بھی جناب مولانا محمد مصطفٰے صاحب بجنوری رحمۃ اللہ علیہ
نے کی ہے ۱۲

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

بعد حمد و صلوٰۃ کے مُسلمانوں کی خِدمت میں گذارش ہے کہ دُعائے حزبُ البحر جو حضرت قطبُ الاقطاب، غوث الاغواث سیّدنا و مولانا شاہ ابُوالحسن شاذلی قدس سرّہٗ پر الہام ہُوئی تھی، مشائخ کبار نے برائے تحصیلِ برکات اس کے پڑھنے اور طالب علموں کو اس کے پڑھنے کی اجازت دینے کا مشغلہ رکھا لیکن یہ دُعا ہر خاندانِ مشائخ میں مختلف طریقوں سے پڑھی جاتی ہے۔ لہٰذا اُن حضرات کی سہولت کی نیّت سے جو حضرت حاجی صَاحب قدس سرّہٗ کے طریق پر پڑھنا چاہتے ہیں نیز اِس نیّت سے کہ یہ طریقہ سُنّت کے بالکل موافق ہے، اِس دُعا کو مع چند فوائدِ ضروریہ ترتیب دیا گیا ہے۔ حق تعالیٰ قبول فرمائیں اور طالبوں کے مقاصد اس دُعا کی برکت سے بر لائیں۔ اٰمین

## (تنبیہ)

یہ دُعا بیشک مُتبرّک ہے لیکن احادیث اور قرآن مجید میں جو دُعائیں وارد ہُوئی ہیں اُن کا رتبہ اور اثر اس سے کہیں اعلیٰ ہے۔ خوب یاد رکھو! لوگ اس میں بڑی غلطی کرتے ہیں۔

# طریقِ زکوٰۃِ حزبُ البحر

ماہ صفر کی ۶، ۷، ۸ تاریخ روزے رکھے اور بطریق سُنّت تینوں روز معتکف رہے اور تین۳ بار اس طرح کہ بعد مغرب ایک بار، بعد عشاء ایک بار، بعد نماز چاشت ایک بار، روزانہ تین دن تک یعنی مذکورہ تاریخوں میں پڑھے اور اس سے فارغ ہونے کے بعد (یعنی ۸ صفر کے بعد جو رات ہو اُس کی مغرب کے بعد) چند مساکین کو اپنے ہمراہ کھانا کھلائے۔ پھر روزانہ ایک بار پڑھا کرے۔ اِس کے لئے بعد مغرب کا وقت بہتر ہے آئندہ اختیار ہے جو وقت چاہے مقرر کرے لیکن روزمرہ ایک ہی وقت پڑھے ہاں کسی روز خاص وقت کوئی عُذر ہو جاوے تو کسی دوسرے وقت پڑھ لے۔ زکوٰۃ کے طور پر اس دعا کا پڑھنا ۸ صفر کی چاشت کے بعد ختم ہو جاوے گا۔ اور ۵ صفر کے بعد جو شب آئے گی جب سے شرعاً ۶ صفر شروع ہوگی۔ اس شب کی مغرب کے بعد زکوٰۃ کی نیت سے حزب البحر پڑھنا شروع ہوگا۔ اعتکاف کے مسائل بہشتی گوہر و بہشتی زیور میں موجود ہیں اگر عورت پڑھنا چاہے وہ بھی اعتکاف کرے۔

---

عہ یہاں زکوٰۃ سے مُراد کسی وظیفہ کا کسی خاص طریقہ سے پڑھنا ہے اس طرح سے اُس وظیفہ میں اثر زیادہ ہو جاتا ہے۔

اُس قاعدے سے جو بہشتی زیور میں مذکور ہے اور اس طریق میں نہ ترکِ حیوانات ہے نہ کسی اور طرح کا خطرہ ہے۔ سُنّت کے موافق سہل عُمدہ طریقہ ہے۔ حضرت قبلہ حاجی صاحب رحمۃُ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ بڑا مطلوب رضائے الٰہی ہے اسے طلب کرے اور جہاں جہاں مقہوری اعداء کا تصوّر ہے شیطان کا خیال کرے اور یہ بھی فرماتے تھے کہ اِس دُعا کے پڑھنے سے روزی سے اطمینان میسّر ہوتا ہے (گو اس نیّت سے بھی نہ پڑھے) اور جمعیت حاصل ہوتی ہے نقلہ عنہ مُرشدی سلمہ اللہ القوی حضرت مرشدی نے فرمایا کہ ایّام زکوٰۃ میں مطلوب فقط رضائے الٰہی رکھے اس کے بعد جو روزمرہ پڑھے اس میں جو خاص مطلوب ہو مثلاً وسعتِ رزق وغیرہ اس کا خیال رکھے۔ بندہ کہتا ہے کہ دُعا میں متعدد مطالب بھی مستحسن ہیں اِس لئے رضائے الٰہی کو ہر مطلب کیساتھ شامل رکھے اور اس طریق میں اعتصام اور اختتام بھی نہیں پڑھا جاتا ہے اور وہ مؤلف حزبُ البحر سے منقول نہیں ہے اور کسی نے شامل کردیا ہے واضح ہو کہ حسنِ دُنیا کے حاصل کرنے کی مذمت وارد ہوئی ہے اس قدر حصولِ دُنیا اور کسی خلافِ شرع کام کیلئے اس دُعا کو نہ پڑھے اس لیے کہ خلافِ شرع کاموں کا طلب کرنا گُناہ ہے۔ مجھ کو حضرت پیر و مُرشد سے جو طریقہ اِس دُعا کے پڑھنے کا حاصل ہوا ہے وہ بہت توضیح سے تحریر کردیا گیا اب دُعائے حزبُ البحر شروع ہوتی ہے۔ اُسکے شروع سے پہلے اعوذ نہ پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا رحم والا مہربان ہے۔

يَا عَلِيُّ يَا عَظِيْمُ يَا حَلِيْمُ يَا عَلِيْمُ

اَے برتر اَے بُزرگ اَے بُردبار اَے دانا

اَنْتَ رَبِّيْ وَعِلْمُكَ حَسْبِيْ فَنِعْمَ

تو ہی میرا پروردگار ہے اور تیرا ہی علم مجھ کو کافی ہے پس اچھا

الرَّبُّ رَبِّيْ وَنِعْمَ الْحَسْبُ حَسْبِيْ

پروردگار میرا پروردگار ہے اور اچھا کافی میرا کافی ہے

تَنْصُرُ مَنْ تَشَآءُ وَاَنْتَ الْعَزِيْزُ

غالب کرتا ہے تو جس کو چاہے اور تُو ہی غالب اور

الرَّحِيْمُ نَسْئَلُكَ الْعِصْمَةَ فِي

رحم والا ہے سوال کرتے ہیں، تجھ سے حفاظت کا

الْحَرَكَاتِ وَالسَّكَنَاتِ وَالْكَلِمَاتِ

حرکات اور سکنات اور بول چال اور الفاظ

وَالْاِرَادَاتِ وَالْخَطَرَاتِ مِنَ

اور ارادوں اور خیالات میں جو از جنسِ

الظُّنُوْنِ وَالشُّكُوْكِ وَالْاَوْهَامِ

گمان اور شک اور وہموں سے ہوں

السَّاتِرَةِ لِلْقُلُوْبِ عَنْ مُّطَالَعَةِ

جو دلوں پر حجاب بن جانے والے ہیں پوشیدہ باتوں پر

الْغُيُوْبِ فَقَدِ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُوْنَ

اطلاع پانے سے کہ مؤمنین بیشک امتحان میں پڑ گئے ہیں

وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا (اِس جگہ

اور ہلائے گئے ہیں سخت ہلایا جانا

یعنی شَدِیْدًا پڑھنے میں داہنی انگشتِ شہادت سے آسمان کی

طرف اشارہ کرے) وَاِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ

اور جبکہ کہتے تھے منافق

وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ مَّا

اور وہ لوگ جن کے دِلوں میں روگ ہے کہ

وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اِلَّا غُرُوْرًا ۝

ہم کو اللہ اور اُس کے رسُول نے نہیں وعدہ کیا تھا مگر دھوکے کا

فَثَبِّتْنَا وَانْصُرْنَا (اِس جگہ یعنی اُنْصُرْنَا پڑھنے

پس ہم کو ثابت قدم رکھ اور غلبہ دے۔

میں مطلب کا دِل میں خیال کرے) وَسَخِّرْلَنَا هٰذَا

اور ہمارے کارآمد کر دے

الْبَحْرَ كَمَا سَخَّرْتَ الْبَحْرَ لِمُوْسٰى

اُس دریا کو جیسا کہ کارآمد کر دیا تھا دریا کو مُوسیٰ

عَلَيْهِ السَّلَامُ وَسَخَّرْتَ النَّارَ

علیہ السّلام کے لِئے اور کارآمد کر دیا تھا آگ کو

لِاِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَسَخَّرْتَ

ابراہیم علیہ السّلام کے لئے اور تابع کر دیا تھا

الْجِبَالَ وَالْحَدِيْدَ لِدَاوٗدَ عَلَيْهِ

پہاڑوں اور لوہے کو داؤد علیہ السّلام

السَّلَامُ وَسَخَّرْتَ الرِّيْحَ وَالشَّيٰطِيْنَ

کے لیے اور حکم کر دیا تھا ہوا اور شیاطین

وَالْجِنَّ لِسُلَيْمَانَ عَلَيْهِ السَّلَامُ

اور جنّوں کو سُلیمان علیہ السّلام کے لیے

وَسَخِّرْ لَنَا كُلَّ بَحْرٍ هُوَ لَكَ فِي

اور ہمارے کارآمد کر دے اپنے اس دریا کو جو

الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ وَالْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ

زمین میں اور آسمان میں اور ملک اور جہان میں ہو

وَبَحْرَ الدُّنْيَا وَبَحْرَ الْاٰخِرَةِ وَسَخِّرْ

اور دُنیا کے دریا کو اور آخرت کے دریا کو اور ہمارے کارآمد

لَنَا كُلَّ شَيْءٍ يَا مَنْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ

کر دے ہر چیز کو اے وہ ذات کہ اُسی کے قبضہ میں

كُلِّ شَيْءٍ كٓهٰيٰعٓصٓ كٓهٰيٰعٓصٓ

ہے ملکیت ہر چیز کی کہیعص کہیعص

كٓهٰيٰعٓصٓ

کہیعص

اِس کلمہ کو تین۳ بار لکھا گیا اِس لیے کہ تین بار پڑھا جاتا ہے' اس کے اوّل۱ دفعہ پڑھنے میں ہر حرف کے ساتھ انگلیاں داہنے ہاتھ کی بند کرے اِس طرح کہ اوّل حرف کے ساتھ چھنگلیا پھر دوسرے حرف کے ساتھ چھنگلیا کے قریب کی انگشت' تیسرے حرف کے ساتھ بیچ کی اُنگلی' چوتھے کے ساتھ اُنگلی شہادت کی پانچویں کے ساتھ انگوٹھا بند کرے اور اس طرح بند رکھے۔ پھر دوسرے۲ كٓهٰيٰعٓصٓ کے ساتھ اسی ترتیب سے کھول دے۔ پھر تیسرے۳ كٓهٰيٰعٓصٓ کے ساتھ بند کرے۔ اُنْصُرْنَا (یہاں پر یعنی اُنْصُرْنَا پڑھنے میں پہلی اُنگلی یعنی چھنگلیا کھول دے) فَاِنَّكَ

کیونکہ تو

خَیْرُ النَّاصِرِیْنَ وَافْتَحْ لَنَا (یہاں اِسی
سب سے بہتر مدد کرنیوالا ہے اور ہم کو فتح دے
طرح دوسری اُنگلی کھول دے) فَاِنَّكَ خَیْرُ
کیونکہ تو سب سے بہتر
الْفَاتِحِیْنَ وَاغْفِرْ لَنَا (یہاں تیسری اُنگلی
فتح دینے والا ہے اور بخش دے ہم کو
کھول دے) فَاِنَّكَ خَیْرُ الْغَافِرِیْنَ
کیونکہ تو سب سے بہتر بخشنے والا ہے
وَارْحَمْنَا (یہاں پر چوتھی اُنگلی کھول دے) فَاِنَّكَ
اور رحم کر ہم پر کیونکہ تو سب
خَیْرُ الرَّاحِمِیْنَ وَارْزُقْنَا (یہاں پانچویں
سے بہتر رحم کرنے والا ہے اور ہم کو روزی دے

اُنگلی کھولے اور ترتیب کھولنے کی وہی ہے جو بند کرنے

کی ہے) فَاِنَّكَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ

کیونکہ تو سب سے بہتر روزی دینے والا ہے

وَاحْفَظْنَا فَاِنَّكَ خَيْرُ الْحٰفِظِيْنَ

اور ہماری حفاظت کر کیونکہ تو سب سے بہتر حفاظت کرنے والا ہے

وَاهْدِنَا وَنَجِّنَا مِنَ الْقَوْمِ

اور ہم کو ہدایت کر اور ہم کو ظالموں کی

الظّٰلِمِيْنَ وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ

قوم سے بچا اور عنایت کر ہم کو اَپنے پاس سے

رِيْحًا طَيِّبَةً كَمَا هِيَ فِيْ عِلْمِكَ

ایک اچھی ہوا جیسی کہ وہ تیرے علم میں ہے

وَانْشُرْهَا عَلَيْنَا مِنْ خَزَآئِنِ

اور چلا اُس کو ہم پر اَپنی رحمت کے خزانوں

رَحْمَتِكَ وَاحْمِلْنَا بِهَا حَمْلَ

میں سے اور لے چل ہم کو اس کے ذریعہ سے لے چلنا

الْكَرَامَةِ وَمَعَ السَّلَامَةِ وَالْعَافِيَةِ

عزت کا اور دین و دُنیا اور آخرت کے

فِي الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ

امن چین کے ساتھ کیونکہ

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ

تو ہر چیز پر قادر ہے اے اللہ

يَسِّرْ لَنَآ اُمُوْرَنَا (یہاں پر یعنی اُمُوْرَنَا پڑھنے

آسان کر ہمارے لئے ہمارے تمام کام

میں مطلب کا دِل میں خیال رکھے) مَعَ الرَّاحَةِ

دلوں اور بدنوں کے

لِقُلُوْبِنَا وَاَبْدَانِنَا وَالسَّلَامَةِ

چین کے ساتھ اور سلامتی

وَالْعَافِيَةِ فِيْ دِيْنِنَا وَدُنْيَانَا وَكُنْ

اور امن کے ساتھ ہمارے دین اور دُنیا میں اور رہ

صَاحِبَنَا فِی سَفَرِنَا وَخَلِیْفَۃً فِیْ

ہمارا ساتھی سفر میں اور ہمارے پیچھے

اَھْلِنَا وَاطْمِسْ عَلٰی وُجُوْہِ (اس جگہ یعنی

محافظ ہمارے گھر بار میں اور بگاڑ دے منہ

وُجُوْہِ پڑھنے میں بہ تصوّرِ اعداء داہنے ہاتھ کی مُٹھی بند کرکے

نیچے کو اشارہ کرے اور کھولدے) اَعْدَآئِنَا وَامْسَخْھُمْ

ہمارے دشمنوں کے اور

عَلٰی مَکَانَتِھِمْ فَلَا یَسْتَطِیْعُوْنَ

ان کو مسخ کردے اُن کی جگہ پر کہ نہ طاقت رکھیں وہ

الْمُضِیَّ وَلَا الْمَجِیْٓءَ اِلَیْنَا وَلَوْنَشَآءُ

ہم پر گذر کی اور نہ ہماری طرف آنے کی (جیسا کہ تُو نے فرمایا ہے)

لَطَمَسْنَا عَلٰٓی اَعْیُنِھِمْ فَاسْتَبَقُوا

کہ اگر چاہیں ہم تو ان کی آنکھوں کو پٹ کردیں کہ وہ راستہ کی

الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ۝ وَلَوْ نَشَآءُ

طرف دوڑتے پھریں پھر کہاں دیکھ سکتے ہیں اور اگر چاہیں

لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا

تو مسخ کر دیں ان کو ان کی جگہ پر پھر نہ طاقت رکھیں وہ

اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ۝

وہاں سے چلے جانے کی اور نہ لوٹ سکیں

يٰسٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۙ اِنَّكَ

یٰسٓ قسم ہے قرآن حکیم کی بے شک

لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۙ عَلٰى صِرَاطٍ

آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) پیغمبروں میں سے ہیں سیدھے راستہ پر

مُّسْتَقِيْمٍ ۝ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۙ

(یہ قرآن) اتارا ہوا ہے (خدا تے) غالب اور رحیم کا

لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ

تاکہ ڈرائیں آپ اُس قوم کو کہ ان کی پہلی نسلیں نہیں ڈرائی گئیں اس وجہ

غٰفِلُوْنَ ۝ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى

وہ غافل ہیں سچی ہوچکی ہے (خدائے تعالیٰ کی) بات

اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝

اُن میں بہتوں پر پھر بھی یہ ایمان نہیں لاتے

اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا

ہم نے ڈال دیے ہیں ان کی گردنوں میں طوق

فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝

کہ وہ ٹھوڑیوں تک ہیں پس اُن کے سر اُبل گئے ہیں

وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا

اور قائم کر دی ہے ہم نے سامنے اُن کے ایک دیوار

وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ

اور پیچھے اُن کے ایک دیوار کہ اس سے ان کو آڑ میں کر دیا

فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝ شَاهَتِ الْوُجُوْهُ

پس وہ دیکھ نہیں سکتے بگڑ جائیں منہ

ے قراءۃ امام شاذلی قدس سرہٗ بالضم ہے۔ وقد قرأہ حمزۃ وکسائی وحفص بفتح السین وغیرھم بالضم۔ ۱۲ منہ

# شَاهَتِ الْوُجُوْهُ شَاهَتِ الْوُجُوْهُ

بگڑ جائیں مُنہ بگڑ جائیں مُنہ

یہ کلمہ تین۳ بار لکھا گیا ہر بار میں یہاں دل میں اپنے دشمنوں کا خیال رکھے کہ تباہ ہو جائیں اور اُلٹا ہاتھ زمین پر مارے ہر بار میں

## وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ

اور جھک جائیں گے مُنہ (خدا کے) حَیّ قیّوم کے سامنے

## وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا

اور خسارہ میں پڑا وہ جس نے گُناہ کا بار اُٹھایا

## طٰسٓ طٰسٓمٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ

طٰسٓ طٰسٓمٓ حٰمٓعٓسٓقٓ

## مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ

ملایا دو دریاؤں کو کہ ایک ساتھ بہتے ہیں اور

## بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ

بیچ میں ان کے ایک پردہ ہے کہ اپنی حد سے تجاوز نہیں کر سکتے

حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ

حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ

یہ کلمہ سات بار پڑھا جاتا ہے اس لیے سات جگہ لکھا گیا۔ پہلی بار پڑھ کر داہنی طرف پھونک مارے اور دوسری بار پڑھ کر بائیں طرف اور تیسری بار پڑھ کر سامنے اور چوتھی بار پڑھ کر پیچھے اور پانچویں بار پڑھ کر اوپر اور چھٹی بار پڑھ کر نیچے اور ساتویں بار پڑھ کر دونوں ہاتھ پر اندر کی طرف دم کر کے تمام بدن پر ملے۔

حٰمٓ اُلْاَمْرُ وَجَآءَ النَّصْرُ فَعَلَيْنَا

گرم ہوا کام اور آ گئی مدد پس وہ ہم پر

لَا يُنْصَرُوْنَ ۝ حٰمٓ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ

فتح نہیں پا سکتے حٰمٓ اس کتاب کا اُتارنا

مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۝ غَافِرِ

اللہ کی طرف سے ہے جو غالب ہے اور دانا ہے

الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ

گناہ کا بخشنے والا اور توبہ کا قبول کرنیوالا سخت عذاب والا

ذِي الطَّوْلِ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط اِلَيْهِ

بڑے اختیار والا کوئی معبود اُسکے سوا نہیں اُسی کی

الْمَصِيْرُ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ بَابُنَا تَبَارَكَ

طرف لوٹنا ہے بِسم اللہ ہمارا دروازہ ہے تبارک الذی

حِيْطَانُنَا يٰسٓ سَقْفُنَا كٓهٰيٰعٓصٓ

ہماری چہار دیواری ہے یٰسٓ ہماری چھت ہے کٓھٰیٰعٓصٓ

(یہاں داہنے ہاتھ کی اُنگلیاں بند کرے چھنگلیا سے شروع کرے انگوٹھے پر ختم کرے۔ اوّل[۱] حرف پڑھنے میں چھنگلیا بند کرے۔ دوسرے[۲] پر اُس کے پاس والی تیسرے[۳] پر درمیانی چوتھے پر انگشتِ شہادت، پانچویں پر انگوٹھا ہر حرف کے

پڑھنے کے ساتھ ہی اُنگلی بند کرے) كِفَايَتُنَا

ہم کو کافی ہے

حٰمٓ عٓسٓقٓ (یہاں اُنگلیاں کھولے ہر حرف کے ساتھ

حٰمٓ عٓسٓقٓ

اُسی ترتیب سے کہ جس طرح بند کی تھیں) حِمَایَتُنَا

ہماری پناہ ہے

فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ

پس اللہ تجھ کو اُن کے مقابلے میں کافی ہو جاوے گا اور وہ

الْعَلِيمُ ؕ سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُولٌ

سُنتا جانتا ہے عرش کا پردہ ہمارے اوپر چھوٹا

عَلَيْنَا وَعَيْنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ اِلَيْنَا

ہوا ہے اور حق تعالیٰ کی نظر ہماری طرف متوجہ ہے

بِحَوْلِ اللّٰهِ لَا يَقْدِرُ عَلَيْنَا ؕ

خُدائے تعالیٰ کی مدد سے کوئی ہم پر قابو نہ پاسکے گا

سِتْرُ الْعَرْشِ[۱] مَسْبُولٌ عَلَيْنَا

